روحانی مشورے
ترمیم شدہ ایڈیشن
مصنف:
خالد اسحٰق راٹھور

روحانی مشورے

مصنف خالد اسحٰق راٹھور

تالیف خالد اسحٰق راٹھور

پبلشر راٹھور پبلشر

رابطہ مکان نمبر۲، گلی نمبر۱۱، نزد جامعہ نعیمیہ، محمد نگر، گڑھی شاہو، لاہور، پاکستان

فون 6374864 (042)

سن اشاعت ایڈیشن اول 1996

ایڈیشن دوم 2001

ایڈیشن سوم 2003

ISBN 969-535-037-2

قیمت

وقت ملاقات صبح 00-11 تا شام 00-05 صرف

جملہ حقوق محفوظ ہیں

خوش جیوے سرفراز شاہ وچ مانچسٹر

راٹھور پبلشرز، مکان نمبر۲، گلی نمبر۱۱، محمد نگر نزد جامعہ نعیمیہ، گڑھی شاہو لاہور

فہرست

باب سوم

خوش جیوے سرفراز شاہ وچ مانچسٹر

پیش لفظ

علوم مخفی سے میرا تعلق انسانی عمر کے حوالے سے کافی پرانا ہے۔ 1975 میں تعلیم کی سلسلے میں مجھے تربیلہ ڈیم سے آبائی شہر لاہور منتقل ہونا پڑا۔ کالج ہوسٹل میں قیام کے دوران ہپناٹزم سے متعارف ہوا۔ یہ تعارف علوم مخفی سے تعلق کا باعث بنا جو آئندہ دنوں میں میری روح اور جسم کا حصہ بن گیا۔

اس سفر کے دوران جو کچھ بیتی اس کے بیان کے لیے ایک علیحدہ کتاب کی ضرورت ہوگی۔

مختصراً 85-1984 میں مختلف رسائل میں باقاعدہ طور پر لکھنا شروع کیا۔ 1991ء میں علوم مخفی کی ترویج واشاعت کے لیے ''خالد انسٹی ٹیوٹ آف اکلٹ سائنسز'' کی بنیاد رکھی اور اس کے لیے نجوم، پامسٹری، اعداد، جفر، ساعات اور عملیات پر باقاعدہ اسباق تحریر کیے۔

1994 میں کمپیوٹر کے ذریعے زائچہ سازی وغیرہ کا پروگرام پاکستان میں سب سے پہلے بنایا۔ اور اب تک کمپیوٹر کے کئی مختلف پروگرام تیار کئے جا چکے ہیں۔

مارچ 1998 میں ماہنامہ ''راہنمائے عملیات'' کا اجراء کیا۔ اس سال کے آخر میں ''خالد روحانی جنتری'' کا اجراء کیا۔

1993 میں پہلی کتاب شائع ہوئی اور اب تک نجوم، پامسٹری، اعداد، جفر، ساعات، عملیات، حروف اور دیگر موضوعات پر کئی ایک کتب شائع ہو چکی ہیں اور کئی ایک زیر اشاعت ہیں۔

علوم مخفی پر کتب تحریر کرنے کے ساتھ علوم مخفی پر قدیم عربی کتب کو بھی بعد از ترجمہ شائع کیا ہے۔ ہنوز یہ سلسلہ جاری ہے۔ اس سلسلے میں قدیم عملیاتی کتب کے ساتھ ساتھ عربی نجوم کی کتب کی

اشاعت بھی کی جا رہی ہے۔

زیر نظر کتاب اِن روحانی معاملات پر مشتمل ہے جن کی کسی بھی فرد کو ضرورت پڑ سکتی ہے۔

امید ہے کہ ایک عام قاری بھی ان روحانی مشوروں سے بلا کسی مشکل کے فیض یاب ہو سکے گا۔ کیونکہ ان میں کوئی روحانی مشورہ بھی ایسا نہیں جو پیچیدہ نوعیت کا ہو۔ بلکہ یہ روحانی مشورے اِسماء الٰہی اور قرآنی سورتوں کی عظیم اور نا قابل تردید روحانی وعملیاتی قوتوں کے آئینہ دار ہیں۔ جن کو ہر شخص بلا امتیاز اِستعمال میں لا سکتا ہے۔

میرا دعویٰ ہے کہ انسانی مسائل کا کوئی پہلو ایسا نہیں جس کا روحانی حل اس کتاب میں شامل نہ ہو۔ معمولی توجہ سے آپ اپنے مسائل کا روحانی حل اس کتاب میں سے تلاش کر سکتے ہیں۔ امید ہے کہ اِسماء الٰہی کے وسیلے سے اور کلام الٰہی کی تاثیر کے حیرت انگیز کرشمات سے آپ مکمل یقین، اعتماد اور نیک نیتی کے ساتھ فائدہ اٹھائیں گے۔

دعا گو

خالد اسحاق راٹھور

ایم اے ہسٹری

ایڈیٹر: راہنمائے عملیات (ماہنامہ)

ایڈیٹر: خالد روحانی جنتری

پرنسپل: خالد انسٹی ٹیوٹ آف اکلٹ سائنسز

آسٹرو کمپیوٹر پروگرامر

مورخہ ۷۔ فروری ۱۹۹۶ء بوقت سات بجکر چوالیس منٹ بمقام لاہور، پاکستان

ترمیم واضافہ

روحانی مشورے کا یہ دوسرا ایڈیشن ہے۔ پہلے اور دوسرے ایڈیشن کے درمیانی عرصے میں قارئین کی طرف سے جو تجاویز سامنے آئیں ان میں سے زیادہ کا تعلق نقوش کے مختلف پہلوؤں سے تھا۔ سو اس ایڈیشن میں تمام تر نقوش کو بمعہ ان کی چال کے تحریر کر دیا گیا ہے۔

اس اضافے کے ساتھ ساتھ ہر اس عمل کے ساتھ جہاں نقش کی ضرورت قاری کو پڑ سکتی تھی مگر کتاب میں نہیں تھا۔ وہ نقش بھی تحریر کر دیا گیا ہے تاکہ ہر قاری اس کتاب سے فائدہ اٹھا سکے۔ ذات الٰہی سے امید کامل ہے کہ یہ کتاب قارئین کی مزید روحانی مدد اور راہنمائی کا باعث ہوگی۔

باوجود ضروری اصلاح اور ترمیم کے مجھے آپ کے مشوروں اور آراء کا انتظار رہے گا۔

دعا گو

خالد اسحاق راٹھور

ایم اے ہسٹری

ایڈیٹر، راہنمائے عملیات (ماہنامہ)

ایڈیٹر، خالد روحانی جنتری

پرنسپل: خالد انسٹی ٹیوٹ آف اکلٹ سائنسز

آسٹرو کمپیوٹر پروگرامر

مورخہ ۲۵۔ جولائی ۲۰۰۰ء بوقت ۴۲۔۱۲ دوپہر بمقام لاہور

تیسرا ایڈیشن

اللہ تعالیٰ کے فضل سے کتاب ھذا کا دوسرا ایڈیشن ہاتھوں ہاتھ نکل گیا اور اب تیسرا ایڈیشن آپ کے سامنے ہے۔ روحانی مشورے میری اُن کتابوں میں سے جس کا ابتدائی مسودہ تحریر کرتے ہوئے ایک انتہائی جذباتی کیفیت سے گزر رہا تھا۔ عملیات کی مشکل کتب اور ایسے عملیات جو غیر شرعی مواد بکثرت لیے ہوئے کے مقابلے میں ایک ایسی سادہ اور مجرب عملیات کی حامل کتاب جو غیر شرعی مواد سے بھی پاک ہو کا پیش کرنا میرے لیے خاص اہمیت کا حامل تھا۔ آج اس کے تیسرے ایڈیشن کے لیے یہ الفاظ تحریر کرتے ہوئے مجھے یہ احساس شدت سے ہو رہا ہے کہ یہ سب کچھ اللہ کی مہربانی کے علاوہ کچھ نہیں۔ اللہ کا جس قدر بھی شکر ادا کروں کم ہوگا۔

"روحانی مشورے" کے اس ایڈیشن میں جہاں کئی ایک نئے عنوانات کا اضافہ کیا گیا ہے۔ وہاں یہ کوشش بھی کی گئی ہے کہ سابقہ ایڈیشن میں جن امور کی کمی قارئین نے محسوس کی ان کو بھی دور کر دیا جائے۔ سو اس حوالے سے کتاب میں متفرق مقامات میں کئی ایک ضروری ترامیم اور اضافہ جات کیے ہیں تاکہ عام قاری بھی ان عملیات کو باآسانی کر سکے۔

قارئین سے گزارش ہے کہ اپنی آراء کا اظہار بلاتکلف کریں۔ تاکہ آئندہ ایڈیشن میں کتاب کو مزید بہتر بنانے کا کام جاری رکھا جا سکے۔

دعا گو

خالد اسحاق راٹھور

مورخہ ۲۱ ستمبر ۲۰۰۳ء بوقت ۱۵-۱۲ رات بمقام لاہور۔

راٹھور پبلشر کے تحت شائع ہونے والی کتب

کتاب	قیمت
راہنمائے عملیات (ماہنامہ) ہر ماہ شائع ہوتا ہے۔	25روپے
خالد روحانی جنتری ہر سال شائع ہوتی ہے۔	80روپے
روحانی مشورے (ترمیم شدہ)	50روپے
علم الحروف	100روپے
راہنمائے عملیات (ترمیم شدہ)	80روپے
نبی ﷺ کے وظائف	
قاموس جفر	
جفر جامع	
راہنمائے عمل شناسی	40روپے
اسباق دست شناسی	60 روپے
مکمل پامسٹری	
راہنمائے دست شناسی	(زیر طبع)
آسٹرو پامسٹری	
ساعات حقیقی	90 روپے
خزینہ اعداد (ترمیم شدہ)	50 روپے
علم اعداد حقیقی	
خالد نجوم	
راہنمائے علم نجوم (حصہ اول)	80روپے
راہنمائے علم نجوم (حصہ دوم)	(زیر طبع)
ملکی نجوم	
مفتاح الرموز واسرار الکونین	80روپے
ازدواجی نجوم	
طبی نجوم	(زیر طبع)
۱۰ سالہ جنتری ۲۰۰۰ تا ۲۰۱۰	115روپے
عملیات قرآن	(زیر طبع)

کتاب	قیمت
پاکستان کا مستقبل	
طب از رسول ﷺ	
آسان عملیات	(زیر طبع)
قرآن اور طب	
السحر الاحمر	50روپے
خالد جامع العلوم عملی	
تاش کے ۵۲ کارڈ	
[illegible]	
طلسمی جواہرات	(زیر طبع)
سراج [illegible]	(زیر طبع)
خوابوں کی تعبیر	
طلسمات زہرہ (عملیات تسخیر)	60روپے
پامسٹری، جنس اور ہماری نفسیات	(زیر طبع)
[illegible] الکلام	50 روپے
خالد فالنامے	
بائیوروم	
ہندی نجوم ([illegible] ۲۰ سالہ ہندی جنتری)	110روپے
بانڈز، ریس اور لاٹری کے نمبر (ترمیم شدہ)	100روپے
السحر العجیب فی جلب الحبیب	90روپے
اقوال المرضیہ فی معرفتہ الاعمال الرمیہ	40روپے
سحر بارنوخ	50روپے
کتب ابن عربی (اول)	(زیر طبع)
مجربات خالد	55روپے
تسخیر موکلات وحاضرات	60روپے
اصول وقواعد عملیات	(زیر طبع)
الاسماء الحسنی	(زیر طبع)
پاراشرا سسٹم آف اسٹرالوجی	(زیر طبع)

خالد اسحاق راٹھور، 2/11، محمد نگر، نزد جامعہ نعیمیہ، گڑھی شاہو، لاہور

خالد روحانی جنتری ہر سال شائع ہوتی ہے

قیمت 80 روپے

راہنمائے عملیات ہر ماہ شائع ہوتا ہے

قیمت صرف 25 روپے

باب اول

روحانی مشورے

اس کتاب کو تحریر کرنے کا بنیادی مقصد ان روحانی و عملیاتی اعمال کا آپ تک پہنچانا ہے جو میرے تجربہ شدہ ہیں اور جن کو میں عموماً سائلوں کو ان کے مختلف مسائل کے حل کے لیے بتاتا ہوں۔ مجھے اللہ تعالیٰ سے قوی امید ہے کہ میری یہ محنت عوام الناس کی روحانی راہنمائی اور مدد کا باعث ہوگی۔ اس کتاب کی مدد سے ہر فرد اپنے مسائل کا روحانی و عملیاتی حل بہ آسانی کر سکتا ہے۔ کتاب میں دیئے گئے عملیات سادہ اور عام فہم زبان میں تحریر کئے گئے ہیں اور کہیں بھی قاری کو عملیاتی قواعد کی تکنیکی اُلجھنوں کا شکار کرنے کی کوشش نہ کی گئی ہے۔ آپ جب اگلے صفحات میں دیئے گئے عملیات کو استعمال میں لانے لگیں تو پہلے ذیل کی سطور کو سکون اور تسلی سے سمجھ لیں اور ہمیشہ ان کے مطابق عمل کریں۔ انشاء اللہ آپ کلام الٰہی کی تاثیر کے وہ اثرات دیکھیں گے جن کا آپ کو خیال بھی نہ ہوگا۔

یہ کتاب تحریر کرتے ہوئے میری کوشش رہی ہے کہ ایسے اعمال تحریر کروں جو جامع اور آزمودہ ہوں اور ہر فرد ان کو آسانی سے کر سکے۔ یہی وجہ ہے کہ یہ کتاب معمولی عقل و فہم والے فرد سے لے کر عاقل و کامل فرد کی راہنمائی کا باعث ہوگی۔ (مختلف عملیاتی اصول و قواعد کو سمجھنے کے لیے مصنف کی تحریر کردہ دوسری کتب کا مطالعہ کریں خاص طور پر "راہنمائے عملیات"، "علم الحروف" اور "اُصول و قواعد عملیات" وغیرہ)۔

عمل کس طرح کریں

۱- کوئی بھی عمل کریں وہ اس وقت تک کامیاب نہیں ہو سکتا جب تک آپ کو اس عمل کا اعتبار نہ ہو اس لیے پہلے توجہ سے عمل کا تعین کریں اور پھر مکمل یقین کے ساتھ عمل شروع کریں۔

۲- کلام الٰہی اور اسماء الٰہی کی روحانی قوتوں اور تاثیر کے بارے میں شک آپ کے ذہن میں نہیں ہونا چاہیے۔ شکی اور متزلزل مزاج فرد کبھی کامیاب نہیں ہو سکتے۔

۳- ناامیدی آپ کے ذہن میں نہیں ہونی چاہیے ذات الٰہی سے بلا سوچے سمجھے شکوے شکایت ناشکری اور بے صبری کا رویہ رحمت الٰہی کا باعث نہیں بن سکتا۔ ایسی باتیں غضب الٰہی کو دعوت دینے والی ہوتی ہیں۔ ان سے بچنا چاہیے۔ یہ کہنا کہ اللہ ہماری سنتا نہیں یا ہماری دعا قبول نہیں کرتا غلط ہے۔

۴- عمل میں کسی وجہ سے کامیابی نہ ہو تو اس کو وقفے کے بعد دوبارہ سہ بارہ کرنا چاہیے۔ اللہ کے ہاں دیر تو ہو سکتی ہے اندھیر نہیں۔ یوں بھی ممکن ہے جو بات آپ اپنے لیے بہتر خیال کرتے ہوں حکمت الٰہی میں وہ فرد کے لیے بہتر نہ ہو۔

۵- بعض عنوانات کے تحت ایک سے زائد عملیات تحریر کیے گئے ہیں ایسی صورت میں پہلے سب اعمال کو پڑھ لیں اور جو عمل سب سے زیادہ حسب حال محسوس ہو اس کو اختیار کر لیں یا اگر کوئی عمل مشکل محسوس ہو تو دوسرا نسبتاً آسان عمل کر لیں۔ ایسا عمل زیادہ اچھے اثرات کا حامل ہوتا ہے۔ جو طبیعت پر بوجھ نہ بنے بلکہ فرد اس کو ذہنی سکون اور خوش دلی کے ساتھ ادا کرے۔

۶- جو بھی عمل کرنا چاہیں۔ اس کو شروع کرنے سے پہلے اور ختم کرنے کے بعد تین یا سات یا گیارہ دفعہ درود شریف ضرور پڑھیں۔ قبولیت دعا کے واسطے یہ از حد ضروری ہے۔ رسول کریم ﷺ کی ذات اللہ کے ہاں مقبول ترین ہے اس کا ذکر رحمت الٰہی کو جوش میں لانے کا سبب ہوتا ہے۔

۷- کتاب میں نقوش کو عموماً شکل نمبر ا کے مطابق دیا گیا ہے تاہم جب آپ ان کو کسی مقصد کے

لیے تحریر کریں تو اس کے بیرونی اضلاع بسم اللہ سے مکمل کریں اور باہر والا حصہ بالکل اس طرح تحریر کریں جیسا کہ نقش نمبر 1 الف میں دکھایا گیا ہے۔

شکل نمبر ا

٧٨٦

یا اللہ جبرائیل — یا اللہ عزرائیل

اللہ الصمد ھمکا ئنل اللہ الصمد

یا کریم یا جابر یا حکیم یا لطیف یا فتاح

٦٥٠	٦٣٦	٦٣٩	٦٥٣
٦٣٠	٦٥٢	٦٥١	٦٣٥
٦٥٥	٦٣١	٦٣٤	٦٣٨
٦٣٣	٦٤٩	٦٥٤	٦٣٢

۸- سعد کام کے لیے نقش تحریر کرتے ہوئے زعفران وگلاب کا بخور جلالیں تو حد درجہ مثبت نتائج کا ظہور ہوگا۔ بندش اور رکاوٹ کے کاموں کیلئے نقش تحریر کرتے ہوئے رال وغیرہ جلالیں۔ کتاب میں درج عملیات کے لیے کسی زکوۃ یا اجازت کی ضرورت نہیں۔ کتاب (روحانی مشورے) خریدنے والے ہر فرد کے لیے عام اجازت ہے۔ آپ اپنے مسائل کے حل کے لیے جب چاہئیں جس عمل یا نقش کو چاہیں اِستعمال میں لاسکتے ہیں۔ اِنشاء اللہ خوش آئند نتائج حاصل ہوں گے۔ تاہم جب کسی دوسرے فرد کے لیے نقش یا عمل کریں گے تو لازم زکوۃ دینا ہوگی۔

۹- یوں تو ہر عمل کی وضاحت اس کے ساتھ ساتھ کر دی گئی ہے تاہم کوئی بات سمجھ نہ آئے تو جوابی خط لکھ کر پوچھ سکتے ہیں۔ اگر عمل خود تیار نہ کر سکیں تو بھی رابطہ کر سکتے ہیں۔

۱۰- کسی بھی جسمانی یا نفسیاتی مرض کے روحانی حل کے ساتھ اُس کا طبی علاج از حد ضروری ہے وہ لوگ جو صرف ڈاکٹر کے علاج یا صرف روحانی علاج کو کافی خیال کرتے ہیں اپنی اپنی جگہ غلطی پر

ہیں۔ آپ ذرا غور کریں اور دیکھیں رسول کریم ﷺ کی ذات نے جو دنیا کی سب سے بڑی روحانی ہستی تھی اور سب سے بڑے حکیم بھی لاتعداد امراض کے بارے میں طبی علاج تجویز کیا ہے۔ جس کے بارے میں آپ کو مزید تفصیل میری کتاب "طب از رسول ﷺ" سے باآسانی مل سکتی ہے۔ اسی طرح مختلف مسائل کا روحانی حل بھی آپ کی ذات سے منسوب ہے۔ سو ہمیں روحانی وطبی ہر دو کو بیک وقت اختیار کرنا چاہئے تاکہ سنت نبوی ﷺ پر مکمل و درست طریقے سے عمل کر سکیں۔

۱۱۔ ہر عمل یا چلے کی مدت کم از کم چالیس دن ہے اس سے کم دن نہ کریں۔ البتہ وہ عمل جن کے ساتھ اس سے زیادہ یا کم مدت متعین کر دی گئی ہے اس تعداد کی پابندی کریں۔

۱۲۔ سعد اعمال ممکن ہو تو نئے چاند سے شروع کریں جبکہ نحس اعمال تاریک چاند سے شروع کریں۔

۱۳۔ سعد اعمال کرنے کے لیے آپ "خالد روحانی جنتری" یا "راہنمائے عملیات" (خالد روحانی جنتری ہر سال شائع ہوتی ہے جبکہ راہنمائے عملیات ہر ماہ شائع ہوتا ہے) سے شرف قمر یا اوج قمر کے وقت کا انتخاب کر سکتے ہیں جبکہ نحس اعمال کے لیے ہبوط قمر یا حضیض قمر کے اوقات کا انتخاب کر سکتے ہیں۔

۱۴۔ کسی بھی عمل کی ابتداء یا نقش وغیرہ تحریر کرتے ہوئے اللہ کے نام کا صدقہ ادا کریں۔ یہ جنس کی شکل میں بھی ہو سکتا ہے اور جان دار کی بھی۔ عمومی طور پر حسب استطاعت کالی مرغی یا کالی بکری بطور صدقہ دیں۔

۱۵۔ جس فرد کے لیے نقش لکھیں نقش کے نیچے اس کا نام بمعہ نام والدہ تحریر کریں۔ اگر ایک سے زائد کے لیے لکھیں تو تمام کے نام تحریر کریں۔

۱۶۔ کتاب میں جہاں بھی نقش تحریر کرنے کا ذکر آیا ہے عمومی طور پر ان کو تحریر و استعمال کرنے کا طریقہ یہ ہے کہ جو نقوش کسی کام کی بندش یا کسی کام سے روکنے اور اختلاف پیدا کرنے یا امراض میں مبتلا کرنے یا پریشان کرنے والے ہیں ان کو کالی سیاہی سے تحریر کر کے کسی وزنی شے مثلاً پتھر بھاری صندوق والماری وغیرہ کے نیچے دبا دیں۔ جبکہ پیار و محبت کے لیے استعمال ہونے والے نقوش زعفران

اور عرق گلاب کو ملا کر تحریر کریں اور کسی گرم جگہ مثل چولہے' تندور اور آگ کے نزدیک دفن کریں۔ تاہم آگ کی شدت زیادہ نہیں ہونی چاہیے۔ اس قسم کے نقوش کو تحریر کر کے گلے میں بھی ڈال سکتے ہیں اور کھانے کی کسی شے میں ملا کر بھی دے سکتے ہیں۔

۱۷- دیگر سعد مقاصد کے لیے نقوش آب زم زم اور زعفران کو ملا کر تحریر کریں اور گلے میں ڈال لیں یا پی لیں۔ درد وغیرہ یا کسی زخم پر لگانے کے لیے تیل یا دوائی پر متعلقہ وظیفہ پڑھ کر پھونک دیں اور وہ تیل یا دوائی اِستعمال میں لائیں۔

ہر مسئلے کا حل

کیا کوئی ایسا عمل بھی ہے، جس سے ہر مسئلے کا حل ممکن ہو؟

جی ہاں! اِسم ذات ''اللہ'' کا ذکر ایک ایسا عمل ہے جس سے دنیا کے ہر مسئلے کا حل ممکن ہے۔ تاہم اس سے پہلے کہ میں وہ مختصر عمل تحریر کروں جو میرے تجربے کے مطابق حیرت انگیز نتائج کا حامل ہے۔ کچھ روشنی اِسم ذات ''اللہ'' پر ڈالنا چاہتا ہوں۔ تاکہ آپ کو اس کی اہمیت کا کچھ اندازہ ہو سکے۔

اللہ

قرآن اور حدیث کی روشنی میں دیکھیں تو خالق کائنات کے ننانوے اِسماء مبارک ملتے ہیں۔ ان ننانوے ناموں میں ماسوائے اللہ کے باقی تمام نام صفاتی ہیں اور اللہ تعالیٰ کی صفات کا اظہار کرتے ہیں۔

روزمرہ زندگی میں جب آپ کسی کا نام پکارتے ہیں تو نام کے ساتھ ساتھ متعلقہ فرد کی تمام صفات' اچھی یا بری ذہن میں آ جاتی ہیں۔ متعلقہ فرد کے بارے میں مکمل تصویر ذہن میں آ موجود ہوتی ہے۔ اسی طرح جب اِسم ذات ''اللہ'' کہتے ہیں تو تمام منسوبی صفات (اللہ کی) بیک وقت ہمارے ذہن میں داخل ہو جاتی ہیں۔ یہ نام اللہ کی کسی ایک صفت کا نہیں بلکہ تمام صفات و کمالات کا جو ذات

الٰہی کا حصہ ہیں بیک وقت اظہار کرتا ہے۔

اللہ تعالیٰ کی صفات یا ناموں کی تعداد کیا ہے؟ اس بارے میں اظہار علیت سورج کو چراغ دکھانے کے مترادف ہے۔ بقول رازیؒ اللہ کے ناموں کی تعداد پانچ ہزار ہے جبکہ بخاری و مسلم کے مطابق اسماء الٰہی کی تعداد ننانوے ہے۔ بہرحال اللہ تعالیٰ کے مندرجہ بالا تمام تر نام صفاتی ہیں۔ بلکہ اس سے بڑھ کر یہ تمام کے تمام دراصل لفظ ''اللہ'' کی صفات ہیں اور کچھ بھی نہیں۔ یہ صرف ''اللہ'' کے معنی اور مفہوم کا اظہار ہیں۔ لفظ ''اللہ'' اسم جامد ہے اور اس کا کوئی بھی اشتقاق نہیں ہے۔

تاہم بعض نے لکھا ہے کہ یہ عبرانی لفظ ہے یا دیگر اس بارے میں سب بحث ماسوائے ضیاع وقت کے کچھ نہیں۔ حقیقت وہی ہے۔ جس کو پہلے بیان کیا جا چکا ہے۔ علماء کی اکثریت کا اس پر ہی اجماع ہے۔

ان ہی امور کے باعث لفظ ''اللہ'' کو اسم اعظم قرار دیا جاتا ہے اور کسی بھی مقصد، کسی بھی تکلیف، کسی بھی ضرورت، کسی طرح کی بھی پریشانی یا معاملہ ہو اس کا ورد اسباب میں کشادگی اور رحمت الٰہی کو متوجہ کرنے کا باعث ہوتا ہے۔

عمل خصوصی

کیا آپ کو کوئی مسئلہ درپیش ہے؟ صرف ایک ہزار مرتبہ روزانہ صبح بعد از فجر اسم الٰہی ''یا اللہ'' کو اول و آخر سات مرتبہ درود شریف کے ہمراہ پڑھیں۔ انشاء اللہ قدرت کی طرف سے اسباب پیدا ہوں گے اور جو بھی مسئلہ ہو گا حل ہو جائے گا۔

دیکھا آپ نے بالکل آسان اور واضح عمل ہے آپ جب بھی اس عمل کو کریں، مکمل یقین 'اعتماد اور اعتقاد کے ساتھ کریں۔ آپ کو جان لینا چاہیے کہ اللہ کی رضا کے بغیر پتہ بھی اپنی جگہ سے حرکت نہیں کر سکتا۔ پھر انسان کس طرح اُس کے علم اور رضا کے بغیر دنیا میں کوئی فعل کر سکتا ہے۔ یہ دراصل اس ذات قدوس کی مہربانی ہے کہ اس نے ہمارے گناہوں سے درگزر کیا ہوا ہے اور ہمیں ڈھیل

دی ہوئی ہے۔ سو ہمیں اس وقت سے بچنے کی کوشش اور ایسی حرکات و سکنات سے باز رہنے کی جدوجہد کرنی چاہیے جو ہمارے لیے عذاب الٰہی اور بڑے وقت کا دروازہ کھول دیں۔ بس اپنی کوشش کریں کہ اس کے قہار، حسیب (حساب لینے والا)، منتقم (نافرمانوں سے بدلہ لینے والا) اور مذل (ذلیل کرنے والا) ہونے کی صفات کہیں ہمارے لیے سختی کا باعث نہ بن جائیں۔ بہر حال جب ایسا کسی نہ کسی وجہ سے ہو جائے تو پھر معافی کا دروازہ بھی کھلا ہے۔ اس میں صدق دل، خلوص نیت اور اللہ کے رحیم اور کریم وغفور ورحیم ہونے پر یقین رکھتے ہوئے داخل ہوں۔ وہ سمیع، حکیم تو آب اور غفار بھی ہے۔

اللہ تعالیٰ کے دیگر نام

گو مندرجہ بالا سطور میں ہر مسئلے کے حل کے لیے ایک جامع روحانی عمل بیان کیا گیا ہے تاہم اللہ تعالیٰ کے دوسرے نام اور کلام الٰہی قرآن مجید کی آیات و سورتوں کے روحانی اثرات ناقابل تردید ہیں۔ تاہم اسم ''اللہ'' کی نسبت یہ تمام امور کے لیے استعمال نہیں کئے جا سکتے۔ بلکہ صرف ان معاملات میں استعمال ہوتے ہیں جو کہ ان کی خصوصیات ہیں۔ یعنی ان کا استعمال اور حدود اسم ذات ''اللہ'' کی نسبت محدود اور ایک خاص دائرے کے اندر ہے۔ اس سلسلے میں ذیل کی سطور میں وسیلہ اور اس سے منسوب دیگر امور کی مختصر وضاحت قاری کی وسعت نظر کے لیے کر رہا ہوں۔ اُمید ہے اسماء الٰہی وکلام الٰہیہ کے اثرات کی اہمیت آپ پر واضح ہو جائے گی۔

وسیلہ

''کہہ دیجئے کہ تم اللہ کے سوا جن کو معبود قرار دے رہے ہو۔ ذرا ان کو پکارو وہ نہ تم سے تکلیف دور کرنے کا اختیار رکھتے ہیں اور نہ اس کے بدل ڈالنے کا۔ یہ لوگ جن کو مشرکین پکارتے رہتے ہیں۔ وہ خود ہی اپنے رب کی طرف وسیلہ ڈھونڈ رہے ہیں کہ ان میں کون زیادہ مقرب بنتا ہے اور وہ اس کی رحمت کے

اُمیدوار ہیں اور اس کے عذاب سے ڈرتے ہیں اور واقعی آپ کے رب کا عذاب ڈرنے کے قابل ہے۔''   (الاسراء)

وسیلہ ہے کیا؟

''اور اللہ ہی کے لیے اچھے اچھے نام ہیں تو تم اللہ کو انہیں ناموں سے پکارو اور ان کو چھوڑ دو جو اللہ کے ناموں میں کجروی کرتے ہیں۔ اُن کو اُن کے کیئے کی ضرور سزا ملے گی۔''   (الاعراف)

لفظ ''وسیلہ'' کی مختلف بزرگوں نے تشریح کی ہے۔ کون سی جامع' کون سی درست اور کون سی غلط ہے۔ اس بحث میں پڑے بغیر اپنے موضوع کے حوالے سے اس کا مختصر بیان:۔

وسیلے کا لغوی معنی ہے:۔

ا۔قربت

۲۔تقرب

۳۔بادشاہ کے پاس مرتبہ پانا

۴۔مرتبہ

۵۔درجہ وغیرہ

وسیلے کی دو بڑی اقسام ہیں:۔

ا۔مشروع

۲۔ممنوع

ممنوع کا لفظ از خود واضح ہے۔ مشروع کو مزید تین اقسام میں تقسیم کیا جا سکتا ہے۔ جس میں سے پہلی ہے ''وسیلہ بذریعہ اسماء الٰہی' صفات الٰہی وذات الٰہی'' میں کس بات کی وضاحت کرنا چاہ رہا ہوں۔ اُمید ہے آپ سمجھ گئے ہوں گے۔

ا۔اللہ ہمیں بذریعہ وسیلہ مانگنے کی تعلیم دے رہا ہے۔

۲۔مقبول ترین اور بہترین وسیلہ ہے'

''اسماء حسنیٰ'' جن کی ترغیب مندرجہ بالا آیت میں خود اللہ تعالیٰ نے دی ہے۔

اسی طرح ایک اور حدیث نبوی ﷺ ہے۔

''کسی شخص کے لیے جائز نہیں کہ اسماء حسنیٰ کے بغیر اللہ سے دعا کرے۔''

پھر کیوں نہ اسماء الٰہی کو ہم وسیلہ بنائیں اور اپنے مقاصد کے حصول کے لیے اللہ تعالیٰ کے حضور اس کے ناموں کی نوعیت کے اعتبار سے درخواست برائے منظوری اس یقین سے کریں کہ وہ واحد ذات دعا قبول کرنے والی اور مانگنے والے کی جھولی بھرنے والی ہے۔

بعض لوگ وسیلہ کی بحث کو غیر اللہ کی طرف لے جاتے ہیں۔ یہ سراسر بے وقوفی اور شرک ہے۔ غیر اللہ چاہے وہ کتنی ہی روحانی یا جسمانی یا مادی طاقت کا مالک ہو کی طرف وسیلہ کرنا شرک میں شامل ہے۔

اِسم الٰہی ''اللہ'' کے تیس نقوش بمع اثرات

ذیل میں مختلف نقوش (اسم ذات اللہ کے) حوالے سے بمعہ فوائد و خصوصیات تحریر کر رہا ہوں۔ آپ بھی اپنے مقاصد کے حصول کے حل کے لیے اِستعمال کر سکتے ہیں۔ اِنشاء اللہ فائدہ مند پائیں گے۔ ان نقوش کو اِستعمال کرنے کے ساتھ اِسم الٰہی ''اللہ'' کا ورد بلاناغہ بعد از فجر ایک ہزار مرتبہ کریں تو کوئی وجہ نہیں کہ آپ مقاصد کے حصول میں کامیاب نہ ہوں۔

طریقہءِ اِستعمال

مندرجہ ذیل نقوش میں سے جو نقش کسی کام کی بندش یا کسی کام سے روکنے اور باز رکھنے یا اِختلاف پیدا کرنے کیلیے ہیں ان کو کالی سیاہی سے لکھ کر کسی وزنی شے مثلِ پتھر، بھاری صندوق والماری وغیرہ کے نیچے دبا دیں۔

پیار و محبت کے لیے اِستعمال ہونے والے نقوش زعفران سے تحریر کریں اور کسی گرم جگہ مثلاً

چولہے، تندور اور آگ کے نزدیک دفن کریں یا گلے میں ڈال دیں یا کھانے کی کسی شے کے ساتھ دے دیں۔

دیگر سعد مقاصد کے نقوش آبِ زمزم اور زعفران سے تحریر کریں اور گلے میں ڈال لیں یا پی لیں۔ انشاء اللہ اپنے مقاصد میں کامیاب ہوں گے۔ مگر یاد رکھیں ناجائز کسی کے لیے مت کریں ورنہ خود نقصان اٹھائیں گے۔

کتاب میں آئندہ آنے والے نقوش کے لیے بھی یہی طریقہ استعمال ہوگا۔

☆ نقش نمبر ا آپ بھی کسی مقصد کے لیے نقش تحریر کریں بطور صدقہ ایک کالی مرغی اللہ کی راہ میں دیں۔ اگر گنجائش ہو یا بڑی مشکل ہو تو کالی بکری یا دو صدقہ بھی دے سکتے ہیں۔ یہ نقش زبان بندی کیلیے استعمال ہوتا ہے اس کو تحریر کر کے کسی وزنی چیز مثلاً پتھر، بھاری صندوق والماری وغیرہ کے نیچے دبا دیں۔

نقش نمبرا

۴۷۵	۴۸۱	۴۷۸	۴۶۷
۴۶۹	۴۷۶	۴۸۳	۴۷۳
۴۷۷	۴۷۰	۴۷۲	۴۸۲
۴۸۰	۴۷۴	۴۶۸	۴۷۹

چال نقش

۸	۱۴	۱۱	۱
۳	۹	۱۶	۶
۱۰	۴	۵	۱۵
۱۳	۷	۲	۱۲

☆ نقش نمبر۲ نکاح باندھنے کے کام آتا ہے۔ اس کے استعمال میں جائز ناجائز کا دھیان ضرور رکھیں، اس کو بھی کسی وزنی چیز کے نیچے دبا دیں۔

نقش نمبر۲

۴۸۳	۴۷۳	۴۶۹	۴۷۶
۴۷۸	۴۶۷	۴۷۵	۴۸۱
۴۷۲	۴۸۲	۴۷۷	۴۷۰
۴۶۸	۴۷۹	۴۸۰	۴۷۴

چال نقش

۱۶	۶	۳	۹
۱۱	۱	۸	۱۴
۵	۱۵	۱۰	۴
۲	۱۲	۱۳	۷

☆ نقش نمبر۳ خواب بندی کے لیے اِستعمال ہوتا ہے اس کو صرف کسی ظالم و جابر کو سزا دینے کے لیے اِستعمال کریں۔ ایک کسی وزنی چیز کے نیچے دبا دیں اور دوسرا جلا دیں۔ یعنی دو نقش لکھیں۔

چال نقش

۶	۹	۱۶	۳
۱۲	۷	۲	۱۳
۱	۱۴	۱۱	۸
۱۵	۴	۵	۱۰

نقش نمبر۳

۴۷۳	۴۷۶	۴۸۳	۴۶۹
۴۷۹	۴۷۴	۴۶۸	۴۸۰
۴۶۷	۴۸۱	۴۷۸	۴۷۵
۴۸۲	۴۷۰	۴۷۲	۴۷۷

☆ زنا‘ غلط کاری کے شکار اور عادی مرد و زن کی اِصلاح اور بدفعلی سے روکنے کے لیے نقش نمبر۴ اِستعمال کریں۔ یہ پلا بھی سکتے ہیں اور زمین میں دفن بھی کر سکتے ہیں۔

چال نقش

۲	۱۳	۱۲	۷
۱۶	۳	۶	۹
۵	۱۰	۱۵	۴
۱۱	۸	۱	۱۴

نقش نمبر۴

۴۶۸	۴۸۰	۴۷۹	۴۷۴
۴۸۳	۴۶۹	۴۷۳	۴۷۶
۴۷۲	۴۷۷	۴۸۲	۴۷۰
۴۷۸	۴۷۵	۴۶۷	۴۸۱

☆ کسی فرد کی کسی خاص روش کی بندش اس کی اِصلاح‘ مذہبی رجحان کی تفریق وغیرہ کے لیے نقش نمبر۵ اِستعمال کریں۔

چال نقش

۳	۱۶	۹	۶
۱۰	۵	۴	۱۵
۸	۱۱	۱۴	۱
۱۳	۲	۷	۱۲

نقش نمبر۵

۴۶۹	۴۸۳	۴۷۶	۴۷۳
۴۷۷	۴۷۲	۴۷۰	۴۸۲
۴۷۵	۴۷۸	۴۸۱	۴۶۷
۴۸۰	۴۶۸	۴۷۴	۴۷۹

☆ کسی فرد کی روشنی متاثر کرنے یا آنکھوں کی تکلیف میں مبتلا کرنے کے لیے نقش نمبر۶ استعمال کریں۔

چال نقش

۴	۱۵	۱۰	۵
۹	۶	۳	۱۶
۷	۱۲	۱۳	۲
۱۴	۱	۸	۱۱

نقش نمبر۶

۴۷۰	۴۸۲	۴۷۷	۴۷۲
۴۷۶	۴۷۳	۴۶۹	۴۸۳
۴۷۴	۴۷۹	۴۸۰	۴۶۸
۴۸۱	۴۶۷	۴۷۵	۴۷۸

☆ بادشاہ وقت یا حاکم کی تسخیر اس کو مطیع بنانے اس سے اپنا کام وغیرہ لینے کے لیے نقش نمبر۷ استعمال ہوگا۔

چال نقش

۱	۱۴	۱۱	۸
۱۵	۴	۵	۱۰
۶	۹	۱۶	۳
۱۲	۷	۲	۱۳

نقش نمبر۷

۴۶۷	۴۸۱	۴۷۸	۴۷۵
۴۸۲	۴۷۰	۴۷۲	۴۷۷
۴۷۳	۴۷۶	۴۸۳	۴۶۹
۴۷۹	۴۷۴	۴۶۸	۴۸۰

☆ رُوکے ہوئے کاموں کو دوبارہ شروع کرنے کے لیے نقش نمبر۸ زوداثر ہے۔

چال نقش

۲	۱۳	۱۲	۷
۱۱	۸	۱	۱۴
۵	۱۰	۱۵	۴
۱۶	۳	۶	۹

نقش نمبر۸

۴۶۸	۴۸۰	۴۷۹	۴۷۴
۴۷۸	۴۷۵	۴۶۷	۴۸۱
۴۷۲	۴۷۷	۴۸۲	۴۷۰
۴۸۳	۴۶۹	۴۷۳	۴۷۶

☆ دو یا زائد افراد کے درمیان صلح کروانے اور اتفاق پیدا کرنے کے لیے نقش نمبر۹ مجرب

ہے۔

چال نقش

۹	۶	۳	۱۶
۴	۱۵	۱۰	۵
۱۴	۱	۸	۱۱
۷	۱۲	۱۳	۲

نقش نمبر ۹

۴۷۶	۴۷۳	۴۶۹	۴۸۳
۴۷۰	۴۸۲	۴۷۷	۴۷۲
۴۸۱	۴۶۷	۴۷۵	۴۷۸
۴۷۴	۴۷۹	۴۸۰	۴۶۸

☆ دو افراد کے درمیان محبت پیدا کرنے خاص طور پر میاں بیوی وغیرہ کے لیے نقش نمبر ۱۰ بہتر ہے۔

چال نقش

۷	۱۳	۱۲	۲
۴	۱۰	۱۵	۵
۱۴	۸	۱	۱۱
۹	۳	۶	۱۶

نقش نمبر ۱۰

۴۷۴	۴۸۰	۴۷۹	۴۶۸
۴۷۰	۴۷۷	۴۸۲	۴۷۲
۴۸۱	۴۷۵	۴۶۷	۴۷۸
۴۷۶	۴۶۹	۴۷۳	۴۸۳

☆ کوئی فرد کسی وجہ سے (خصوصاً روحانی) کسی عورت سے باندھ دیا گیا ہو تو اس کی صحت کے واسطے نقش نمبر "۱۱" استعمال کریں۔

چال نقش

۱۴	۱	۸	۱۱
۴	۱۵	۱۰	۵
۹	۶	۳	۱۶
۷	۱۲	۱۳	۲

نقش نمبر ۱۱

۴۸۱	۴۶۷	۴۷۵	۴۷۸
۴۷۰	۴۸۲	۴۷۷	۴۷۲
۴۷۶	۴۷۳	۴۶۹	۴۸۳
۴۷۴	۴۷۹	۴۸۰	۴۶۸

☆ دشمن سے نجات پانے، اُس کو منتشر کرنے، اس پر غلبہ پانے کے لیے نقش نمبر ۱۲ بہترین

روحانی علاج ہے۔

چال نقش

۱۳	۲	۳	۱۶
۱۲	۷	۶	۹
۸	۱۱	۱۰	۵
۱	۱۴	۱۵	۴

نقش نمبر۱۲

۴۸۰	۴۶۸	۴۶۹	۴۸۳
۴۷۹	۴۷۴	۴۷۳	۴۷۶
۴۷۵	۴۷۸	۴۷۷	۴۷۲
۴۶۷	۴۸۱	۴۸۲	۴۷۰

☆ دشمن کو پریشان حال کرنے کے لیے نقش نمبر۱۳' استعمال کریں۔

چال نقش

۱۲	۷	۲	۱۳
۱	۱۴	۱۱	۸
۶	۹	۱۶	۳
۱۵	۴	۵	۱۰

نقش نمبر۱۳

۴۷۹	۴۷۴	۴۶۸	۴۸۰
۴۶۷	۴۸۱	۴۷۸	۴۷۵
۴۷۳	۴۷۶	۴۸۳	۴۶۹
۴۹۲	۴۷۰	۴۷۲	۴۷۷

☆ طالب و مطلوب میں باہم محبت پیدا کرنے کے واسطے نقش نمبر۱۴ کو استعمال میں لائیں۔ کامیابی ہوگی۔

چال نقش

۱۵	۴	۵	۱۰
۶	۹	۱۶	۳
۱۲	۷	۲	۱۳
۱	۱۴	۱۱	۸

نقش نمبر۱۴

۴۸۲	۴۷۰	۴۷۲	۴۷۷
۴۷۳	۴۷۶	۴۸۳	۴۶۹
۴۷۹	۴۷۴	۴۶۸'	۴۸۰
۴۶۷	۴۸۱	۴۷۸	۴۷۵

☆ دفع امراض، حصول صحت، مرتبہ وعزت اور کامیابی وغیرہ کے لیے نقش نمبر۱۵ کا استعمال مجرب ہے۔ وسیع اثرات کا حامل یہ نقش عمومی خوشحالی کے لیے استعمال کریں۔

چال نقش

۱	۱۴	۱۱	۸
۱۲	۷	۲	۱۳
۶	۹	۱۶	۳
۱۵	۴	۵	۱۰

نقش نمبر ۱۵

۴۶۷	۴۸۱	۴۷۸	۴۷۵
۴۷۹	۴۷۴	۴۶۸	۴۸۰
۴۷۳	۴۷۶	۴۸۳	۴۶۹
۴۸۲	۴۷۰	۴۷۲	۴۷۷

☆ طالب و مطلوب میں باہم اتفاق رائے، محبت پیدا کرنے کے واسطے اور حصول مقصد وغیرہ کے لیے نقش نمبر ۱۶ استعمال کریں۔

چال نقش

۱۴	۱	۸	۱۱
۷	۱۲	۱۳	۲
۹	۶	۳	۱۶
۴	۱۵	۱۰	۵

نقش نمبر ۱۶

۴۸۱	۴۶۷	۴۷۵	۴۷۸
۴۷۴	۴۷۹	۴۸۰	۴۶۸
۴۷۶	۴۷۳	۴۶۹	۴۸۳
۴۷۰	۴۸۲	۴۷۷	۴۷۲

☆ بخار سے صحت پانے کے لیے نقش نمبر ۱۷ کو زعفران سے لکھ کر روزانہ ایک دفعہ پی لیں۔ اس کے علاوہ دنیاوی فوائد حاصل کرنے کے لیے مجرب ہے۔

چال نقش

۱۱	۸	۱	۱۴
۲	۱۳	۱۲	۷
۱۶	۳	۶	۹
۵	۱۰	۱۵	۴

نقش نمبر ۱۷

۴۷۸	۴۷۵	۴۶۷	۴۸۱
۴۶۸	۴۸۰	۴۷۹	۴۷۴
۴۸۳	۴۶۹	۴۷۳	۴۷۶
۴۷۲	۴۷۷	۴۸۲	۴۷۰

☆ وہ امور جو سر اور دماغ سے متعلق ہیں نقش نمبر ۱۸ ان کو طاقت دینے کے لیے حد درجہ مجرب ہے خصوصاً جب حافظے کی کمزوری، نسیان اور دشمن کا خوف غالب ہو تو اس کو استعمال کریں۔

چال نقش			
۱	۴	۱۱	۸
۱۲	۷	۲	۱۳
۶	۹	۱۶	۳
۱۵	۴	۵	۱۰

نقش نمبر۱۸			
۴۶۷	۴۸۱	۴۷۸	۴۷۵
۴۷۹	۴۷۴	۴۶۸	۴۸۰
۴۷۳	۴۷۶	۴۸۳	۴۶۹
۴۸۲	۴۷۰	۴۷۲	۴۷۷

☆ نقش نمبر۱۹ دشمن' اُس کی املاک اور اُس کی زبان وغیرہ کو بند کرنے کے لیے اِستعمال ہوتا ہے۔قوی سے قوی دشمن بھی اس کے اثرات سے متاثر ہوئے بغیر نہیں رہ سکتا۔

چال نقش			
۴	۹	۷	۱۴
۱۵	۶	۱۲	۱
۱۰	۳	۱۳	۸
۵	۱۶	۲	۱۱

نقش نمبر۱۹			
۴۷۰	۴۷۶	۴۷۴	۴۸۱
۴۸۲	۴۷۳	۴۷۹	۴۶۷
۴۷۷	۴۶۹	۴۸۰	۴۷۵
۴۷۲	۴۸۳	۴۶۸	۴۷۸

☆ گونقش نمبر۲۰ کسی بھی خرابی کے خاتمے کیلیے اِستعمال ہوتا ہے تاہم نظر' جادو' سحر اور اثر دور کرنے میں زیادہ مفید ہے۔

چال نقش			
۵	۱۰	۱۵	۴
۱۱	۸	۱	۱۴
۲	۱۳	۱۲	۷
۱۶	۳	۶	۹

نقش نمبر۲۰			
۴۷۲	۴۷۷	۴۸۲	۴۷۰
۴۷۸	۴۷۵	۴۶۷	۴۸۱
۴۶۸	۴۸۰	۴۷۹	۴۷۴
۴۸۳	۴۶۹	۴۷۳	۴۷۶

☆ نقش نمبر۲۱ مال و دولت میں وسعت' کشادگی اور برکت کے لیے مجرب ہے۔رزق کی بندش ہوتو اس کو اِستعمال کریں۔

چال نقش

۵	۱۰	۱۵	۴
۱۱	۸	۱	۱۴
۲	۱۳	۱۲	۷
۱۶	۳	۶	۹

نقش نمبر۲۱

۴۷۲	۴۷۷	۴۸۲	۴۷۰
۴۷۸	۴۷۵	۴۶۷	۴۸۱
۴۶۸	۴۸۰	۴۷۹	۴۷۴
۴۸۳	۴۶۹	۴۷۳	۴۷۶

☆ نقش نمبر۲۲ مخالفین میں باہم نفاق ڈالنے' تفرقہ پیدا کرنے' دشمنوں کو منتشر کرنے اور غیب سے مدد حاصل کرنے میں مجرب ہے۔

چال نقش

۴	۹	۷	۱۴
۱۵	۶	۱۲	۱
۱۰	۳	۱۳	۸
۵	۱۶	۲	۱۱

نقش نمبر۲۲

۴۷۰	۴۷۶	۴۷۴	۴۸۱
۴۸۲	۴۷۳	۴۷۹	۴۶۷
۴۷۷	۴۶۹	۴۸۰	۴۷۵
۴۷۲	۴۸۳	۴۶۸	۴۷۸

☆ کسی سے مقابلہ ہو' کسی طرح کا بھی' الیکشن کا موقع ہو' مقدمہ بازی ہو' لڑائی جھگڑا وغیرہ نقش نمبر۲۳ کا اِستعمال سائل کی قوت و ہمت میں اضافے کا باعث ہوگا اور کامیابی حاصل ہوگی۔

چال نقش

۱۱	۲	۱۶	۵
۸	۱۳	۳	۱۰
۱	۱۲	۶	۱۵
۱۴	۷	۹	۴

نقش نمبر۲۳

۴۷۸	۴۶۸	۴۸۳	۴۷۲
۴۷۵	۴۸۰	۴۶۹	۴۷۷
۴۶۷	۴۷۹	۴۷۳	۴۸۲
۴۸۱	۴۷۴	۴۷۶	۴۷۰

☆ کوئی غم و رنج کے پہاڑ تلے دبتا چلا جائے' اِصلاح کی صورت نظر نہ آتی ہو تو نقش نمبر۲۴ کو اِستعمال کریں۔ کیمیا کا کام کرنے والوں کے لیے بھی مفید ہے۔

نقش نمبر۲۴

۴۸۳	۴۶۹	۴۷۳	۴۷۶
۴۶۸	۴۸۰	۴۷۹	۴۷۴
۴۷۸	۴۷۵	۴۶۷	۴۸۱
۴۷۲	۴۷۷	۴۸۲	۴۷۰

چال نقش

۱۶	۳	۶	۹
۲	۱۳	۱۲	۷
۱۱	۸	۱	۱۴
۵	۱۰	۱۵	۴

☆ گھریلو ناچاقی' میاں بیوی میں نفرت' دوستوں میں اختلاف' خاندان میں لڑائی جھگڑا ہو تو نقش نمبر۲۵ کو استعمال کریں۔

نقش نمبر۲۵

۴۷۶	۴۷۳	۴۶۹	۴۸۳
۴۷۴	۴۷۹	۴۸۰	۴۶۸
۴۸۱	۴۶۷	۴۷۵	۴۷۸
۴۷۰	۴۸۲	۴۷۷	۴۷۲

چال نقش

۹	۶	۳	۱۶
۷	۱۲	۱۳	۲
۱۴	۱	۸	۱۱
۴	۱۵	۱۰	۵

☆ رہائشی مکان میں یا زرعی زمین میں حشرات کی کثرت ہو' سانپ بچھو وغیرہ تنگ کرتے ہوں تو ان کے خاتمے کے لیے نقش نمبر۲۶' اِستعمال کریں۔

نقش نمبر۲۶

۴۷۸	۴۶۸	۴۸۳	۴۷۲
۴۷۵	۴۸۰	۴۶۹	۴۷۷
۴۶۷	۴۷۹	۴۷۳	۴۸۲
۴۸۱	۴۷۴	۴۷۶	۴۷۰

چال نقش

۱۱	۲	۱۶	۵
۸	۱۳	۳	۱۰
۱	۱۲	۶	۱۵
۱۴	۷	۹	۴

☆ نقش نمبر۲۷ بھی مندرجہ بالا مقاصد کے لیے فائدہ مند ہے۔ علاوہ ازیں نظر اور آنکھوں کے امراض سے صحت حاصل کرنے کے لیے فائدہ مند ہے۔

چال نقش

۱۰	۵	۴	۱۵
۳	۱۶	۹	۶
۱۳	۲	۷	۱۲
۸	۱۱	۱۴	۱

نقش نمبر ۲۷

۴۷۷	۴۷۲	۴۷۰	۴۸۲
۴۶۹	۴۸۳	۴۷۶	۴۷۳
۴۸۰	۴۶۸	۴۷۴	۴۷۹
۴۷۵	۴۷۸	۴۸۱	۴۶۷

☆ فصل نہ ہوتی ہو یا پھل کم ہوتا ہو۔ باغ کھیت وغیرہ سے آمدنی بقدر محنت حاصل نہ ہوتی ہو۔ جانور دودھ کم دیتے ہوں تو نقش نمبر ۲۸ مجرب ہے۔

چال نقش

۵	۱۰	۱۵	۴
۱۶	۳	۶	۹
۲	۱۳	۱۲	۷
۱۱	۸	۱	۱۴

نقش نمبر ۲۸

۴۷۲	۴۷۷	۴۸۲	۴۷۰
۴۸۳	۴۶۹	۴۷۳	۴۷۶
۴۶۸	۴۸۰	۴۷۹	۴۷۴
۴۷۸	۴۷۵	۴۶۷	۴۸۱

☆ مقابل کو زیر اثر کرنے' فریق ثانی یا معشوق کو قابو کرنے' اپنا تابع بنانے' باہم محبت' پیار اور مرتبے کو خطرہ ہو تو نقش نمبر ۲۹ کو استعمال کریں۔

چال نقش

۴	۱۵	۱۰	۵
۹	۶	۳	۱۶
۷	۱۲	۱۳	۲
۱۴	۱	۸	۱۱

نقش نمبر ۲۹

۴۷۰	۴۸۲	۴۷۷	۴۷۲
۴۷۶	۴۷۳	۴۶۹	۴۸۳
۴۷۴	۴۷۹	۴۸۰	۴۶۸
۴۸۱	۴۶۷	۴۷۵	۴۷۸

☆ کسی بڑے افسر' حاکم وقت یا طاقتور آدمی سے کوئی کام ہو' ان سے ذات' عزت اور مرتبے کو خطرہ ہو تو نقش نمبر ۳۰ کے ہمراہ اس کو ملنے جائیں۔ کامیابی ہوگی۔

نقش نمبر ۳۰

۴۸۲	۴۷۰	۴۷۲	۴۷۷
۴۷۳	۴۷۶	۴۸۳	۴۶۹
۴۷۹	۴۷۴	۴۶۸	۴۸۰
۴۶۷	۴۸۱	۴۷۸	۴۷۵

چال نقش

۱۵	۴	۵	۱۰
۶	۹	۱۶	۳۰
۱۲	۷	۲	۱۳
۱	۱۴	۱۱	۸

قضائے حاجات

☆ اسماء الٰہی ''یارحمٰن یارحیم'' کو روزانہ بعد از فجر ایک ہزار بار پڑھیں۔ اللہ رحم فرمائے گا اور جو دعا مانگیں گے وہ شرف قبولیت پائے گی۔

☆ حاجات کی تکمیل کے واسطے اِسم الٰہی ''یا مومن'' کو روزانہ بعد از فجر وعصر چار سو مرتبہ پڑھے اور اللہ کے حضور حصول مقصد کے واسطے صدق دل سے دعا کرے۔ اِنشاء اللہ تکمیل حاجت ہوگی۔

☆ حاجت روی کے لیے اِسم الٰہی ''یا مھیمن'' کا روزانہ بعد از عشاء ایک ہزار مرتبہ پڑھنا ناقابل یقین نتائج لاتا ہے۔ اللہ کی ذات پر مکمل یقین کے ساتھ آپ بھی اس ذکر کو کسی بھی حاجت کی تکمیل کے لیے آزمائیں' اِنشاء اللہ کامیابی ہوگی۔

حصول مراد

☆ کوئی ایسی مراد یا خواہش جو خاص نوعیت کی ہو تو اس کی تکمیل کے لیے نئے چاند سے یہ عمل کرے۔ نماز تہجد کے بعد سورۂ فاتحہ کو چالیس مرتبہ بلا ناغہ چالیس روز تک پڑھے۔ اگر حصول مراد نہ ہو تو دوبارہ نئے چاند سے یہی عمل کرے' نا اُمید نہ ہو اللہ بہتری کرے گا۔

حسن اور کشش

☆ وہ خواتین وحضرات جو جسم اور چہرے کے نقوش میں کشش اور حسن کے خواہش مند ہوں یا وہ لوگ جن کے چہرے پر رونق نہ ہو ان کو چاہئے کہ بعد از نماز عشاء روزانہ ایک ہزار مرتبہ اسم الٰہی ''یا مصور'' کا ورد کریں۔ انشاء اللہ چہرے پر رونق آئے گی اور جسم و چہرے کے نقوش میں کشش اور جاذبیت پیدا ہوگی۔

ناراضگی دور کرنے کے لیے

☆ دوست یا بہن بھائی یا میاں بیوی وغیرہ باہم ناراض ہوں تو ان میں صلح کروانے اتفاق پیدا کرنے باہم ناراضگی دور کرنے اور پیار و محبت پیدا کرنے کے لیے کسی میٹھی شے پر اسم الٰہی ''یا جلیل'' سوالاکھ دفعہ پڑھ کر کھانے کو دیں۔ انشاء اللہ فریقین میں پیار و محبت پیدا ہوگا اور ناراضگی دور ہو جائے گی۔

میاں بیوی میں ناراضگی دور کرنے کے لیے

☆ اگر میاں بیوی کے درمیان جھگڑا ہو جائے یا عارضی طور پر ایک دوسرے سے الگ ہو جائیں ۔وجہ کچھ بھی ہو تو ان کے ملاپ اور جھگڑے وغیرہ کے خاتمے کے لیے نقش نمبر ۳۱ زعفران سے تحریر کر کے گھر میں رکھنے کے لیے دیں۔ ساتھ میں اسم الٰہی یا مجیب کا روزانہ چار سو مرتبہ ورد بعد از فجر باہم ناراضگی دور ہونے اور اتفاق و صلح کی نیت سے کریں۔

چال نقش

۱۴	۱	۸	۱۱
۷	۱۲	۱۳	۲
۹	۶	۳	۱۶
۴	۱۵	۱۰	۵

نقش نمبر ۳۱

۱۳۶	۱۳۲	۱۴۰	۱۴۳
۱۳۹	۱۴۴	۱۴۵	۱۳۳
۱۴۱	۱۳۸	۱۳۴	۱۴۸
۱۳۵	۱۴۷	۱۴۲	۱۳۷

ناجائز تعلق دوستی اور عادتوں کا خاتمہ

☆ باہم مرد و زن میں یا باہم عورتوں میں یا باہم مردوں میں کوئی ناجائز تعلق یا دوستی ہو تو اس کے خاتمے کی نیت سے سورۂ کوثر بعد از فجر و عصر بیس دفعہ روزانہ پڑھے۔ دوران عمل فریقین کی صورتیں اور ان میں تفرقہ پڑنے کا خیال ذہن میں ضرور رکھے۔

☆ کوئی مرد یا عورت ناجائز تعلقات رکھتا ہو شراب و کباب کا عادی ہو یا زانی و جواری ہو تو اُس کے قریب بیٹھ کر آہستہ آواز میں "سورۂ یٰسین" پڑھ کر پھونک دیں۔ انشاء اللہ جلد ٹھیک ہو جائے گا۔ اِصلاح تک یہ عمل روزانہ کریں۔

میاں بیوی میں محبت و اتفاق

☆ اگر میاں بیوی میں باہم محبت الفت اور اتفاق پیدا کرنا چاہیں تو سورۂ "لایلٰف قریش" بعد از فجر اس نیت سے پڑھ کر کسی کھانے والی شے پر دم کر کے میاں بیوی کو کھانے کے لیے دیں۔ اللہ اتفاق پیدا کرے گا۔

☆ سورۂ یوسف کا روزانہ پڑھنا (بعد از فجر) میاں بیوی میں اتفاق اور محبت پیدا کرنے کے لیے مجرب ہے۔

لڑکی کی شادی کا عمل

☆ جس لڑکی کی شادی نہ ہوتی ہو وہ سورۃ "ممتحنہ" کو بعد از فجر پڑھے۔ اللہ نصیب کھول دے گا۔

☆ لڑکی کے رشتے یا شادی کے لیے "سورۃ نساء" کا روزانہ پڑھنا حد درجہ مفید ہے۔ اللہ نے چاہا تو جلد کوئی نہ کوئی رشتہ مل جائے گا۔

☆ شادی نہ ہوتی ہو کسی نے شادی باندھ دی ہو تو سورۃ طٰہٰ کو بعد از فجر اور عصر بلا ناغہ شادی کی نیت سے پڑھیں۔ نئے چاند سے شروع کر کے چالیس دن تک پڑھیں۔ ایک چلّے میں رشتہ نہ آئے تو اگلے نئے چاند سے دوسرا اور تیسرا چلّہ کریں۔ انشاء اللہ اُمید بر آئے گی۔

☆ سورۃ حج کا روزانہ بعد از فجر آٹھ مرتبہ پڑھنا بھی شادی کے لیے مجرب ہے۔ فرد خود مکمل یقین و اعتماد سے پڑھے۔ جلد شادی ہو جائے گی۔

☆ نقش نمبر ۳۲ تحریر کر کے سائلہ کے گلے میں ڈال دیا جائے اگر حکم ربی ہوا تو نصیب کھل جائے گا۔ پورے چاند سے چند دن قبل آب زم زم اور زعفران کی سیاہی بنا کر لکھیں تو زیادہ اچھا ہے۔ انار کے درخت کی شاخ لے کر اس کی قلم نقش لکھنے کے واسطے بنائیں۔

چال نقش

۱۴	۱	۸	۱۱
۷	۱۲	۱۳	۲
۹	۶	۳	۱۶
۴	۱۵	۱۰	۵

نقش نمبر ۳۲

۴۴۴	۴۳۱	۴۳۸	۴۴۱
۴۳۷	۴۴۲	۴۴۳	۴۳۲
۴۳۹	۴۳۶	۴۳۳	۴۴۶
۴۳۴	۴۴۵	۴۴۰	۴۳۵

موزوں رشتہ

☆ وہ مرد یا عورت جس کو موزوں رشتہ نہ ملتا ہو۔ ایک ہزار بار روزانہ ایک مقررہ وقت پر اِسم الٰہی "یا رحمٰن" کا ورد کرے۔ انشاء اللہ جلد ہی موزوں رشتے کا حصول ہوگا۔ یہ عمل مسلسل چالیس دن کریں۔

☆ ہمارے یہاں بعض اوقات والدین اور بعض اوقات لڑکی یا لڑکا پسند یا موزوں رشتے کی تلاش میں اتنا وقت لگا دیتے ہیں کہ شادی کی عمر گزر جاتی ہے۔ پھر پیروں فقیروں کے پیچھے بھاگتے ہیں۔ لیکن یہ بات سمجھنے کی کوشش نہیں کرتے کہ گزرا ہوا وقت واپس نہیں آتا۔ ضائع ہونے والے موقعے دوبارہ نہیں ملتے۔ اس لیے وقت کی قدر کریں۔ اپنے برابر کے اور اچھے رشتے کی تلاش میں سب کچھ ہاتھ سے مت ضائع ہونے دیں۔ ایسی صورت ہو تو متعلقہ فرد کو چاہیے کہ بعد از فجر و عصر بلاناغہ ایک دفعہ "سورۂ مریم" کی تلاوت موزوں رشتے اور جلد شادی کی نیت سے کرے۔ اللہ بہتری فرمائے گا۔

لڑکی یا لڑکے کا رشتہ

☆ کسی لڑکی یا لڑکے کا رشتہ نہ آتا ہو یا آئے تو رشتہ طے نہ ہوتا ہو تو نئے چاند سے بعد از عشاء یہ عمل کرے۔ اول و آخر سات مرتبہ "درود شریف" پڑھے۔ پھر دس دفعہ "سورۂ فاتحہ" پڑھے اور پھر چار دفعہ "سورۂ مزمل" پڑھے۔ پھر صدقِ دل اور یقینِ محکم کے ساتھ دعا کرے۔ اللہ مناسب بندوبست کرے گا۔

☆ لڑکے یا لڑکی کا رشتہ نہ آتا ہو تو "سورۂ احزاب" کو روزانہ پڑھنا معمول بنائے۔ جس قدر ہو سکے اتنی دفعہ پڑھ لے۔ اللہ اسباب پیدا کرنے والا ہے۔ یقین کے ساتھ پڑھے۔

شادی روکی ہوئی ہو

☆ رشتہ طے ہونے کے بعد کسی وجہ سے شادی روکی ہوئی ہو تو جلد شادی کے لیے سائل یا سائلہ کو روزانہ بعد از عصر ''سورۂ مریم'' کی تلاوت چار دفعہ کرنی چاہیے۔شادی میں رکاوٹ دور ہو جائے گی۔

گھریلو مسائل

☆ وہ لوگ جو گھریلو مسائل کا شکار ہوں۔گھریلو خاندانی حالات ناخوشگوار اور پریشان کن ہوں ان کو اسم الٰہی ''یا شکور'' کا ورد فجر و عصر کے بعد چار چار سو مرتبہ کرنا چاہیے۔انشاء اللہ تمام گھریلو مسائل احسن طریقے سے طے ہو جائیں گے۔

گھر میں اتفاق اور برکت

☆ گھر کے افراد میں باہم ناراضگی اور نا اتفاقی ہو تو حصول برکت' اتفاق رائے اور پیار' محبت پیدا کرنے کے لیے چینی پر روزانہ ایک دفعہ ''سورۂ یوسف'' پڑھ کر پھونکیں اور یہی چینی سب گھر والے استعمال کریں۔انشاء اللہ باہم صلح و امن سے رہیں گے۔

تسخیر محبوب

☆ کسی فرد کے دل میں اپنے لیے محبت والفت یا نرم گوشہ پیدا کرنا مطلوب ہو تو اس نیت سے ''بسم اللہ الرحمٰن الرحیم'' روزانہ بعد از فجر ۷۸۶ بار پڑھ کر پانی پر دم کریں اور مطلوب کو یہ پانی پینے کے لیے دیں۔باہم الفت ومحبت پیدا ہوگی۔ناجائز مت کریں۔

مطیع کرنا

☆ اگر کسی کو اپنا مطیع کرنا مقصود ہو تو فرد متعلقہ کو ذہن میں رکھ کر اسم الٰہی "یا کریم" روزانہ بعد از فجر دو سو بار پڑھیں۔ حصول مقصد ہوگا۔

عشق کا بھوت اُتارنا

☆ کوئی مرد و زن کسی کے عشق میں گرفتار ہو جائے تو اس کے سر سے عشق کا بھوت اتارنے کے لیے "آیت الکرسی"، آب زم زم اور زعفران سے چینی کی پلیٹ پر تحریر کر کے پینے کے لیے دیں۔ جلد ہی عاشق کے مزاج میں قرار آنا شروع ہو جائے گا۔

عاشق نامراد

☆ عشق میں ناکامی کے بعد عموماً عاشق بے حال ہو جاتے ہیں اور دین و دنیا سے منہ موڑ لیتے ہیں۔ ان کو مندرجہ بالا علاج سے فائدہ ہوگا اور آہستہ آہستہ حقیقت کو سمجھنے کی صلاحیت پیدا ہو جائے گی۔ ناکامی و نامرادی کا اثر جاتا رہے گا۔

گمشدہ شے کی واپسی

☆ جو کوئی چیز گم ہو جائے اور اس کی طلب ہو تو تلاش کرنے کے دوران "انا للہ وانا الیہ راجعون" کا ورد کرے۔ اللہ نے چاہا تو گمشدہ شے مل جائے گی۔

لوگوں کے شر سے حفاظت

☆ لوگوں کے شر، فساد اور شرارت سے محفوظ رہنے کے لیے نقش نمبر ۳۳ لکھ کر اپنے پاس رکھیں اور دس دفعہ بعد از عصر بلا ناغہ "سورۂ فاتحہ" کی تلاوت کریں۔

چال نقش

۸	۱۱	۱۴	۱
۱۳	۲	۷	۱۲
۳	۱۶	۹	۶
۱۰	۵	۴	۱۵

نقش نمبر ۳۳

۲۳۶۵	۲۳۶۸	۲۳۷۱	۲۳۵۷
۲۳۷۰	۲۳۵۸	۲۳۶۴	۲۳۶۹
۲۳۵۹	۲۳۷۳	۲۳۶۶	۲۳۶۳
۲۳۶۷	۲۳۶۲	۲۳۶۰	۲۳۷۲

دشمنوں سے حفاظت

☆ جب کوئی فرد دشمنوں میں پھنس جائے تو اسم الٰہی "یا قدوس" کو بطور حصار پڑھے۔ تعداد اور وقت کی کوئی پابندی نہیں۔ اٹھتے بیٹھتے ہر وقت پڑھ سکتا ہے۔ اللہ امن کے اسباب پیدا کرے گا اور دشمن اس کا کچھ نہ بگاڑ سکیں گے۔

☆ دشمنوں سے حفاظت اور سلامتی کے واسطے بعد از فجر چھ سو بار اسم الٰہی "یا سلام" پڑھے۔ دشمن جتنا بھی طاقتور ہو اللہ نے چاہا تو اس کے شر سے محفوظ رہے گا۔

☆ نقش نمبر ۳۴ لوہے یا تانبے پر کندہ کروا کر ظالموں اور دشمنوں کے گھر یا مجلس کی جگہ پر دفن کردے۔ وہ بکھر جائیں گے تباہ ہو جائیں گے اور اس قابل نہ رہیں گے کہ سائل کو نقصان پہنچا سکیں۔

چال نقش

۱	۱۴	۱۱	۸

نقش نمبر ۳۴

۴۴	۵۷	۵۴	۵۱

۱۳	۲	۷	۱۲
۳	۱۶	۹	۶
۱۰	۵	۴	۱۵

۵۶	۴۵	۵۰	۵۵
۴۶	۵۹	۵۲	۴۹
۵۳	۴۸	۴۷	۵۸

تہمت اور ناجائز الزام

☆ کسی پر تہمت یا ناجائز الزام لگایا جائے تو اس کو چاہیے کہ اپنی بے گناہی ثابت کرنے اور سچ کے ظہور کے لیے "سورۂ نور" بلا ناغہ بعداز عصر پانچ بار پڑھے۔ انشاء اللہ سرخرو ہوگا۔

سفر

☆ سفر پر روانہ ہونے سے قبل چھ مرتبہ "سورۂ ہود" کو پڑھے۔ دوران سفر جب بھی وقت ملے اس سورۂ کی تلاوت ضرور کرے۔ انشاء اللہ دوران سفر کوئی مشکل پیش نہیں آئے گی اور خیریت گزرے گی۔

مقدمے میں کامیابی

☆ جب کسی تنازعے یا مقدمے کا سامنا ہو تو اپنے جائز حق کے حصول اور مقدمے میں کامیابی کے لیے اِسم الٰہی "یا مالک" کو روزانہ بعداز عشاء چار سو مرتبہ پڑھیں اور اللہ کے حضور کامیابی کی دعا کریں۔ انشاء اللہ فریق مخالف جتنا بھی ظالم، جابر، صاحب حیثیت واقتدار ہو ناکام رہے گا اور اللہ آپ کے لیے بہتری کے اسباب پیدا کرے گا۔

پانی میں ڈوبنے سے حفاظت

☆ وہ لوگ جن کا روزگار دریا یا سمندر وغیرہ سے منسلک ہے۔ ان کو چاہئے کہ "سورۂ نعمان" کو روزانہ بعد از فجر پڑھنا اپنا معمول بنالیں۔ نقش نمبر ۳۵ کو چاندی پر کندہ کروا کر اپنے پاس رکھیں۔ انشاء اللہ غرقابی اور ڈوبنے سے محفوظ رہے گا۔

نقش نمبر ۳۵

۳۹۷۵۶	۳۹۷۴۲	۳۹۷۴۹	۳۹۷۵۳
۳۹۷۴۸	۳۹۷۵۴	۳۹۷۵۵	۳۹۷۴۳
۳۹۷۵۱	۳۹۷۴۷	۳۹۷۴۴	۳۹۷۵۸
۳۹۷۴۵	۳۹۷۵۷	۳۹۷۵۲	۳۹۷۴۶

چال نقش

۱۴	۱	۸	۱۱
۷	۱۲	۱۳	۲
۹	۶	۳	۱۶
۴	۱۵	۱۰	۵

ناممکن کام

☆ کوئی کام ناممکن یا از حد مشکل محسوس ہوتا ہو تو اسم الٰہی "یا باری" کا روزانہ ہر نماز کے بعد دو سو دفعہ ذکر کرنا کامیابی کا باعث ہوگا۔ جو بھی معاملہ یا مسئلہ درپیش ہوگا اس کا موزوں حل سامنے آئے گا۔

ملازمت کا نہ ملنا

☆ کوئی روزگار نہ ہو یا ملازمت کے حصول کا مسئلہ ہو اور نوکری نہ ملتی ہو تو اسم الٰہی "یا مالک" کو بعد از فجر و عصر ایک سو مرتبہ روزانہ پڑھے۔ اگر ممکن ہو تو نقش نمبر ۳۶ کو زعفران سے لکھ کر اپنی جیب یا بٹوے میں رکھے۔ انشاء اللہ ملازمت ضرور مل جائے گی۔

چال نقش

۱۱	۸	۱	۱۴
۲	۱۳	۱۲	۷
۱۶	۳	۶	۹
۵	۱۰	۱۵	۴

نقش نمبر ۳۶

۲۵	۲۲	۱۵	۲۹
۱۶	۲۸	۲۶	۲۱
۳۱	۱۷	۲۰	۲۳
۱۹	۲۴	۳۰	۱۸

☆ وہ افراد جو حقدار بھی ہوں مگر سفارش یا رشوت نہ ہونے کے باعث نوکری اور روزگار سے محروم ہوں۔ ایک ہزار مرتبہ بعد از فجر اسم الٰہی ''یا وہاب'' کو بلا ناغہ پڑھیں۔ اللہ کی جانب سے روزگار کے اسباب جلد پیدا ہوں گے۔ ناامید نہ ہوں بلکہ مکمل یقین کے ساتھ یہ عمل کریں۔

☆ وہ افراد جو قابلیت کے باوجود ملازمت سے محروم ہوں ان کو چاہیے کہ روزانہ بعد از نماز عصر ''سورۂ یوسف'' پڑھنا اپنا معمول بنالیں۔ اللہ بہتری کرے گا' اسباب رزق پیدا ہوں گے۔

اضافۂ رزق

☆ اِسم الٰہی ''یارزاق'' کو بعد از نماز فجر یا عشاء ۳۱۲۵ دفعہ مسلسل چالیس یوم تک پڑھیں۔ معاملات رزق میں جو بھی مشکل اور رکاوٹ ہوگی اِنشاء اللہ دور ہوجائے گی۔

☆ رزق کی تنگی دور کرنے' تنگدستی اور خاتمہ غربت کے لیے اسم الٰہی ''یا مالک'' کو ہر نماز کے بعد ایک سو مرتبہ پڑھے۔ اِنشاء اللہ مالی حالات میں بہتری پیدا ہوگی۔ رزق میں وسعت اور کشادگی کے اسباب اللہ کی طرف سے ظہور میں آئیں گے۔

وہ افراد جن کے رزق میں تنگی ہو اور کسی طور کشادگی کے اسباب پیدا نہ ہوتے ہوں۔ اِسماء الٰہی ''یا غفار'' کو بعد از نماز فجر یا عشاء ایک ہزار مرتبہ پڑھیں۔ رزق میں کشادگی ہو' تنگی و ترشی دور ہو جائے گی۔

☆ وسعت رزق' کشادگی اور خاتمہ تنگ دستی کے لیے اسم الٰہی ''یا وہاب'' کو ہر نماز کے بعد ۱۴۰

دفعہ پڑھیں۔ اس کو اپنا معمول بنالیں۔ نہایت مجرب ہے۔

☆ مندرجہ بالا اعمال میں سے کوئی عمل اختیار کرنے کے ساتھ نقش نمبر ۳۷ کو زعفران سے تحریر کر کے اپنی جیب یا بٹوے میں ہمیشہ رکھیں۔ اللہ مدد فرمائے گا۔

چال نقش

۱۴	۱	۸	۱۱
۷	۱۲	۱۳	۲
۹	۶	۳	۱۶
۴	۱۵	۱۰	۵

نقش نمبر ۳۷

۸۴	۷۰	۷۷	۸۰
۷۶	۸۱	۸۳	۷۱
۷۸	۷۵	۷۲	۸۶
۷۳	۸۵	۷۹	۷۴

دکان اور کاروبار کے لیے

☆ دکان میں گاہک آئیں مگر خریداری نہ کریں یا گاہک کا رجحان نہ ہو تو نقش نمبر ۳۸ زعفران سے تحریر کر کے دکان کے دروازے کے اوپر لگا دیں۔ انشاء اللہ گاہک کا رجحان دکان کی طرف ہو گا اور مال کی فروخت بڑھے گی۔

☆ مندرجہ بالا نقش کے علاوہ اسم الٰہی ''یا باری'' کو روزانہ بعد از عصر دو سو مرتبہ دکان یا کاروبار والی جگہ پر بیٹھ کر پڑھیں اللہ برکت دے گا۔

چال نقش

۱۴	۱	۸	۱۱
۷	۱۲	۱۳	۲
۹	۶	۳	۱۶
۴	۱۵	۱۰	۵

نقش نمبر ۳۸

۲۱	۸	۱۵	۱۸
۱۴	۱۹	۲۰	۹
۱۶	۱۳	۱۰	۲۳
۱۱	۲۲	۱۷	۱۲

حصول دولت

☆ حصول دولت اور آسودگی کے واسطے روزانہ بعداز نماز فجر سورۃ ''اذا جاء نصر الله'' کا ایک سو بار پڑھنا حد درجہ مفید ہے۔ غربت اور مفلسی دور ہوتے دیر نہیں لگے گی۔

فاقہ کشی و قحط

☆ کوئی فرد واحد فاقہ کشی کا شکار ہو یا پوری آبادی یا ملک قحط اور خشک سالی کا سامنا کر رہا ہو تو اس کے دفع کے لیے سورۃ ''ذاریات'' کی روزانہ بعداز عصر سات مرتبہ تلاوت فائدہ مند ہے۔

تاجر و بزنس مین

☆ تاجر اور کاروباری افراد اپنے بزنس اور تجارت میں اضافے کے خواہش مند ہوتے ہیں۔ اس سلسلے میں روحانی مدد کے لیے اسم الٰہی ''یا حلیم'' کا اٹھتے بیٹھتے ذکر کرنا حد درجہ مفید ہے۔

کھوئے ہوئے عہدے کی واپسی

☆ کوئی فرد چاہے ملازم ہو یا سیاست دان اگر کسی وجہ سے تنزلی کا شکار ہو یا عہدہ کھو جائے یا عزت و وقار خطرے میں ہو تو اسم الٰہی ''یا عزیز'' کو چار سو مرتبہ بعداز عشاء پڑھے۔ انشاء اللہ کھویا ہوا رتبہ اور عہدہ دوبارہ مل جائے گا۔ ممکن ہو تو نقش نمبر ۱ کو چاندی یا سونے پر کندہ کروا کر اپنے پاس ہمہ وقت رکھے۔ اللہ بہتری فرمائے گا۔

رجوع خلقت

☆ ڈاکٹر، حکیم، دکاندار، نجومی وغیرہ اس بات کے خواہش مند ہوتے ہیں کہ زیادہ سے زیادہ لوگ ان سے رجوع کریں۔ اس مقصد کے لیے اِسم الٰہی "یَابَارِیُ" کا روزانہ بعد از نماز فجر و عصر دو سو بار ذکر کرنا از حد موزوں ہے۔ ممکن ہو تو نقش نمبر ۳۹ چاندی پر کندہ کروا کر اپنے پاس رکھیں۔

نقش نمبر ۳۹

۲۶	۱۲	۱۹	۲۳
۱۸	۲۴	۲۵	۱۳
۲۱	۱۷	۱۴	۲۸
۱۵	۲۷	۲۲	۱۶

چال نقش

۱۴	۱	۸	۱۱
۷	۱۲	۱۳	۲
۹	۶	۳	۱۶
۴	۱۵	۱۰	۵

سیاست دان کی کامیابی

☆ سیاست دانوں کی کامیابی کا دارومدار عوام الناس کی پسند و ناپسند پر ہوتا ہے۔ سو عوام میں مقبولیت حاصل کرنے کے لیے اِسم الٰہی "یارحیم" کا ورد روزانہ بعد از نماز عصر دو سو بار کریں اور اگر ممکن ہو تو نقش نمبر ۴۰ سونے یا چاندی پر کندہ کروا کر اپنے پاس، گھر یا دفتر میں رکھیں۔ فرد متعلقہ کو عوام میں مقبولیت اور ہر دلعزیزی حاصل ہوگی۔ مجرب عمل ہے۔

نقش نمبر ۴۰

۶۷	۶۴	۵۷	۷۰
۵۸	۶۹	۶۸	۶۳
۷۲	۵۹	۶۲	۶۵

چال نقش

۱۱	۸	۱	۱۴
۲	۱۳	۱۲	۷
۱۶	۳	۶	۹

۶۱	۶۶	۷۱	۶۰

۵	۱۰	۱۵	۴

☆ عہدے، پوزیشن، وزارت اور دنیاوی بادشاہت کو قائم و دائم رکھنے کے لیے اسم الٰہی "یا مالک" کو روزانہ بعد از فجر ایک سو بار پڑھے۔ ممکن ہو تو نقش نمبر ۴۰ کو سونے یا چاندی کے پتر پر کندہ کروا کر اپنے پاس رکھے۔ گلے میں ڈال لے یا بازو پر باندھ لے۔

حصول بادشاہت وحکومت

☆ وہ افراد جو حصول اقتدار کی جنگ میں شریک ہوں یا کسی بادشاہ وقت، صدر، وزیراعظم، وزیر، مشیر وغیرہ کو عدم استحکام کا سامنا ہو تو اسم الٰہی "یا مالک" کو روزانہ بعد از نماز فجر چار سو مرتبہ پڑھے۔ اس کو ہمیشہ کے لیے اپنا معمول بنالے۔ اگر ممکن ہو تو نقش نمبر ۴۱ چاندی یا سونے پر کندہ کروا کر اپنے پاس رکھے۔ انشاء اللہ حکومت اور عہدے وغیرہ کو جو خطرہ ہو گا وہ دور ہو جائے گا۔

نقش نمبر ۴۱

۲۵	۲۲	۱۵	۲۹
۱۶	۲۸	۲۶	۲۱
۳۱	۱۷	۲۰	۲۳
۱۹	۲۴	۳۰	۱۸

چال نقش

۱۱	۸	۱	۱۴
۲	۱۳	۱۲	۷
۱۶	۳	۶	۹
۵	۱۰	۱۵	۴

☆ اسی طرح حکومت یا فرد کے خلاف ہونے والی سازش کے توڑ اور رد کے لیے بھی مندرجہ بالا عمل حد درجہ مفید ہے۔

طبیب ڈاکٹر اور شفاء

☆ ڈاکٹر، سرجن، حکیم و طبیب وغیرہ کی دلی خواہش ہوتی ہے کہ ان کے ہاتھ میں شفا ہو اور زیادہ

سے زیادہ کامیابی حاصل ہو۔ سوان کو اس مقصد کے حصول کے لیے اِسم الٰہی ''یابارِی'' کا روزانہ دوسو مرتبہ ذکر کرنا چاہیے۔ اِنشاء اللہ ان کے ہاتھ میں شفاء پیدا ہو گی اگر ممکن ہو تو نقش نمبر ۴۲ زعفران سے لکھ کر اپنے مطب میں اونچی جگہ پر لٹکا دیں۔

چال نقش

۱۴	۱	۸	۱۱
۷	۱۲	۱۳	۲
۹	۶	۳	۱۶
۴	۱۵	۱۰	۵

نقش نمبر ۴۲

۵۹	۴۵	۵۳	۵۶
۵۲	۵۷	۵۸	۴۶
۵۴	۵۱	۴۷	۶۱
۴۸	۶۰	۵۵	۵۰

فنِ مصوری' نقاشی اور خطاطی

☆ وہ لوگ جو شرعی طور پر فنِ مصوری و نقاشی و خطاطی وغیرہ سے منسلک ہیں اور اپنے فن میں کامیابی کے خواہش مند بھی ہوں۔ وہ بعد از نماز عصر روزانہ چار سو مرتبہ اِسم الٰہی ''یا مصور'' کا ورد کریں۔ ساتھ ہی نقش نمبر ۴۳ چاندی یا سونے کی لوح پر کندہ کروا کر اپنے پاس رکھیں۔ اللہ فن اور رزق میں برکت دے گا۔

چال نقش

۱۴	۱	۸	۱۱
۷	۱۲	۱۳	۲
۹	۶	۳	۱۶
۴	۱۵	۱۰	۵

نقش نمبر ۴۳

۹۰	۷۶	۸۳	۸۷
۸۲	۸۸	۸۹	۷۷
۸۵	۸۱	۷۸	۹۲
۷۹	۹۱	۸۶	۸۰

ایجادو اختراع سائنس دان

☆ وہ لوگ جو ایجاد اختراع کے کاموں سے متعلق ہوں یا سائنس دان جن کا کام تحقیق و تخلیق سے تعلق رکھتا ہو۔ ان کو اسم الٰہی "یا خالق" کا روزانہ ایک سو بار ذکر بعد از فجر کرنا چاہئے۔ اللہ کے اس اسم کی برکت سے ذہن مکمل جائے گا اور ہر معاملے میں کامیابی ہوگی۔ نئی اشیاء و قواعد کی تخلیق میں خاطر خواہ آسانی پیدا ہوگی۔

ادائیگی قرض

☆ اگر کسی پر قرض کا بوجھ ہو اور اترنے کی سبیل نظر نہ آتی ہو تو سورۃ "کہف" روزانہ بعد از فجر دو مرتبہ پڑھے۔ مکمل یقین اور توجہ سے دعا مانگے۔ اللہ اسباب پیدا کرنے والا ہے۔

☆ فجر کی دو سنتوں اور فرضوں کے درمیان "سورۃ تحریم" چار دفعہ بلاناغہ پڑھے تو بھی ادائیگی قرض میں آسانی ہو۔

☆ مندرجہ بالا طریقے سے "سورۃ فاتحہ" آٹھ دفعہ بلاناغہ پڑھے۔ انشاء اللہ قرض ادا ہو جائے گا۔

گھر باغ اور فصل کی حفاظت

☆ گھر، باغ، فصل یا مثل ایسی ہی کسی دوسری شے کی حفاظت درکار ہو تو اس نیت سے اسم الٰہی "یا متکبر" کا روزانہ بعد از فجر اور عصر ۶۶۲ دفعہ ذکر کریں۔ ممکن ہو تو نقش نمبر ۴۴ کو متعلقہ گھر، باغ یا فصل میں دفن کر دیں۔ انشاء اللہ حفاظت رہے گی۔

چال نقش

نقش نمبر ۴۴

۱۵۸	۱۷۱	۱۶۸	۱۶۵
۱۶۹	۱۶۴	۱۵۹	۱۷۰
۱۶۳	۱۶۶	۱۷۳	۱۶۰
۱۷۲	۱۶۱	۱۶۲	۱۶۷

۱	۱۴	۱۱	۸
۱۲	۷	۲	۱۳
۶	۹	۱۶	۳
۱۵	۴	۵	۱۰

کھیت اور باغ کی پیداوار

☆ کھیت، باغ یا فصل وغیرہ کی پیداوار کسی بھی وجہ سے کم ہو اور اس کو بڑھانا مطلوب ہو تو مالک کو چاہیے کہ روزانہ بعد از فجر "سورۂ توبہ" کی تلاوت متعلقہ مقام پر بیٹھ کر کرے۔ ساتھ ہی نقش نمبر ۴۵ زعفران سے تحریر کر کے کھیت یا باغ کے درختوں کے ساتھ باندھ دے۔ اگر کھیت میں درخت نہ ہوں تو اس نقش کو زمین میں دفن کر دے۔ اگلی فصل پر خود بہتر نتائج کا مشاہدہ کرے گا۔

نقش نمبر ۴۵

۱۷۵۹۱۰	۱۷۵۸۹۶	۱۷۵۹۰۳	۱۷۵۹۰۶
۱۷۵۹۰۲	۱۷۵۹۰۷	۱۷۵۹۰۹	۱۷۵۸۹۷
۱۷۵۹۰۴	۱۷۵۹۰۱	۱۷۵۸۹۸	۱۷۵۹۱۲
۱۷۵۸۹۹	۱۷۵۹۱۱	۱۷۵۹۰۵	۱۷۵۹۰۰

چال نقش

۱۴	۱	۸	۱۱
۷	۱۲	۱۳	۲
۹	۶	۳	۱۶
۴	۱۵	۱۰	۵

گمشدہ امانت کی واپسی

☆ کوئی مرد، عورت یا بچہ غائب یا گم ہو جائے تو اس کے واپس لانے کی نیت سے "سورۂ یٰسین" دس مرتبہ بعد از فجر پڑھیں اور اللہ کے حضور دعا کریں۔ اللہ بہتری فرمائے گا اور حصول مقصد ہوگا۔

غم و پریشانی

☆ اگر کسی ایسی مصیبت، پریشانی یا غم کا شکار ہو کہ نجات کا راستہ نظر نہ آتا ہو تو ''لا الہ الا انت سبحانک انی کنت من الظالمین'' پڑھنا اپنا روزمرہ کا معمول بنالے۔ انشاء اللہ کوئی نہ کوئی مثبت راہ دکھائی دے گی۔

کند ذہنی کا علاج

☆ کند ذہن افراد یا ایسے بچے جن کی تعلیم کی طرف سے شکایت ہو ان کو روزانہ ''سورۂ مزمل'' چار دفعہ پانی پر دم کر کے پلائیں۔ آہستہ آہستہ ذہن روشن ہو جائے گا۔

دفع غصہ

☆ جس کو شدت سے غصہ آتا ہو اس کو 'اعوذ باللہ من الشیطان الرجیم'' کا ورد کرنا چاہئے۔ وقت اور تعداد کی قید نہیں۔ جب غصہ یا خیال آئے تب پڑھنا شروع کر دے۔

راہ بھول جانا

☆ جب کوئی سفر میں راستہ بھول جائے تو اذان دے۔ اللہ سے اُمید ہے کہ وہ اس کو راستہ دکھائے گا۔

بانجھ پن

☆ کوئی عورت ایسے مرض کا شکار ہو کہ بچے کی پیدائش ممکن نہ ہو یا علاج کے باوجود بانجھ پن نہ جاتا ہو تو ''سورۃ مزمل'' روزانہ چار دفعہ حصول اولاد اور دفع بانجھ پن کی نیت سے پڑھے۔ اللہ سننے والا ہے۔

مسان

☆ مسان کے خلل کا شکار ہونے والے بچوں کو نقش نمبر ۴۶ تحریر کر کے گلے میں ڈالنے کے لیے دیں۔

چال نقش

۱۱	۸	۱	۱۴
۲	۱۳	۱۲	۷
۱۶	۳	۶	۹
۵	۱۰	۱۵	۴

نقش نمبر ۴۶

۴۶۲۴۲	۴۶۲۳۸	۴۶۲۳۱	۴۶۲۴۵
۴۶۲۳۲	۴۶۲۴۴	۴۶۲۴۳	۴۶۲۳۷
۴۶۲۴۷	۴۶۲۳۳	۴۶۲۳۶	۴۶۲۴۰
۴۶۲۳۵	۴۶۲۴۱	۴۶۲۴۶	۴۶۲۳۴

بچہ زندہ نہ رہتا ہو

☆ اگر کسی کا بچہ زندہ نہ رہتا ہو بلکہ پیدائش کے فوراً بعد فوت ہو جاتا ہو تو زوجین کو چاہئے کہ دوران حمل اور بعد میں بھی ہر نماز کے بعد دو سو مرتبہ ''بسم اللہ الرحمن الرحیم'' کا ذکر کریں۔ اللہ بچے کو صحت اور تندرستی دے گا۔ نا اُمید نہ ہوں۔

اٹھرا

☆ اولاد نہ ہوتی ہو یا مرض اٹھرا وغیرہ ہو تو اِسم الٰہی ''یاخالق'' بعد از فجر و عصر سات سو بار پڑھیں۔ اللہ اولاد کی نعمت عطا کرے گا۔

اولاد نہ ہونا

☆ جس عورت یا مرد کے اولاد نہ ہوتی ہو اس کو چاہئے کہ روزانہ بعد از فجر ''سورۂ آل عمران'' کو پڑھنا اپنا معمول بنالے۔ یہ سورۃ اتنی دفعہ پڑھے جتنی دفعہ روزانہ باآسانی پڑھ سکے۔

اولاد (لڑکے کی پیدائش)

☆ اولادِ نرینہ کے حصول کے لیے اِسم الٰہی ''یاجبار'' کا کھلا ورد دونوں میاں بیوی کو کرنا چاہئے۔ یعنی تعداد اور وقت کی کوئی پابندی نہیں۔ اٹھتے بیٹھتے جب خیال آئے اس اِسم الٰہی کا ذکر کریں۔ اللہ بہتر کرے گا۔

☆ لڑکے کی پیدائش کے واسطے اِسم الٰہی ''یامتکبر'' کو روزانہ بعد از عشاء چھ سو مرتبہ پڑھے اور صدق دل سے اپنے مطلب کے واسطے دعا کرے۔ ساتھ ہی نقش نمبر ۴۷ کو تحریر کر کے میاں بیوی کے گلے میں ڈال دیں۔

چال نقش

۱۴	۱	۸	۱۱
۷	۱۲	۱۳	۲
۹	۶	۳	۱۶

نقش نمبر ۴۷

۱۷۱	۱۵۸	۱۶۵	۱۶۸
۱۶۴	۱۶۹	۱۷۰	۱۵۹
۱۶۶	۱۶۳	۱۶۰	۱۷۳

۱۶۱	۱۷۲	۱۶۷	۱۶۲

۴	۱۵	۱۰	۵

☆ اِسم الٰہی ''یا خالق'' کو روزانہ بعداز فجر سات سو بار پڑھیں۔ بہتر ہے کہ میاں بیوی دونوں اس اِسم کا ذکر کریں۔ انشاء اللہ لڑکے کی نعمت سے سرفراز ہوں گے۔

اولاد (لڑکی کی پیدائش)

☆ اگر گھر میں لڑکے زیادہ ہوں اور لڑکی کی خواہش ہو تو ''سورۂ مریم'' کو روزانہ بعداز فجر چار مرتبہ اس نیت سے پڑھے اور صدقِ دل سے لڑکی کی پیدائش کے واسطے دعا کرے۔ اللہ قبول کرنے والا ہے۔

ماں کا دودھ بڑھانے کے لیے

☆ ماں کو دودھ کم آتا ہو تو جہاں اس کو اچھی خوراک کی ضرورت ہوتی ہے وہاں روحانی علاج کے طور پر ایسی عورت کو بعداز فجر سورۂ ''الفجر'' روزانہ پڑھنی چاہئے۔ شکایت رفع ہو جائے گی۔

خوبصورت وصحت مند اولاد

☆ نقش نمبر ۴۸ کو زعفران سے لکھ کر حاملہ کے گلے میں ڈال دیں۔ حاملہ کو چاہئے کہ اِسم الٰہی ''یا جلیل'' کی ۳ تسبیح بعداز نماز فجر پڑھے اور بعد میں خوبصورت اور صحت منداولاد کے لیے دعا اللہ سے کرے۔ کوئی وجہ نہیں کہ اُمید بر نہ آئے۔ ولادت تک مسلسل یہ عمل بلا ناغہ کریں۔

نقش نمبر ۴۸

۲۴	۱۰	۱۸	۲۱
۱۷	۲۲	۲۳	۱۱

چال نقش

۱۴	۱	۸	۱۱
۷	۱۲	۱۳	۲

۹	۶	۳	۱۶
۴	۱۵	۱۰	۵

۱۹	۱۶	۱۲	۲۶
۱۳	۲۵	۲۰	۱۵

☆ وہ لوگ جن کو خواہش ہو کہ ان کی اولاد خوش شکل، خوبصورت اور جاذب نظر ہو۔ ان کو چاہئے کہ ایام حمل میں روزانہ بعد از نماز فجر اسم الٰہی "یا مصور" کا ذکر چار سو مرتبہ کریں۔ بچے کی پیدائش تک یہ عمل روزانہ کرنا ہے۔

رونے والے بچے کا علاج

☆ وہ چھوٹے بچے جو زیادہ روتے ہوں یا کسی بچے کے رونے کی وجہ سمجھ نہ آتی ہو تو نقش نمبر ۴۹ زعفران سے لکھ کر بچے کے گلے میں ڈالے۔ انشاء اللہ بچے کا رونا دھونا ختم ہو جائے گا۔

چال نقش

۱۴	۱	۸	۱۱
۷	۱۲	۱۳	۲
۹	۶	۳	۱۶
۴	۱۵	۱۰	۵

نقش نمبر ۴۹

۶۱۱۷۹	۶۱۱۶۵	۶۱۱۷۲	۶۱۱۷۶
۶۱۱۷۱	۶۱۱۷۷	۶۱۱۷۸	۶۱۱۶۶
۶۱۱۷۴	۶۱۱۷۰	۶۱۱۶۷	۶۱۱۸۱
۶۱۱۶۸	۶۱۱۸۰	۶۱۱۷۵	۶۱۱۶۹

☆ رونے والے بچے کو رات سونے سے پہلے "سورۂ رعد" پڑھ کر پھونکیں۔ انشاء اللہ نہ تو بچہ زیادہ روئے گا اور نہ ہی خواب میں ڈرے گا۔

ضدی بچے کا علاج

☆ نقش نمبر ۵۰ تحریر کر کے ضدی بچے کے گلے میں ڈال دیں۔ انشاء اللہ ٹھیک ہو جائے گا۔ ساتھ ہی پانی پر "یا حلیم" روزانہ ایک سو مرتبہ پڑھ کر پھونکیں اور یہ پانی بچے کو پلا دیں۔

چال نقش

۱	۱۴	۱۱	۸
۱۲	۷	۲	۱۳
۶	۹	۱۶	۳
۱۵	۴	۵	۱۰

نقش نمبر ۵۰

۲۵	۳۹	۳۵	۳۲
۳۶	۳۱	۲۶	۳۸
۳۰	۳۳	۴۱	۲۷
۴۰	۲۸	۲۹	۳۴

بچے کا نہ بولنا

☆ بچہ اگر نہ بولتا ہو یا اس کی زبان درست طور پر نہ چلتی ہو تو ''سورۂ بنی اسرائیل'' آب زم زم اور زعفران سے لکھ کر اس کو پلائیں۔ کم از کم مسلسل چالیس یوم یہ عمل کریں۔ انشاء اللہ افاقہ ہوگا۔

حصول اولاد

☆ حصول اولاد کے واسطے اِسم الٰہی ''یاباقی'' کا ذکر بلاناغہ بعد از عشاء دو سو بار کرے۔ انشاء اللہ اولاد کی نعمت سے سرفراز ہوگا۔

☆ نئے چاند سے اس عمل کو شروع کریں۔ میاں بیوی دونوں روزانہ ''سورۂ مزمل'' چالیس مرتبہ پڑھیں۔ چالیس دن کا چلہ ہے۔ یقین کامل ہو اور اللہ کی رضا شامل ہو تو ضرور اولاد ہوگی۔ ایک چلے کا کچھ نتیجہ نہ نکلے تو نا اُمید نہ ہو بلکہ دوبارہ سہ بارہ نئے چاند سے یہی عمل کریں۔ اللہ بہتر کرے گا۔

☆ ممکن ہو تو مندرجہ بالا کسی ایک عمل کو اختیار کرنے کے ساتھ نقش نمبر ۱ (الف) چاندی پر تحریر کر کے سونے کے کمرے میں کسی اونچی جگہ لٹکا دیں۔

نافرمان اولاد کی اِصلاح

☆ نافرمان اور بدتمیز اولاد کو اپنا تابع بنانے اور ان کی اِصلاح کے لیے اسم الٰہی ''یا ودود'' کو جب بچی یا بچہ سو جائے تو اس کے سرہانے بیٹھ کر دو سو مرتبہ پڑھ کر پھونک دیں۔ ساتھ ہی مکمل یقین کے ساتھ اللہ سے اپنی اولاد کی اِصلاح کے لیے دعا کریں۔ اللہ قبول کرنے والا ہے۔

☆ اولاد میں سعادت مندی پیدا کرنے، اخلاق واطوار کی اِصلاح اور متوازن شخصیت کے لیے اس اِسمِ الٰہی ''یا قدوس'' کو ایک ہزار مرتبہ کسی کھانے کی چیز پر پڑھ کر کھانے کو دیں۔ کم از کم چالیس دن یہ عمل کریں۔

گھر سے بھاگنے والے بچے

☆ وہ بچے جو گھر والوں کی طرف سے بدظن ہوں اور گھر سے بھاگ جاتے ہوں۔ ان کو اِسمِ الٰہی ''یا رحمٰن یا رحیم'' دو سو مرتبہ روزانہ پانی پر دم کر کے پلائیں۔ رات کو جب بچہ سو جائے تو اس کے سرہانے بیٹھ کر آہستہ آہستہ اس اِسم کو پڑھیں۔ بچے کے ساتھ پیار و محبت کا سلوک اور اس کے مسائل کو سمجھنے کی کوشش کریں۔ اِنشاء اللہ جلد ہی بچے کی ذہنی اِصلاح ہو جائے گی جس کو آپ خود محسوس کریں گے۔

مال و اولاد کی حفاظت

☆ مال و اسباب اور اہل و عیال کی حفاظت کیلیے ''آیت الکرسی'' کا پڑھنا اور لکھ کر گلے میں ڈالنا یا مکان وغیرہ پر اونچی جگہ پر لٹکا دینا حد درجہ مناسب روحانی عمل ہے۔ ہر نقصان سے محفوظ رہیں گے۔

افعال قبیحہ

☆ کوئی فرد افعال قبیحہ کا شکار ہو اور کسی طور پر راہ راست پر نہ آتا ہو تو کھانے کی کسی شے پر روزانہ اِسم الٰہی ''یاسلام'' چھ سو بار پڑھ کر دیں۔ ممکن ہو تو نقش نمبر ۵۰ زعفران سے تحریر کر کے اس کے گلے میں ڈال دیں یا بازو پر و باندھ دیں۔

اِصلاحِ فاحشہ زن و مرد

☆ کسی فاحشہ عورت یا مرد بداعمال کو نیکی کی طرف مائل کرنا ہو تو اِسم الٰہی ''یاودود'' کو روزانہ چھ سو مرتبہ کسی کھانے کی شے یا پانی پر دم کر کے متعلقہ مرد و زن کو دیں اور اللہ کے حضور دعا کریں کہ اس کو نیکی کی راہ پر ڈال دے۔

☆ گھر میں کوئی فرد بے راہ روی یا بداخلاقی کی طرف مائل ہو یا کسی کا شریک حیات یا اولاد یا عزیز و اقارب یا بہن بھائی میں سے کوئی اخلاقی کمزوری' بداعمالی' شراب و کباب کا شکار ہو تو اِسم الٰہی ''یاقدوس'' کو ایک ہزار مرتبہ روزانہ پانی یا کھانے والی چیز پر دم کر کے دیں۔ انشاء اللہ پاکیزگی نفس اور نیک جذبات فرد کی شخصیت پر غالب آئیں گے۔

بصیرت و عقل و دانش

☆ حصول بصیرت و عقل و دانش یا ذہنی قوتوں کو ترقی دینے کے لیے اِسم الٰہی ''یاشکور'' کا ورد روزانہ بعد از فجر تین سو بار کریں۔ اس سے ذہن کھل جائے گا اور اللہ کی جانب سے بصیرت و دانائی کا حصول ہوگا۔

علم میں اضافہ

☆ اگر کوئی فرد چاہے کہ اس کے علم و عقل میں اضافہ ہو تو ''سورۂ دہر'' کو روزانہ بعد از فجر پڑھنا اپنا معمول بنالے۔

☆ علم میں اضافے کے لیے رب زدنی علما کا روزانہ ایک ہزار مرتبہ بعد از عشاء ورد کریں۔

یادداشت وحافظہ

☆ قوت یادداشت اور حافظہ کمزور ہو تو اس کو بہتر کرنے اور طاقت دینے کے لیے ''سورۂ الحمد شریف'' چینی کی پلیٹ پر آب زم زم، زعفران اور مشک (اگر مل سکے) سے تحریر کرکے پی لے۔ یہ عمل متواتر چالیس یوم کریں۔ ذہن اور قوت یادداشت اور حافظہ کئی گنا بڑھ جائے گا۔

شیریں پانی

☆ کسی کنویں یا تالاب کا پانی میٹھا نہ ہو تو ''سورۂ فاتحہ اور اخلاص'' روزانہ ایک مقررہ وقت پر پڑھ کر کنویں یا تالاب پر پھونک دے۔ اللہ کی رضا ہوئی تو پانی میٹھا ہو جائے گا۔

کھانسی، بلغم اور دمہ

☆ مندرجہ بالا امراض کا روحانی علاج یہ ہے کہ نماز فجر سے فراغت کے بعد سات بار ''سورۂ فاتحہ'' اور سات ہی بار ''آیت الکرسی'' شہد پر دم کرکے استعمال کرے۔ انشاء اللہ افاقہ ہوگا۔

لکنت کا علاج

☆ لکنت کے علاج کے لیے ''سورۃ بنی اسرائیل'' کو روزانہ دو دفعہ آہستگی کے ساتھ پڑھے۔ ممکن ہو تو نقش نمبر ۵۱ زعفران، عرق گلاب اور آب زم زم سے تحریر کر کے بلا ناغہ پیئے۔ انشاء اللہ زبان کی لکنت ختم ہو جائے گی۔

چال نقش

۱۱	۸	۱	۱۴
۲	۱۳	۱۲	۷
۱۶	۳	۶	۹
۵	۱۰	۱۵	۴

نقش نمبر ۵۱

۶۱۴۵۷	۶۱۴۵۴	۶۱۴۴۷	۶۱۴۶۰
۶۱۴۴۸	۶۱۴۵۹	۶۱۴۵۸	۶۱۴۵۳
۶۱۴۶۲	۶۱۴۴۹	۶۱۴۵۲	۶۱۴۵۵
۶۱۴۵۱	۶۱۴۵۶	۶۱۴۶۱	۶۱۴۵۰

مردانہ امراض

☆ وہ شخص جس کو نامردی کی شکایت ہو۔ دوا کے ساتھ روحانی علاج کی غرض سے اِسم الٰہی ''یا اللہ، یا حی، یا قیوم'' کو روزانہ بعد از فجر اور عشاء ایک سو بار پڑھے۔ صحت ہوگی اور مردانہ کمزوری جاتی رہے گی۔

احتلام کا علاج

☆ رات کو سونے سے پہلے سورۃ ''والسماء ذالطارق'' پڑھ کر سوئے انشاء اللہ صحت یاب ہوگا۔ احتلام کا شافی روحانی علاج ہے۔

نظر بد

☆ کسی کو نظر لگ جائے یا اکثر کوئی بچہ یا بڑا دوسرے کی نظر کا شکار ہو جاتا ہو تو اس پر سات دفعہ ''سورۂ فاتحہ'' پڑھ کر پھونکیں، نظر بد کا اثر جاتا رہے گا۔

☆ کسی مرد، عورت، جوان یا بچے کو نظر لگ جائے تو نظر بد کے اثرات ختم کرنے کے لیے ''قل اعوذ برب الفلق اور قل اعوذ برب الناس'' اس پر پڑھ کر پھونکیں۔ جب تک مکمل صحت نہ ہو روزانہ یہی عمل کریں۔ کم از کم تین دن ضرور کریں۔

شفاءِ امراض و بخار

☆ کوئی بھی مرض ہو یا بخار وغیرہ کی شدت ہو تو اِسم الٰہی ''یا رحیم'' کو ۲۵۸ مرتبہ پڑھ کر پانی پر دم کریں اور یہ پانی مریض کو پلائیں۔ اللہ نے چاہا تو بالضرور شفا ہوگی۔

☆ جس فرد کا بخار شدید ہو یا بخار کی شدت کم نہ ہوتی ہو یا بخار اترتا نہ ہو۔ اس کو اِسم الٰہی ''یا رحمٰن یا رحیم'' روزانہ بعد از فجر ایک ہزار بار پانی پر دم کر کے اِستعمال کرنا چاہیے۔ جب پیاس لگے یہی پانی اِستعمال کرے۔ اگر خود نہ کر سکے تو کوئی دوسرا پڑھ کر دے۔ اللہ شفا دے گا۔

امراض قلب

☆ امراض قلب میں ''سورۃ الطارق'' کا روزانہ پڑھنا اختلاجِ قلب، سوزشِ قلب اور گھبراہٹ وغیرہ کے علاج کے لیے لاجواب اثرات کا حامل ہے۔

☆ درود شریف بھی امراض قلب میں تقویت قلب کا باعث ہے۔ کسی تعداد اور وقت کی پابندی نہیں۔ اٹھتے، بیٹھتے، کام کرتے، جب خیال آئے درود شریف پڑھنا شروع کر دے۔ تاہم کسی مقررہ

وقت چالیس دفعہ روزانہ پڑھے تو زیادہ بہتر ہے۔

☆ امراض قلب کے مریضوں کے لیے "سورۃ فاتحہ" آب زم زم اور بالکل معمولی ساز عفران ملا کر چینی کی پلیٹ پر لکھ کر پلائیں۔ انشاء اللہ شفا ہوگی۔

☆ امراض قلب کے مریضوں کو نقش نمبر ۵۲ تحریر کر کے دیں۔ مریض کو چاہئے کہ اس کو ہمیشہ اپنے پاس رکھے۔

چال نقش

۱۴	۱	۸	۱۱
۷	۱۲	۱۳	۲
۹	۶	۳	۱۶
۴	۱۵	۱۰	۵

نقش نمبر ۵۲

۶۳۴۰۴	۶۳۳۹۰	۶۳۳۹۷	۶۳۴۰۱
۶۳۳۹۶	۶۳۴۰۲	۶۳۴۰۳	۶۳۳۹۱
۶۳۳۹۹	۶۳۳۹۵	۶۳۳۹۲	۶۳۴۰۶
۶۳۳۹۳	۶۳۴۰۵	۶۳۴۰۰	۶۳۳۹۴

☆ ایک کامیاب عمل یہ ہے مریض اپنا دایاں ہاتھ مقام قلب پر رکھے اور اس قدر "سورۃ اعراف" کی تلاوت کرے۔ جتنی اس کی صحت اجازت دے۔ خود دیکھے گا کہ چند روز میں تقویت قلب کے اسباب پیدا ہوں گے۔

ہائی بلڈ پریشر

☆ ہائی بلڈ پریشر کے مرض میں درود شریف کا کھلا ورد یعنی اٹھتے بیٹھتے درود شریف پڑھنا ذہنی سکون اور ہائی بلڈ پریشر کے مرض کا ناقابل تردید علاج ہے۔ بارہا میں نے اس کو مجرب پایا ہے۔ اس سلسلے میں خیال رہے آپ نماز میں جو درود شریف پڑھتے ہیں۔ اس کا ہی ذکر کریں۔ کسی الجھن میں پڑنے کی ضرورت نہیں۔

نکسیر کا علاج

☆ جس بچے یا بڑے کی نکسیر پھوٹ پڑتی ہو اس کا روحانی علاج یہ ہے کہ اس کے ناک کو پکڑ کر "بسم اللہ الرحمٰن الرحیم" بلاناغہ ایک سو دفعہ پڑھے۔ خیال رہے ناک زور سے نہ پکڑیں۔

سر درد

☆ سر درد کے روحانی علاج کے طور پر ماتھے کو انگشت شہادت اور انگوٹھے سے دباتے ہوئے تین دفعہ "سورۃ فاتحہ" پڑھے اِنشاء اللہ درد میں کمی ہو جائے گی۔

☆ اسی طور پر "سورۃ ناس" سات بار پڑھے۔ درد سر ٹھیک ہو جائے گا۔

آدھے سر کا درد

☆ آدھے سر کے درد کے علاج کے لیے بھی مندرجہ بالا دونوں طریقے اِستعمال کر سکتے ہیں۔ اِنشاء اللہ صحت ہو گی۔

آنکھوں کے امراض

☆ آنکھوں کا کوئی مرض ہو نظر کمزور ہو یا درد ہو یا آنکھوں کا کوئی بھی مسئلہ ہو۔ اِسم الٰہی "یا شکور" کا ورد تین سو دفعہ فجر کی نماز کے بعد کریں۔ اگر ممکن ہو تو نقش نمبر ۵۳ تحریر کر کے اپنے پاس جیب یا بٹوے میں رکھیں یا گلے میں ڈال لیں۔ بصارت پر مثبت اثر پڑے گا۔

نقش نمبر ۵۳ چال نقش

۱۳۷	۱۲۴	۱۳۱	۱۳۴
۱۳۰	۱۳۵	۱۳۶	۱۲۵
۱۳۲	۱۲۹	۱۲۶	۱۳۹
۱۲۷	۱۳۸	۱۳۳	۱۲۸

۱۴	۱	۸	۱۱
۷	۱۲	۱۳	۲
۹	۶	۳	۱۶
۴	۱۵	۱۰	۵

☆ اسم الٰہی ”یا رحمٰن“ کا روزانہ ایک ہزار مرتبہ پڑھنا امراض نظر و بصارت میں مجرب ہے۔ آہستگی سے انگلیوں کی پوروں کو آنکھوں پر رکھیں اور اس اسم الٰہی کو پڑھیں۔ حیرت انگیز نتائج سامنے آئیں گے۔

ریح کا درد

☆ ریح کا درد حد درجہ تکلیف دہ ہوتا ہے۔ بہرحال جہاں ریح کا درد ہو اس جگہ پر ہاتھ رکھ کر آٹھ بار ”سورۃ فاتحہ“ پڑھ کر دم کریں۔ انشاء اللہ شدت درد میں کمی واقع ہو گی۔

نیند نہ آنا

☆ رات کو نیند نہ آتی ہو تو بستر پر لیٹ کر اسم الٰہی ”یا سلام“ چھ سو مرتبہ پڑھے۔ انشاء اللہ اچھی نیند آئے گی۔

ڈراؤنے خواب

☆ رات کو ڈراؤنے خواب تنگ کریں تو سونے سے پہلے ”سورۂ محمد“ کی تلاوت کر کے سوئے۔ سکون کی نیند آئے گی۔

زہر کا علاج

☆ کسی کو سانپ کاٹ لے یا زہر خورانی کا شکار ہو جائے تو اس کو پانی پر اکیس دفعہ ''سورۃ مزمل'' پڑھ کر پینے کے لیے دیں۔ صحت یابی تک روزانہ یہی عمل کریں۔

امراض خبیثہ

☆ امراض خبیثہ مثل سوزاک وغیرہ سے محفوظ رہنے اور ان کے روحانی علاج کے لیے اسم الٰہی ''یا مومن'' کو روزانہ بعد از فجر چار سو بار پڑھیں۔ اللہ صحت دے گا۔

حیض و بواسیر

☆ وہ خواتین و حضرات جو حیض و بواسیر جیسے امراض خبیثہ کا شکار ہوں وہ نقش نمبر ۵۴ کو زعفران سے لکھ کر اپنے گلے میں ڈال لیں یا بازو پر باندھ لیں۔ اِنشاء اللہ صحت نصیب ہوگی۔

چال نقش

۱۴	۱	۸	۱۱
۷	۱۲	۱۳	۲
۹	۶	۳	۱۶
۴	۱۵	۱۰	۵

نقش نمبر ۵۴

۲۳۲	۲۱۸	۲۲۵	۲۲۸
۲۲۴	۲۲۹	۲۳۱	۲۱۹
۲۲۶	۲۲۳	۲۲۰	۲۳۴
۲۲۱	۲۳۳	۲۲۷	۲۲۲

☆ اگر حیض کم آتا ہو تو روزانہ تین سو دفعہ ''لا الٰہ الا انت سبحانک انی کنت من الظالمین'' کو بعد از فجر پڑھے۔

پتھری کا علاج

☆ وہ افراد جو پتھری کے مرض کا شکار ہوں بلا ناغہ بعد از فجر ایک سو مرتبہ "یا اللہ یا رحمٰن یا رحیم" کا ذکر کریں۔ اللہ بہتری فرمائے گا۔

سوکھا بچہ

☆ وہ بچے جو سوکھے کے مرض کا شکار ہوں۔ ان کو بلا ناغہ پانی پر "بسم اللہ الرحمٰن الرحیم" ایک سو مرتبہ دم کر کے دیں۔ اگر ممکن ہو تو چاندی کی پتری پر "بسم اللہ الرحمٰن الرحیم" نقش کروا کر لاکٹ وغیرہ کی شکل میں گلے میں ڈالیں۔

خارش و جذام

☆ خارش و جذام کا مرض جس فرد کو ہو اس کو چاہئے کہ سورہ "قدر" کو پڑھنا اپنا روزمرہ کا معمول بنالے۔ انشاء اللہ صحت یاب ہوگا۔ اس عمل میں وقت اور تعداد کی کوئی قید نہیں۔ جس قدر ہو سکے روزانہ پڑھے۔

برص

☆ اسم الٰہی "یا مجید" کو روزانہ بعد از عصر چار سو مرتبہ پڑھے۔ برص سے نجات پائے گا۔

پیشاب

☆ اگر کسی بچے یا بڑے کو پیشاب کثرت سے آتا ہو یا بستر پر نکل جاتا ہو تو ''سورۃ فاتحہ'' پانی پر دم کر کے صبح کے وقت پلائیں۔

☆ اگر کسی کا پیشاب رک جائے تو ''سورۃ اخلاص'' ایک سو مرتبہ پانی پر دم کر کے صبح کے وقت پلائیں۔

بھوک

☆ بھوک زیادہ لگنا بھی ایک بیماری ہے۔ اس کی اصلاح کے لیے ''اللہ الصمد'' ایک سو دفعہ کھانے پر دم کریں پھر کھانا کھائیں۔

☆ بھوک نہ لگتی ہو تو اسم الٰہی ''یا قوی'' ایک سو دفعہ کھانے پر دم کریں اور پھر کھانا کھائیں۔

لاعلاج مرض

☆ یوں تو ہر انسان کو آخر ایک دن مرنا ہے۔ تاہم صحت کی سعی بھی فرض ہے۔ سو جب کوئی لاعلاج اور جان لیوا مرض کا شکار ہو تو اسم الٰہی ''یا سلام'' کو اٹھتے بیٹھتے پڑھتا رہے گا۔ اللہ بہتر کرنے والا ہے۔ اگر خود نہ پڑھ سکتا ہو تو کوئی دوسرا فرد پانی پر ۱۳۱ دفعہ پڑھ کر پھونک دے اور مریض یہ پانی استعمال کرے۔

☆ لاعلاج یا مرض الموت میں گرفتار فرد کے لیے ''لا الہ الا انت سبحانک انی کنت من الظالمین'' کو بلا تعداد پڑھنا حد درجہ فائدہ دینے والا عمل ہے۔ اللہ نے چاہا تو صحت ہوگی۔

ناقابل شناخت مرض

☆ جب کوئی فرد ایسے مرض میں مبتلا ہو جائے جس کی تحقیق نہ ہوتی ہو کہ کیا مرض ہے یا ڈاکٹروں کی باہمی رائے میں مرض کی نوعیت کے بارے میں اختلاف ہو اور کوئی حتمی بات سامنے نہ آ رہی ہو تو پھر ذات الٰہی کی طرف رجوع کرنے کے علاوہ لاچار و مجبور بشر کے پاس اور کوئی چارہ نہیں رہتا۔ ایسی حالت میں اسم الٰہی "یا سلام" کا ہر نماز کے بعد ایک سو اکتیس (۱۳۱) دفعہ ورد کرنا حد درجہ مفید ہے۔ اگر مریض خود نہ پڑھ سکے تو کوئی دوسرا پڑھ کر اس پر پھونک دے۔ اللہ صحت دینے والا ہے۔

☆ "لاحول ولا قوۃ الا باللہ" کو اٹھتے بیٹھتے پڑھیں۔ یہ ننانوے امراض کے لیے شفا ہے تعداد اور وقت کی کوئی پابندی نہیں۔ آسانی سے جتنا پڑھ سکیں پڑھ لیں۔

وبائی امراض

☆ وبائی امراض میں "سورۂ بقرہ" کی تلاوت روزانہ اونچی آواز میں کریں۔ ساتھ ہی نقش نمبر ۵۵ زعفران سے تحریر کر کے تمام اہل خانہ کو پینے اور پاس رکھنے کے لیے دیں۔

چال نقش

۱۴	۱	۸	۱۱
۷	۱۲	۱۳	۲
۹	۶	۳	۱۶
۴	۱۵	۱۰	۵

نقش نمبر ۵۵

۲۳۷۰۰۸	۲۳۶۹۹۴	۲۳۷۰۰۲	۲۳۷۰۰۵
۲۳۷۰۰۱	۲۳۷۰۰۶	۲۳۷۰۰۷	۲۳۶۹۹۵
۲۳۷۰۰۳	۲۳۷۰۰۰	۲۳۶۹۹۶	۲۳۷۰۱۰
۲۳۶۹۹۷	۲۳۷۰۰۹	۲۳۷۰۰۴	۲۳۶۹۹۹

ہر مرض کا علاج

☆ کوئی بھی مرض ہواس کے روحانی علاج کے لیے مریض کو پانی پر "سلام قولا من رب رحیم" روزانہ ایک سو مرتبہ پڑھ کر پینے کے لیے دیں۔ اِنشاء اللہ صحت ہوگی۔

وہم وسواس

☆ وہم وسواس کے شکار افراد کے لیے مجرب روحانی طریقہ صحت مند ہونے کے لیے یہ ہے کہ ہر نماز کے بعد "یا صمد" ایک سو دفعہ پڑھے۔ اِنشاء اللہ ہر طرح کے وہم وسواس سے بچاؤ اور نجات پائے گا۔

روحانی ونفسیاتی امراض

☆ وہ افراد جو روحانی یا نفسیاتی امراض کا شکار ہوں۔ ان کو اِسم الٰہی "یا مالک" کا کھلا ورد کرنا چاہیے۔ یعنی اٹھتے بیٹھتے لیٹتے کام کرتے جب خیال آئے اس اِسم کو پڑھیں۔ تعداد یا وضو وغیرہ کی قید نہیں۔ ہر حالت میں پڑھ سکتے ہیں۔ اِنشاء اللہ فائدہ ہوگا اور تمام نفسیاتی و روحانی امراض واثرات سے صحت ہوگی۔

مصائب وآفات سماوی سے بچاؤ

☆ روزمرہ مصائب' آفات اور مشکلات سے بچنے کے لیے نقش نمبر ۵۶ چاندی کی انگوٹھی پر نقش کروائیں۔ انگوٹھی پہنتے وقت صدقہ بھی دیں۔ اِنشاء اللہ آفات ومصائب سے حفاظت رہے گی۔

چال نقش

۱	۱۴	۱۱	۸
۱۲	۷	۲	۱۳

نقش نمبر ۵۶

۶	۲۰	۱۶	۱۳
۱۷	۱۲	۷	۱۹

۳	۱۶	۹	۶
۱۰	۵	۴	۱۵

۸	۲۲	۱۴	۱۱
۱۵	۱۰	۹	۲۱

☆ ''بسم اللہ الرحمٰن الرحیم'' کا مسلسل ذکر مصائب سے نجات اور باعث فلاح ہے۔ کسی بھی شے کا خوف ہو طوفان' زلزلہ' غرق یابی' مصیبت جو بھی ہو اس کا بہترین توڑ یہ مبارک کلمہ ہے۔

خاتمہ ناجائز سزا و قید

☆ کوئی فرد حکومت یا با اثر افراد کی زیادتی کے باعث ناجائز قید ہو جائے اور رہائی کی کوئی سبیل پیدا نہ ہو تو ہر نماز کے بعد دو سو بار اسم الٰہی ''یا باسط'' کا ورد کرے۔ اللہ ناجائز سزا اور قید کے خاتمے کے اسباب پیدا کرے گا۔

☆ قید سے رہائی و کسی سزا کے واسطے ''سورۂ مزمل'' بعد از عشاء مکمل توجہ اور یقین سے چار بار بلا ناغہ پڑھے۔ اللہ بہتری فرمائے گا۔

☆ قید سے رہائی کے لیے بعد از فجر آٹھ دفعہ روزانہ ''سورۂ فاتحہ'' پڑھے پھر اللہ کے حضور دعا کرے۔ اللہ دعا سننے والا ہے۔

خاتمہ سحر جادو و اثر

☆ تمام سحری و آسیبی اثرات سے محفوظ رہنے اور ان کا اثر ختم کرنے کے لیے نقش نمبر ۷۵ تحریر کر کے مریض کو دیں۔ ان شاء اللہ صحت ہوگی۔

چھال نقش

۱	۱۴	۱۱	۸

نقش نمبر ۷۵

۱۰	۲۴	۲۱	۱۸

۲۲	۱۷	۱۱	۲۳
۱۶	۱۹	۲۶	۱۲
۲۵	۱۳	۱۵	۲۰

۱۲	۷	۲	۱۳
۶	۹	۱۶	۳
۱۵	۴	۵	۱۰

☆ جادو، آسیب اور سحر وغیرہ سے محفوظ رہنے کے لیے اسمِ الٰہی ''یا قہار'' کو روزانہ ایک ہزار مرتبہ بعد از عشاء پڑھیں۔ کوئی جادو ٹونہ اثر نہ کرے گا۔

☆ دفع سحر کے لیے ''سلام قولا من رب رحیم'' کو بلاناغہ بعد از فجر و عصر چھ سو بار پڑھے۔ ساتھ ہی کسی کاغذ پر اس کو چھ دفعہ زعفران سے لکھ کر گلے میں ڈال لے۔ چاندی یا سونے پر بھی کندہ کروا کر لاکٹ وغیرہ بنوا سکتے ہیں۔ انشاء اللہ تمام سحری اثرات ختم ہو جائیں گے۔

دفعہ جادو/ بیوی سے روک دیا گیا

☆ تفسیر ابن کثیر میں علامہ حافظ عماد الدین ابن کثیرؒ نے دفع جادو کے سلسلے میں حضرت وہبؒ سے روایت کیا ہے کہ بیری کے سات پتے لے کر سل بٹے پر کوٹ لیے جائیں اور پانی ملا دیا جائے۔ پھر ''آیت الکرسی'' پڑھ کر اس پر دم کر دیا جائے اور جس پر جادو کیا گیا ہے۔ اس کو تین گھونٹ پلا دئے جائیں۔ باقی پانی سے غسل کرا دیا جائے۔ انشاء اللہ جادو کا اثر جاتا رہے گا۔ یہ عمل خصوصیت سے اس شخص کے لیے بہت اچھا ہے جسے اپنی بیوی سے روک دیا گیا ہو۔

☆ تفسیر ابن کثیر میں مزید تحریر ہے کہ جادو اور اس کے اثر کو زائل کرنے کے لیے سب سے اعلیٰ چیز ''قل اعوذ برب الفلق اور قل اعوذ برب الناس'' کی سورتیں ہیں۔ حدیث میں ہے کہ ان جیسا کوئی تعویذ نہیں۔ اسی طرح ''آیت الکرسی'' بھی شیطان کو رفع کرنے میں اعلیٰ درجے کی چیز ہے۔

جن یا سایہ

☆ جن یا سایے کا اثر دُور کرنے کے لیے اِسم الٰہی ''یا قدوس'' بعد از فجر اور مغرب ایک ہزار بار پڑھ کر مریض کے تمام جسم پر پھونکیں۔ ساتھ ہی پانی پر دم کر کے اس کو اِستعمال کے لیے دیں۔ یہ عمل کم از کم چالیس دن تک کریں۔ آہستہ آہستہ تمام اثر دور ہو جائے گا۔

☆ جس پر آسیب و جن کا سایہ ہو اس کو ''سورۃ جن'' پانی پر تین دفعہ پڑھ کر روزانہ پلائیں۔ ساتھ ہی نقش نمبر ۵۸ مریض کے گلے میں ڈالیں صحت ہوگی۔

نقش نمبر ۵۸

۱۵۱۵۰	۱۵۱۶۴	۱۵۱۶۱	۱۵۱۵۸
۱۵۱۶۲	۱۵۱۵۷	۱۵۱۵۱	۱۵۱۶۳
۱۵۱۵۶	۱۵۱۵۹	۱۵۱۶۶	۱۵۱۵۲
۱۵۱۶۵	۱۵۱۵۳	۱۵۱۵۵	۱۵۱۶۰

چال نقش

۱	۱۴	۱۱	۸
۱۲	۷	۲	۱۳
۶	۹	۱۶	۳
۱۵	۴	۵	۱۰

ذاتی مکان و جائداد کا حصول

☆ ذاتی مکان بنانے یا جائیداد خریدنے کی خواہش کی تکمیل نہ ہوتی ہو تو اِسم الٰہی ''یا مالک'' کا وِرد روزانہ بعد از عصر ایک ہزار مرتبہ کریں اور صدق دل سے حصول مقصد کے لیے اللہ سے دعا کریں۔

معاشرتی وقار و مرتبہ

☆ معاشرے میں عزت و وقار کے حصول اور مرتبے میں اضافے کے لیے اِسم الٰہی ''یا مالک'' ہر نماز کے بعد صرف ایک سو مرتبہ پڑھیں۔ اللہ معاشرے میں اعلیٰ مقام و مرتبہ عطا فرمائے گا۔

☆ دنیاوی اور مادی عزت و مرتبہ کے حصول کے واسطے اِسم الٰہی ''یا عزیز'' کا بعد از فجر و عصر ۹۴ دفعہ ذکر کرنا فائدہ مند ہے۔ اس کو مستقل طور پر اختیار کریں تو زیادہ بہتر ہے۔

ظالم افسر و مالک

☆ کوئی افسر یا مالک اپنے ماتحتوں اور ملازموں کے ساتھ سختی سے پیش آتا ہو۔ ان پر ظلم کرتا ہو اور ناجائز تنگ کرتا ہو تو اِسم الٰہی ''یا مہیمن'' کو اس کی اصلاح کی نیت سے روزانہ چار سو مرتبہ پڑھیں۔ اللہ اس سے حفاظت فرمائے گا اور اس کے دل کو نرم کرے گا۔

☆ ظالم و بدکردار مالک، حاکم اور افسر سے محفوظ رہنے کے اِسم الٰہی ''یا عزیز'' کا روزانہ بعد از فجر سات سو مرتبہ ورد کریں۔

دشمنوں پر غلبہ و ہیبت

☆ جب دشمنوں میں نفاق ڈالنا ہو، اختلاف پیدا کرنا ہو اور ان کے شر سے محفوظ رہنے کے لیے ان پر غلبہ حاصل کرنا ضروری ہو تو نقش نمبر ۵۹ کے مطابق دو نقش تحریر کریں اور ان کو مخالفین کی گزرگاہ میں دفن کر دیں۔ ان میں باہم فساد پیدا ہوگا اور آپ کا رعب اور غلبہ ان پر قائم ہوگا۔

چال نقش

۱	۱۴	۱۱	۸
۱۲	۷	۲	۱۳
۶	۹	۱۶	۳
۱۵	۴	۵	۱۰

نقش نمبر ۵۹

۶۹	۸۲	۷۹	۷۶
۸۰	۷۵	۷۰	۸۱
۷۴	۷۷	۸۴	۷۱
۸۳	۷۲	۷۳	۷۸

☆ دشمنوں کو مرعوب کرنے اور ان پر اپنی ہیبت قائم کرنے کے لیے اِسم الٰہی ''یا مہیمن''

کو روزانہ بعد از فجر ایک ہزار بار پڑھیں۔ دشمن زیر اور مسخر ہوگا۔

☆ دشمنوں کو مرعوب کرنے اور ان پر اپنی ہیبت قائم کرنے کے لیے اِسم الٰہی "یا عزیز" کو روزانہ بعد از فجر سات سو بار پڑھے۔ اللہ بہتری فرمائے گا۔

☆ اِسم الٰہی "یاجبار" کا روزانہ بعد از فجر و عصر چار سو مرتبہ پڑھنا دشمنوں اور ظالموں پر غلبہ و کامیابی کیلیے موثر ہے۔ دشمن اکیلا ہو یا زیادہ ہوں اُن کی ذلت اور شکست کی نیت رکھ کر پڑھے۔ مگر ناجائز اِستعمال نہ کرے ورنہ نقصان کا خود ذمہ دار ہوگا۔ جب دشمن کمزور ہو جائے یا راستے سے ہٹ جائے اور کوئی خطرہ باقی نہ رہے تو عمل ختم کر دے۔

☆ دشمنوں پر غلبہ پانے کے لیے "سورہ کوثر" روزانہ بعد از فجر بیس دفعہ پڑھے۔ پڑھتے ہوئے ذہن میں دشمنوں کی اشکال اور ان پر غلبہ حاصل کرنے کی نیت مستحکم ہو۔

خاتمہ ناجائز قبضہ

☆ اگر کوئی ناجائز طور پر کسی کی جائیداد یا مکان یا باغ وغیرہ پر قابض ہو تو نقش نمبر ۶۰ تحریر کر کے اس جگہ جہاں ناجائز قبضہ ہے دفن کر دیں۔ جلد ہی قابض خوف زدہ ہو کر قبضہ چھوڑ جائیں گے۔ تاہم ناجائز طور پر نہ کریں۔ ساتھ ہی مندرجہ بالا میں سے کوئی عمل دشمنوں پر غلبہ حاصل کرنے کے لیے کرے۔

نقش نمبر ۶۰

۲۲۵	۲۲۸	۲۳۲	۲۱۸
۲۳۱	۲۱۹	۲۲۴	۲۲۹
۲۲۰	۲۳۴	۲۲۶	۲۲۳
۲۲۷	۲۲۲	۲۲۱	۲۳۳

چال نقش

۸	۱۱	۱۴	۱
۱۳	۲	۷	۱۲
۳	۱۶	۹	۶
۱۰	۵	۴	۱۵

آگ بجھانا

☆ اگر کہیں آگ لگ جائے تو روحانی طور پر اس کے تدارک کے لیے "اللہ اکبر" کا مسلسل ورد آگ کی شدت کو کم کرنے اور اس کے بجھانے میں مجرب ہے۔

آندھی' طوفان اور زلزلہ

☆ جب آندھی' طوفان' سیلاب اور زلزلے وغیرہ سے خطرہ ہو تو قرآن مجید کی آخری تین سورتوں کا پڑھنا کسی نقصان سے محفوظ رہنے کے لیے بہترین دعا ہے۔

آفت ناگہانی

☆ آفت ناگہانی سے محفوظ رہنے کے لیے اسم الٰہی "یا سلام" حد درجہ مفید ہے۔ نقش نمبر ۶۱ زعفران سے تحریر کرکے اپنے پاس رکھیں۔ اللہ بہتری فرمائے گا۔

چال نقش

۱۴	۱	۸	۱۱
۷	۱۲	۱۳	۲
۹	٦	۳	۱٦
۴	۱۵	۱۰	۵

نقش نمبر ۶۱

۳۹	۲۵	۳۲	۳۵
۳۱	۳٦	۳۸	۲٦
۳۳	۳۰	۲۷	۴۱
۲۸	۴۰	۳۴	۲۹

☆ کوئی آفت یا پریشانی یا مصیبت درپیش ہو یا اندیشہ ہو تو "حسبنا اللہ و نعم الوکیل علی اللہ توکلنا" کا پڑھنا دفع شر اور رد بلا کا باعث ہے۔

خوش اخلاقی

☆ فرد میں اچھے اخلاق پیدا کرنے کے لیے اِسم الٰہی ''یاقدوس'' کا ورد حد درجہ مناسب ہے۔ جو بھی اس اِسم کا ذکر کرے گا لوگ اس کے اخلاق کے قائل ہو جائیں گے اگر کسی دوسرے فرد کی اِصلاح پیش نظر ہو تو یہ اِسم الٰہی روزانہ ایک ہزار مرتبہ پڑھ کر پانی پر پھونک دیں اور فرد متعلقہ کو یہ پانی اِستعمال کے لیے دیں۔ اِنشاء اللہ جلد ہی فرد کے اخلاق میں بہتری پیدا ہوگی۔

☆ طبع میں انکساری پیدا کرنے کے لیے اِسم الٰہی ''یاجبار'' کو ہر نماز کے بعد ایک سو بار پڑھیں۔

بخل کا علاج

☆ بخیل شخص دراصل اللہ کا ناشکرا ہوتا ہے اس کی اِصلاح کے لیے اِسم الٰہی ''یاکریم'' روزانہ دو سو مرتبہ پانی پر پڑھ کر اُس کو پلائیں۔ اگر کوئی فرد خود کو بُرا خیال کرے اور اس کا روحانی تدارک کرنا چاہے تو اِسم الٰہی ''یاکریم'' کا روزانہ دو سو مرتبہ پڑھنا بعد از فجر اس کے لیے از حد مفید ہے۔

پاکیزگی نفس

☆ پاکیزگی نفس کے لیے اِسم الٰہی ''یاقدوس'' کا روزانہ ایک ہزار مرتبہ ورد فوائد کثیر کا باعث ہے۔ غلبہ نفس کا خاتمہ اور خیر کی طرف رجحان بڑھے گا۔

☆ نفس کی پاکیزگی اور نفس پر غلبہ پانے کے لیے اِسم الٰہی ''یاجبار'' کا ہر نماز کے بعد چار سو کی تعداد میں پڑھنا موزوں ہے۔ پاکیزگی نفس اور انکساری طبع اس کے روشن نتائج ہیں۔

مخالفین دین

☆ مخالفین دین سے مقابلہ ہوتو ''سورۂ یونس'' کو پڑھنا اپنا معمول بنالے کوئی وجہ نہیں کہ کافروں پر غالب نہ آئے۔

حج وزیارت کے واسطے

☆ دل میں حج وزیارت مقامات مقدسہ کا خیال ہواور اسباب دنیاوی بظاہر موجود نہ ہوں تو حج و عمرہ وزیارت کی نیت سے روزانہ سات بار ''سورۂ عنکبوت'' کی تلاوت کرے۔ رضائے الٰہی شامل حال رہی تو از طرف اللہ اور نبی ﷺ کے صدقے اسباب دنیوی برائے حج وعمرہ وزیارت کے پیدا ہوں گے۔ ذات الٰہی پر بھروسہ دراصل کامیابی کی علامت ہے۔

قلب کی سختی

☆ اسم الٰہی ''یا مہیمن'' کا روزانہ صبح وشام ایک ہزار مرتبہ ورد قلب کی سختی دور کرنے اور ایمان کو تقویت دینے کا باعث ہوتا ہے۔

قبولیت دعا

☆ قبولیت دعا کے واسطے اسماء الٰہی ''یارحمٰن یارحیم'' ہر نماز کے بعد دوسومرتبہ پڑھے۔ انشاء اللہ جو بھی دعا مانگیں گے اللہ کے حضور شرف قبولیت پائے گی۔

قُربِ الٰہی

☆ جب قلب کو اللہ کی طرف راغب کرنا مقصود ہو تو اسم الٰہی ''یا مجید'' کو روزانہ ایک مقررہ وقت پر چار ہزار مرتبہ پڑھے۔ مسلسل چالیس دن کا یہ وظیفہ ہے۔ انشاء اللہ بزرگی حاصل ہوگی اور اسرار الٰہی سے لطف اٹھائے گا۔

کشف و کرامت

☆ اگر کوئی فرد چاہے کہ اس کے اندر کشفی و کراماتی طاقت پیدا ہو تو اول رزق حلال کا بندوبست کرے۔ پھر روزانہ بعد از عشاء تین ہزار ایک سو پچیس دفعہ اسم الٰہی ''یا قدوس'' کا ورد ایک مقررہ جگہ اور وقت پر کرے۔ بعد ذکر کسی سے گفتگو کیے بغیر سو جائے۔ ایک چلہ چالیس دن کا ہے۔ پہلے چلے میں ناکامی ہو تو مایوس نہ ہو دوسرا اور تیسرا چلہ کرے۔ انشاء اللہ صاحب کشف و کرامت ہو جائے گا۔

رقیق القلب

☆ اپنی ذات کا معاملہ ہو یا کسی دوسرے کا اسم الٰہی ''یا رحمٰن'' کو ایک ہزار مرتبہ پڑھ کر سینے پر پھونکیں۔ انشاء اللہ رقیق القلبی پیدا ہوگی۔ نفس کی سختی اور غرور ختم ہوگا۔

اللہ کے غضب سے حفاظت

☆ اللہ کا غضب انسان پر کئی طرح سے نازل ہوتا ہے۔ لیکن ہلکی سرزنش کو وہ خاطر میں نہیں لاتا۔ بہرحال جب کبھی کوئی ایسا گناہ یا حرکت ہو جائے جو رحمت الٰہی کو قطع کر دینے والی ہو تو پھر اسماء الٰہی ''یا رحمٰن یا رحیم'' کا کھلا ورد کریں یعنی اٹھتے بیٹھتے لیٹتے کام کرتے جب خیال آئے ان اسماء الٰہی کا

ذکر کریں۔ انشاء اللہ غضب الٰہی سے محفوظ رہیں گے اور اس کے ورد سے خیر کا حصول ہوگا۔ بس یقین محکم اور نیک دل و دماغ کے ساتھ اللہ کے حضور رحم کی درخواست کریں۔

☆ غضب الٰہی سے محفوظ رہنے اور اگر غضب الٰہی کا شکار ہو تو نجات کے واسطے اس کے حضور صدق دل سے توبہ کرے اور "کلمہ طیبہ" کو روزانہ بعداز فجر و عصر ایک سو بار پڑھے۔ اللہ معاف فرمانے والا ہے۔

مضبوطی ایمان

☆ دل و دماغ پر مذہب دشمن خیالات طاری رہتے ہوں اور شیطان سے حفاظت مطلوب ہو اور ایمان پر مضبوطی سے قائم رہنے کی تمنا ہو تو ہر نماز کے بعد ایک سو مرتبہ اسم الٰہی "یا مومن" کا ورد کریں۔ دل و دماغ پر طاری تمام منفی خدشات دور ہو جائیں گے۔

خاتمہ بالخیر

☆ خاتمہ بالخیر کی تمنا ہر مسلمان کی ہے۔ اس سلسلے میں اسم الٰہی "یا رحیم" کا کھلا ورد یعنی اٹھتے بیٹھتے ذکر کرنا مفید ہے۔

☆ انجام بالخیر کے لیے اسم الٰہی "یا رحمٰن" کا روزانہ بعداز عصر ایک ہزار مرتبہ ورد کریں۔ اللہ نے چاہا تو اختتام زندگی باخیر و باایمان ہو۔

زیارت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم

☆ زیارت رسول اللہ ﷺ کا شائق ہو تو بعداز عشاء پاک صاف لباس پہن کر پاک بستر و کمرے میں سوئے۔ سونے سے قبل "درود شریف" کا ذکر کرے۔ جب تک نیند نہ آئے درود شریف

پڑھتا رہے۔ سات دن اس طرح کرے زیارت رسول اللہ ﷺ کا شرف حاصل ہوگا۔ گلاب کی خوشبو بھی استعمال کرے۔

ایک خاص دعا

''ربنا اٰتنا فی الدنیا حسنۃ وّفی الاخرۃ حسنۃ وّقنا عذاب النّار''

مندرجہ بالا دعا سورۂ بقرہ کی آیت نمبر ۲۰۱ ہے اور اس کی ابتدا میں ''منھم من یقول'' کے الفاظ ہیں جن کے معنی ہیں ''اور بعض لوگ وہ بھی ہیں جو کہتے ہیں'' جبکہ بقایا آیت کے معنی یہ ہیں:۔

''اے ہمارے رب ہمیں دنیا میں نیکی دے اور آخرت
میں بھی بھلائی عطا فرما اور ہمیں عذاب جہنم سے نجات دے۔''

مختلف مقامات یعنی تفاسیر قرآن اور احادیث نبوی ﷺ کے مطالعہ کے بعد میرے ذہن میں اس دعا کے بارے میں ایک خاص انسیت پیدا ہو چکی ہے۔ دراصل اس آیت کریمہ میں ذات باری تعالیٰ از خود بندے کو طریق دعا اور مغز دعا کے بارے میں راہنمائی فرما رہے ہیں۔ اس آیت سے پچھلی آیات کو پڑھیں تو اصل مفہوم اس آیت کریمہ کا واضح ہوتا ہے۔ ارشاد باری آیت نمبر ۲۰۰ سورۂ بقرہ میں ہے:۔

''پس بعض لوگ وہ بھی ہیں جو کہتے ہیں اے ہمارے
رب ہمیں دنیا میں بھلائی دے ایسے لوگوں کا آخرت
میں کوئی حصہ نہیں۔''

اور اس کے بعد زیر بحث آیت میں فرمایا۔

''اور بعض لوگ وہ بھی ہیں جو کہتے ہیں اے ہمارے
رب ہمیں دنیا میں نیکی دے اور آخرت میں بھی بھلائی
عطا فرما اور ہمیں عذاب جہنم سے نجات دے۔''

دراصل اس دعا کے اندر دنیا اور آخرت ہر دو اور ان سے متعلق ہر معاملے کے لیے دعائے خیر آ جاتی ہے۔ دنیا میں انسان کی اپنی ذات اس کے ذاتی مسائل' شریک حیات' والدین' بہن بھائی' مال و دولت' رزق' صحت' زمین' جائیداد' علم' عزت' کردار' نیت' عمل سمیت ہر مادی چیز کے لیے دعا آ جاتی ہے۔ جبکہ آخرت کے سلسلے میں عذاب قبر' حساب کتاب' جنت' جہنم سمیت ہر معاملے میں بہتری کے لیے دعا آ جاتی ہے۔

اور پھر جو دعا سب سے کثرت سے رسول ﷺ کیا کرتے تھے وہ یہی "ربنا اٰتنا" ہے۔

تو پھر آپ کا کیا خیال ہے۔ کیوں نہیں آپ اپنے مسائل کے حل کیلیے اس دعا کو اپنے معمول میں شامل کر لیتے ہیں؟ لیکن ٹھہر جائیں پہلے ذات باری کے کلام اُس کے نبی ﷺ کے ارشاد کی مطابقت پر مکمل یقین پیدا کریں۔ دل سے بھی دماغ سے بھی' پھر دیکھیں اللہ تعالیٰ آپ کی بہتری کے اسباب پیدا کرتا ہے کہ نہیں؟ نا امیدی کفر ہے۔ بس یہ یقین رکھیں اللہ جو کرتا ہے اس میں کوئی نہ کوئی حکمت ضرور ہوتی ہے۔ یہ دراصل ہماری محدود سوچ اور ذہن ہے جو اس حکمت کو نہیں پا سکتا۔ ایک ماں باپ جب اپنی اولاد کا برا نہیں چاہتے تو کیا آپ سوچ سکتے ہیں وہ دونوں جہانوں کا خالق اپنی مخلوق کا برا چاہتا ہے اور کیا اُسے تکلیف میں دیکھ سکتا ہے؟

اسم اعظم

☆ سورۂ انبیاء کی آیت "لاالہ الا انت سبحانک انی کنت من الظالمین" اسم اعظم کا درجہ رکھتی ہے۔ جو بھی کوئی مسئلہ درپیش ہو۔ دوست احباب ایک مجلس میں اکٹھے ہو کر اس کا ذکر سوا لاکھ دفعہ کریں۔ اللہ کی منظوری ہوئی تو کام ہوتے دیر نہ لگے گی۔

☆ اسم الٰہی "یااللہ" کو بعد فراغت عشاء اور امور دنیاوی مکمل تنہائی' سکون اور توجہ کے ساتھ روزانہ گیارہ سو مرتبہ پڑھیں۔ جو بھی مقصد ذہن میں ہو گا انشاء اللہ اس کی تکمیل ہو گی۔

اِستخارہ

☆ رات کو عشاء کی نماز پڑھ کر بستر پر لیٹ جائیں۔ باوضو ہو اور بستر پاک صاف ہو۔ سات مرتبہ درود شریف پڑھنے کے بعد مقصد ذہن میں رکھ کر "سورۂ فاتحہ" پڑھنی شروع کرے اور غنودگی تک پڑھتا رہے۔ حالت خواب میں جو مسئلہ بھی درپیش ہوگا اس کا حل یا ہدایت بطرف اللہ تعالیٰ نصیب ہوگی۔ اس کے مطابق عمل کرے۔

☆ استخارے کے لیے ایک مجرب طریقہ درج کر رہا ہوں۔ ممکن ہو تو دن کو روزہ رکھیں پھر رات کو غسل کر کے پاک صاف لباس پہن لیں۔ عطر گلاب لگائیں۔ تین دفعہ "سورۂ فاتحہ" پڑھیں پھر تین دفعہ "سورۂ کوثر" پڑھیں۔ پھر "اللہ الصمد" کی ایک تسبیح کریں۔ اس عمل کے اول و آخر کوئی بھی درود شریف ضرور پڑھیں۔ عمل مکمل کر کے داہنی کروٹ سو جائیں انشاء اللہ بطرف اللہ راہنمائی حاصل ہوگی۔ اگر پہلی دفعہ کوئی واضح جواب نہ ملے تو دوبارہ وسہ بارہ مکمل یقین کے ساتھ یہ عمل کریں۔

☆ رات کو سونے سے قبل آٹھ دفعہ "سورۂ حجرات" استخارے کی نیت سے پڑھ کر سو جائیں۔ خواب میں ہی مسئلے کا حل یا جواب مل جائے گا۔ خیال رہے ایسے اعمال تب ہی کامیاب ہوتے ہیں جب فرد خود اس کا بستر و کمرہ پاک و صاف ہو۔ ساتھ میں ہلکی سی خوشبو کا استعمال بھی موزوں ہے۔

باب دوم

برکات

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

☆ "بسم اللہ الرحمٰن الرحیم" کتنی برکات کو اپنے اندر لیے ہوئے ہے۔ ہر مسلمان پر واضح ہے۔ کوئی بھی کام شروع کرنے سے قبل "بسم اللہ الرحمٰن الرحیم" کا پڑھنا کامیابی برکت اور رضا الٰہی کا باعث ہے۔ ذیل میں اس کے چند روحانی پہلوؤں کو بیان کیا جا رہا ہے۔

حصول مقصد

☆ کوئی بھی مقصد ہو "بسم اللہ الرحمٰن الرحیم" کا روزانہ سات سو چھیاسی مرتبہ ورد ایک مقررہ وقت پر ذات الٰہی پر مکمل بھروسہ کے ساتھ چالیس دن تک کریں۔ اللہ کی مرضی شامل حال ہوئی تو بالضرور حصول مقصد ہوگا۔ ایک چلّے میں کام نہ ہو تو نئے چاند سے دوبارہ سہ بار یہی عمل کرے۔ آخر کار کامیابی ہوگی۔

اللہ کی رحمت و شفقت

☆ اللہ کی رحمت اور شفقت کے حصول کے لیے ہر نماز کے بعد ایک سو دفعہ "بسم اللہ

الرحمٰن الرحیم ''پڑھنا اپنا معمول بنالیں۔ کوئی وجہ نہیں کہ اللہ رحمٰن و رحیم مالک کائنات اپنے بندے پر شفقت' مہربانی اور رحمت کے دروازے نہ کھول دے۔ پورے یقین کے ساتھ یہ عمل کریں۔ انشاء اللہ سخت سے سخت حالات' مشکلات اور مسائل کا حل اللہ کی طرف سے ظہور میں آئے گا۔

حصولِ دولت' فکرِ معاش' تنگیٔ رزق

☆ رزق کی کمی ہو' آمدن کم ہو' کاروبار وغیرہ نہ چلتا ہو یا منافع کم ہو یا نوکری ایسی ہو کہ ضروریات زندگی اس سے پوری نہ ہوتی ہوں تو روزانہ بعد از فجر کھلے آسمان کے نیچے ننگے سر اول و آخر درود شریف سات مرتبہ پڑھے اور ''بسم اللہ الرحمٰن الرحیم'' کا ورد دو سو مرتبہ روزانہ حصول مقصد تک جاری رکھے۔ اللہ فکر معاش اور تنگی رزق سے نجات دے گا۔ خوشحالی اور آسودگی حاصل ہو گی۔

☆ کشادگی رزق کا ایک عمل یہ ہے کہ نقش نمبر ۶۲ کو حسب توفیق کاغذ یا ہرن کی جھلی یا چاندی کی پتری پر تحریر کریں۔ کاغذ یا ہرن کی جھلی پر لکھیں تو سیاہی زعفران اور آب زم زم سے تیار کریں۔ نئے چاند کی پہلی کو تحریر کر کے اس کو اپنے پاس رکھیں۔ ساتھ میں روزانہ ایک مقررہ وقت پر سات سو چھیاسی مرتبہ ایک کاغذ پر ''بسم اللہ الرحمٰن الرحیم'' کو تحریر کر کے حفاظت سے اپنے پاس رکھے۔ اللہ نے چاہا تو تنگی معاش باقی نہ رہے گی' مکمل یقین اور توجہ سے کریں۔

چال نقش

۱۴	۱	۸	۱۱
۷	۱۲	۱۳	۲
۹	۶	۳	۱۶
۴	۱۵	۱۰	۵

نقش نمبر ۶۲

۲۰۲	۱۸۹	۱۹۶	۱۹۹
۱۹۵	۲۰۰	۲۰۱	۱۹۰
۱۹۷	۱۹۴	۱۹۱	۲۰۴
۱۹۲	۲۰۳	۱۹۸	۱۹۳

قرض سے نجات

☆ قرض سر پر ہو اور اس کی ادائیگی کی کوئی صورت نظر نہ آتی ہو تو نقش نمبر ۶۲ کاغذ پر تحریر کر کے اپنے پاس رکھیں۔ ساتھ میں روزانہ بعد از نماز فجر سات سو ستاسی مرتبہ "بسم اللہ الرحمٰن الرحیم" کا ورد کریں۔ قرض سے نجات حاصل ہوگی۔

اولاد

☆ اولاد نہ ہوتی ہو یا ہو کر مر جاتی ہو۔ کوئی بھی ایسا مسئلہ ہو تو نقش نمبر ۶۲ کو تحریر کر کے گلے میں ڈال لیں۔ ساتھ ہی روزانہ بعد از نماز فجر سات سو ستاسی مرتبہ "بسم اللہ الرحمٰن الرحیم" کا ورد کریں۔ اللہ اولاد کی نعمت سے سرفراز فرمائے گا۔

دردِزہ

☆ دردِزہ میں مبتلا عورت کو نقش نمبر ۶۲ زعفران، آبِ زم زم اور عرق گلاب سے تحریر کر کے پلائیں۔ انشاء اللہ تکلیف سے نجات ملے گی اور خوشی حاصل ہوگی۔

خاتمہ شہوت

☆ جس شخص پر شہوت کا غلبہ و شدت ہو اس کو چاہیے کہ "بسم اللہ الرحمٰن الرحیم" کا پڑھنا اپنا معمول بنالے۔ اٹھتے بیٹھتے وقت جب خیال آئے "بسم اللہ" کا ورد شروع کر دے۔ انشاء اللہ شہوت کی شدت اثر کھو دے گی۔

کند ذہنی

☆ کوئی بچہ یا بڑا کند ذہن اور غبی ہو، یا یاداشت کمزور ہو یا پڑھائی میں کمزور ہو تو زعفران اور آب زم زم ملا کر چینی کی پلیٹ میں نو دفعہ "بسم اللہ الرحمٰن الرحیم" تحریر کر کے روزانہ اس کو نہار منہ پلا دیں۔ مسلسل چالیس دن یہی عمل کریں۔ ذہن تیز اور یاداشت بہتر ہو جائے گی۔

اِسم اعظم

☆ اگر آپ غور کریں تو "بسم اللہ الرحمٰن الرحیم" میں اِسم ذات "اللہ" اور اللہ کی دو بنیادی صفات رحمٰن اور رحیم شامل ہیں۔ یہی امور اس کے اِسم اعظم ہونے کی طرف اشارہ کرتے ہیں۔ کسی بھی نیک مقصد یا روحانی طاقت کے حصول کے لیے بعد از نماز عشاء مکمل تنہائی اور پر سکون ماحول میں چالیس دن تک گیارہ سو مرتبہ اس کا پڑھنا جہاں حصول مقصد کا باعث ہوگا وہاں اِسرارِ الٰہی بھی آپ پر آشکار ہوں گے۔

برائے بارش

☆ اگر بارش نہ ہوتی ہو تو کچھ افراد اس مقصد کے لیے ایک مجلس میں اکٹھے ہو کر سوا لاکھ دفعہ "بسم اللہ الرحمٰن الرحیم" کا ورد کریں تو اِنشاء اللہ بارش ہوگی۔

اِستخارہ

☆ بروز جمعہ روزہ رکھے اور بعد از نماز عشاء پاک صاف بستر پر لیٹ کر بلا تعداد "بسم اللہ الرحمٰن الرحیم" کا ورد کرتا رہے۔ یہاں تک کہ نیند آ جائے۔ اِنشاء اللہ جو بھی مسئلہ ہوگا۔ اس کا

حل حالت نیند میں مل جائے گا۔ پہلی دفعہ خواب میں کوئی اشارہ نہ ملے تو دوسرے اور تیسرے دن اسی طرح کرے۔ اگر پھر بھی کوئی اشارہ نہ ملے تو اس کام کو کرنے کا ارادہ ترک کر دے۔

یہ کتب زیر اشاعت ہیں

☆ اصول وقواعد عملیات
☆ الاسماء الحسنیٰ
☆ عملیات قرآن
☆ مراقبہ کیسے کریں
☆ راہنمائے دست شناسی
☆ احکامات علم نجوم (عربی کتاب)
☆ پاراشرا سسٹم آف اسٹرالوجی
☆ راہنمائے دست شناسی
☆ آسان عملیات

بذریعہ ڈاک کتب منگوانے والے کتب کی کل قیمت کے ہمراہ 25 روپے ڈاک خرچ بھی ارسال کریں...... 500 روپے کی کتب اکٹھی منگوانے پر ڈاک خرچ معاف

V.P. ارسال نہیں کی جاتی

رقم بذریعہ منی آڈر ارسال کریں۔

فہرست کتب

راہنمائے عملیات (ماہانہ) 25روپے
خالد روحانی جنتری 2004 80روپے
مستحصلہ قادر الکلام 50روپے
علم الحروف 100روپے
روحانی مشورے (تیسرا ایڈیشن) 60روپے
خزینہ اعداد (ترمیم شدہ) 50روپے
ساعات حقیقی 90روپے
بانڈز ریس اور لاٹری کے نمبر (ترمیم شدہ) 100روپے
اسباق دست شناسی 60روپے
10 سالہ جنتری 115روپے
راہنمائے تل شناسی 40روپے
راہنمائے عملیات 80روپے
السحر العجیب فی جلب الحبیب 80روپے
السحر الاحمر 50روپے
الاقوال مرضیہ فی معرفتہ الاعمال الرملیۃ 40روپے
سحر بار نوخ 50روپے
راہنمائے علم نجوم 80روپے
طلسمات زہرہ 60روپے
مجربات خالد 55روپے
ہندی نجوم 110روپے
تسخیر موکلات وحاضرات 60روپے
مفتاح الرموز واسرار الکنوز 80روپے
پرانے پرچے (فی سال) 350روپے

باب سوم

علمُ الحروف

روحانی و عملیاتی تفسیر و تاثیر

بچہ جب لکھنے پڑھنے کی عمر میں داخل ہوتا ہے تو مکتب میں پہلا فعل اس کو حروف کی پہچان کروانا ہوتا ہے۔ کبھی ایسا نہیں ہوا کہ طالب علم براہ راست الفاظ کو پہچان سکے۔ الفاظ کی منزل صرف اور صرف حروف کے راستے سے ہی حاصل ہو سکتی ہے۔

یہی حال عملیاتی دنیا کا ہے۔ روحانی دنیا میں جو اسرار و رموز حروف سے وابستہ ہیں وہ صرف صاحب فن ہی جانتے ہیں۔ حروف کی تاثیر کوئی چھپی ہوئی بات نہیں ہے۔ لیکن کم ہی اس سے فائدہ اٹھایا جاتا ہے۔ حالانکہ علم الحروف سادہ اور زود اثر ہے۔ پھر بھی اس کی طرف وہ توجہ نہیں دی جاتی جس کا یہ علم متقاضی ہے۔ ہماری بے توجہی کے باعث یہ علم گمنامی کا شکار ہوتا جا رہا ہے۔

حروف کا اگر کوئی استعمال برائے نام رہ گیا ہے تو وہ عملیاتی زکوٰۃ کی حد تک ہے کیونکہ دیگر تمام قسم کی زکوٰۃ کی نسبت حروف کی زکوٰۃ ادا کرنے کو زیادہ بہتر اور عملیاتی لحاظ سے طاقتور خیال کیا جاتا ہے۔ یہاں تک کہ اس زکوٰۃ کے عامل کو کسی دوسری زکوٰۃ کو ادا نہیں کرنا پڑتا۔ تاہم اس سے زیادہ حروف کی افادیت سے کوئی فائدہ نہیں اٹھایا جاتا ہے۔

علم الحروف کے موضوع پر میں نے مستقل کتاب الگ تحریر کی ہے۔ تاہم یہاں حروف کی

مناسبت سے کچھ روحانی وعملیاتی اعمال کو بیان کیا جا رہا ہے۔

اردو حروف تہجی ہوں یا عربی' ان کا پہلا حرف "ا" ہے۔ الف کی فضیلت دوسرے تمام حروف پر مقدم ہے۔

اول

اسی سے حروف تہجی کی ابتدا ہوتی ہے۔

دوم

قرآن شریف کی باقاعدہ ابتدا بھی الف سے ہوتی ہے۔ (یعنی الحمد شریف)۔

سوم

سب سے اہم۔ اِس کائنات' اور دوجہاں کے مالک و پیدا کرنے والے کا نام ہے۔۔۔۔؟

"اللہ"

جی ہاں' دیکھا آپ نے اس کی ابتداء کس حرف سے ہو رہی ہے۔

حرف "الف" کے فضائل اپنی جگہ ہمارے اس مضمون کا بنیادی مقصد اس کے فضائل پر نہیں بلکہ اس کے روحانی فوائد پر بحث کرنا ہے۔ سو ذیل میں کچھ نقوش تحریر کر رہا ہوں۔ تاہم اس سے پہلے یہ بات سمجھ لیں کہ نقش بنانے اور لکھنے کا طریقہ کیا ہے۔ یہ نقش تو میں نے بنا دیے ہیں۔ آپ ذاتی ضرورت کے مطابق ان کو اِستعمال کر سکتے ہیں۔ اس سلسلے میں عام اجازت ہے۔ کوئی پابندی نہیں۔ بس ان کو اِستعمال کرنے سے پہلے اللہ کی راہ میں صدقہ خیرات دیں۔

تمیس مربع نقوش

قارئین یہ بات ذہن نشین رہے کہ آپ کے سامنے ۳۰ مربع نقوش بمعہ فوائد بیان کیے جا رہے ہیں۔ ان میں سے پہلے ۱۴ نقش بلحاظ چال مربع کے مدنظر تحریر کیے گئے ہیں اور ان کے اثرات بھی

اسی مناسبت سے بیان کیے گئے ہیں۔ جبکہ بقایا ۱۶ نقوش مربع کے خانوں کے اثرات کی مطابقت سے تحریر کیے گئے ہیں۔ یعنی مربع نقش کا ہر خانہ اپنے اندر ایک خاص اثر رکھتا ہے۔ اس خانے کی مناسبت سے جو نقش تحریر کیا جائے وہ بنیادی طور پر متعلقہ خانے کے اثرات کو ہی ظاہر کرتا ہے۔

اب بعض لوگوں کا سوال ہوگا کہ یہ آپ نے کس کتاب سے لیے ہیں تو اس کی وضاحت کرتا چلوں۔ یہ میں نے حسابی عمل کر کے تیار کئے ہیں۔ میں پورے یقین کے ساتھ کہہ سکتا ہوں کہ آپ کو عملیات کی کسی کتاب یا رسالے وغیرہ سے یہ نقش نہ ملیں گے۔ میں نے اپنی کوشش کی ہے کہ کوئی حسابی غلطی نہ رہے پھر بھی انسانی سہو یا کتابت کی کوئی غلطی ہو تو اس کی معذرت۔ اس غلطی سے بچنے کا حتمی طریقہ یہ ہے کہ جو نقش آپ نے استعمال کرنا ہے پہلے اس کے چاروں اضلاع کے اعداد جمع کر لیں۔ حاصل جمع اگر "۱۱۱" ہو تو نقش ٹھیک ہے اس کو استعمال میں لائیں اور اگر حاصل جمع "۱۱۱" سے کم و بیش ہو تو نقش غلط ہے۔ اس کو خود ٹھیک کر لیں یا مجھے لکھیں غلطی کی درستگی کر دی جائے گی۔ انشاء اللہ۔

مضمون کچھ طوالت کا شکار ہوتا چلا جا رہا ہے۔ سو ان باتوں کے جال سے باہر آتے ہیں۔ ذیل میں مختلف مقاصد کے حصول کے لیے نقش تحریر کر رہا ہوں۔ ہر نقش کے ساتھ اس کی خصوصیات و اثرات درج ہیں۔

☆ نقش نمبر ۶۳ زبان بندی کے لیے استعمال ہوتا ہے۔ آپ ضرورت کے مطابق کسی فضول گو، بدگو شخص یا بدزبان ساس و بہو کے لیے بھی اس کو استعمال کر سکتے ہیں۔

چال نقش

۸	۱۴	۱۱	۱
۳	۹	۱۶	۶
۱۰	۴	۵	۱۵
۱۳	۷	۲	۱۲

نقش نمبر ۶۳

۲۷	۳۴	۳۰	۲۰
۲۲	۲۸	۳۶	۲۵
۲۹	۲۳	۲۴	۳۵
۳۳	۲۶	۲۱	۳۱

☆ نقش نمبر ۶۴ نکاح باندھنے کے لیے استعمال ہوتا ہے۔ اس کے استعمال میں جائز و ناجائز کا خیال ضرور کریں۔

چال نقش

۱۶	۶	۳	۹
۱۱	۱	۸	۱۴
۵	۱۵	۱۰	۴
۲	۱۲	۱۳	۷

نقش نمبر۶۴

۳۶	۲۵	۲۲	۲۸
۳۰	۲۰	۲۷	۳۴
۲۴	۳۵	۲۹	۲۳
۲۱	۳۱	۳۳	۲۶

☆ نقش نمبر۶۵ کسی فرد کی نیند باندھنے کے لیے اِستعمال ہوتا ہے۔ صرف کسی ظالم کو سزا دینے کے لیے اِستعمال کریں۔

چال نقش

۶	۹	۱۶	۳
۱۲	۷	۲	۱۳
۱	۱۴	۱۱	۸
۱۵	۴	۵	۱۰

نقش نمبر۶۵

۲۵	۲۸	۳۶	۲۲
۳۱	۲۶	۱۲	۳۳
۲۰	۳۴	۳۰	۲۷
۳۵	۲۳	۲۴	۲۹

☆ زنا اور غلط کاری کے شکار اور عادی مرد و زن کی اِصلاح اور بدفعلی سے روکنے کے لیے نقش نمبر۶۶ اِستعمال کریں۔

چال نقش

۲	۱۳	۱۲	۷
۱۶	۳	۶	۹
۵	۱۰	۱۵	۴
۱۱	۸	۱	۱۴

نقش نمبر۶۶

۲۱	۳۳	۳۱	۲۶
۳۶	۲۲	۲۵	۲۸
۲۴	۲۹	۳۵	۲۳
۳۰	۲۷	۲۰	۳۴

☆ کسی فرد کی کسی خاص روش کی بندش، اس کی اِصلاح، مذہبی رجحان کی تفریق وغیرہ کے لیے نقش نمبر۶۷ اِستعمال کر سکتے ہیں۔

چال نقش

۳	۱۶	۹	۶
۱۰	۵	۴	۱۵
۸	۱۱	۱۴	۱
۱۳	۲	۷	۱۲

نقش نمبر۶۷

۲۲	۳۶	۲۸	۲۵
۲۹	۲۴	۲۳	۳۵
۲۷	۳۰	۳۴	۲۰
۳۳	۲۱	۲۶	۱۳

☆ کسی فرد کی آنکھوں کی روشنی متاثر کرنے کے لیے یا آنکھوں کی تکلیف میں مبتلا کرنے کے لیے نقش نمبر۶۸ اِستعمال ہوتا ہے۔

چال نقش

۴	۱۵	۱۰	۵
۹	۶	۳	۱۶
۷	۱۲	۱۳	۲
۱۴	۱	۸	۱۱

نقش نمبر۶۸

۲۳	۳۵	۲۹	۲۴
۲۸	۲۵	۲۲	۳۶
۲۶	۳۱	۳۳	۲۱
۳۴	۲۰	۲۷	۳۰

☆ بادشاہ وقت یا حاکم کی تسخیر، اُس کو مطیع بنانے، اُس سے اپنا کام وغیرہ لینے کے لیے نقش نمبر۶۹ اِستعمال ہوگا۔

چال نقش

۱	۱۴	۱۱	۸
۱۵	۴	۵	۱۰
۶	۹	۱۶	۳
۱۲	۷	۲	۱۳

نقش نمبر۶۹

۲۰	۳۴	۳۰	۲۷
۳۵	۲۳	۲۴	۲۹
۲۵	۲۸	۳۶	۲۲
۳۱	۲۶	۲۱	۳۳

☆ رُکے ہوئے کاموں کو دوبارہ شروع کرنے کے لیے نقش نمبر۷۰ زود اثر ہے۔

چال نقش

نقش نمبر۷۰

۲۱	۳۳	۳۱	۲۶
۳۰	۲۷	۲۰	۳۴
۲۴	۲۹	۳۵	۲۳
۳۶	۲۲	۲۵	۲۸

۲	۱۳	۱۲	۷
۱۱	۸	۱	۱۴
۵	۱۰	۱۵	۴
۱۶	۳	۶	۹

☆ دو یا زائد افراد کے درمیان صلح کروانے' اتفاق پیدا کرنے کے لیے نقش نمبر ۱۷ مجرب ہے۔

نقش نمبر ۱۷

۲۸	۲۵	۲۲	۳۶
۲۳	۳۵	۲۹	۲۴
۳۴	۲۰	۲۷	۳۰
۲۶	۳۱	۳۳	۲۱

چال نقش

۹	۶	۳	۱۶
۴	۱۵	۱۰	۵
۱۴	۱	۸	۱۱
۷	۱۲	۱۳	۲

☆ دو افراد کے درمیان محبت پیدا کرنے خاص طور پر میاں بیوی وغیرہ کے لیے نقش نمبر ۲۷ موزوں ہے۔

نقش نمبر ۲۷

۲۶	۳۳	۳۱	۲۱
۲۳	۲۹	۳۵	۲۴
۳۴	۲۷	۲۰	۳۰
۲۸	۲۲	۲۵	۳۶

چال نقش

۷	۱۳	۱۲	۲
۴	۱۰	۱۵	۵
۱۴	۸	۱	۱۱
۹	۳	۶	۱۶

☆ کوئی مرد کسی وجہ سے (خصوصاً روحانی) کسی عورت سے باندھ دیا گیا ہو تو اُس کی صحت کے واسطے نقش نمبر ۳۷ استعمال کریں۔

نقش نمبر ۳۷

۳۴	۲۰	۲۷	۳۰

چال نقش

۱۴	۱	۸	۱۱

۴	۱۵	۱۰	۵
۹	۶	۳	۱۶
۷	۱۲	۳	۲

۲۳	۳۵	۲۹	۲۴
۲۸	۲۵	۲۲	۳۶
۲۶	۳۱	۳۳	۲۱

☆ دشمنوں سے نجات پانے‘ اُن کو منتشر کرنے‘ اُن پر غلبہ حاصل کرنے کے لیے نقش نمبر ۷۴ بہترین روحانی علاج ہے۔

چال نقش

۱۳	۲	۳	۱۶
۱۲	۷	۶	۹
۸	۱۱	۱۰	۵
۱	۱۴	۱۵	۴

نقش نمبر ۷۴

۳۳	۲۱	۲۲	۳۶
۳۱	۲۶	۲۵	۲۸
۲۷	۳۰	۲۹	۲۴
۲۰	۳۴	۳۵	۲۳

☆ دشمن کو پریشان حال کرنے کے لیے نقش نمبر ۷۵ استعمال کریں۔

چال نقش

۱۲	۷	۲	۱۳
۱	۱۴	۱۱	۸
۶	۹	۱۶	۳
۱۵	۴	۵	۱۰

نقش نمبر ۷۵

۳۱	۲۶	۲۱	۳۳
۲۰	۳۴	۳۰	۲۷
۲۵	۲۸	۳۶	۲۲
۳۵	۲۸	۲۴	۲۹

☆ طالب‘ مطلوب میں باہم محبت پیدا کرنے کے واسطے نقش نمبر ۷۶ کو آزمائیں کامیابی ہوگی۔

چال نقش

۱۵	۴	۵	۱۰
۶	۹	۱۶	۳
۱۲	۷	۲	۱۳

نقش نمبر ۷۶

۳۵	۲۳	۲۴	۲۹
۲۵	۲۸	۳۶	۲۲
۳۱	۲۶	۲۱	۳۳

۲۰	۳۴	۳۰	۲۷

۱	۱۴	۱۱	۸

☆ دفع امراض، حصول صحت، مرتبہ وعزت، کامیابی وغیرہ کے لیے نقش نمبر ۷۷ کا استعمال مجرب ہے۔ وسیع اثرات کا حامل نقش نمبر ۷۷ عموی خوشحالی کے لیے بھی استعمال کریں۔

چال نقش

۸	۱۱	۱۴	۱
۱۳	۲	۷	۱۲
۳	۱۶	۹	۶
۱۰	۵	۴	۱۵

نقش نمبر ۷۷

۲۷	۳۰	۳۴	۲۰
۳۳	۲۱	۲۶	۳۱
۲۲	۳۶	۲۸	۲۵
۲۹	۲۴	۲۳	۳۵

☆

چال نقش

۱۱	۸	۱	۱۴
۲	۱۳	۱۲	۷
۱۶	۳	۶	۹
۵	۱۰	۱۵	۴

نقش نمبر ۷۸

۳۰	۲۷	۲۰	۳۴
۲۱	۳۳	۳۱	۲۶
۳۶	۲۲	۲۵	۲۸
۲۴	۲۹	۳۵	۲۳

☆ بخار سے صحت پانے کے لیے نقش نمبر ۷۹ کو زعفران سے لکھ کر روزانہ ایک دفعہ پی لیں۔ اس کے علاوہ دنیاوی فوائد حاصل کرنے کے لیے بھی مجرب ہے۔

چال نقش

۱۴	۱	۸	۱۱
۷	۱۲	۱۳	۲
۹	۶	۳	۱۶
۴	۱۵	۱۰	۵

نقش نمبر ۷۹

۳۴	۲۰	۲۷	۳۰
۲۶	۳۱	۳۳	۲۱
۲۸	۲۵	۲۲	۳۶
۲۳	۳۵	۲۹	۲۴

☆ وہ امور جو سر اور دماغ سے متعلق ہیں اُن کو طاقت دینے کے لیے نقش نمبر ۸۰ حد درجہ مجرب ہے۔ خصوصاً حافظے کی کمزوری، نسیان اور دشمن کا خوف جو دماغ پر غالب ہو۔

چال نقش

۱	۱۴	۱۱	۸
۱۲	۷	۲	۱۳
۶	۹	۱۶	۳
۱۵	۴	۵	۱۰

نقش نمبر ۸۰

۲۰	۳۴	۳۰	۲۷
۳۱	۲۶	۲۱	۳۳
۲۵	۲۸	۳۶	۲۲
۳۵	۲۳	۲۴	۲۹

☆ نقش نمبر ۸۱ دشمن اُس کی املاک اور اُس کی زبان وغیرہ کو بند کرنے کے لیے اِستعمال ہوتا ہے۔ قوی سے قوی دشمن بھی اس کے اثرات سے متاثر ہوئے بغیر نہیں رہ سکتا۔

چال نقش

۴	۹	۷	۱۴
۱۵	۶	۱۲	۱
۱۰	۳	۱۳	۸
۵	۱۶	۲	۱۱

نقش نمبر ۸۱

۲۳	۲۸	۲۶	۳۴
۳۵	۲۵	۳۱	۲۰
۲۹	۲۲	۳۳	۲۷
۲۴	۳۶	۲۱	۳۰

☆ نقش نمبر ۸۲ کسی بھی خرابی کے خاتمے کے لیے اِستعمال ہو سکتا ہے۔ تاہم نظر، جادو، سحر اور اثر دور کرنے میں زیادہ مفید ہے۔

چال نقش

۵	۱۰	۱۵	۴
۱۱	۸	۱	۱۴
۲	۱۳	۱۲	۷
۱۶	۳	۶	۹

نقش نمبر ۸۲

۲۴	۲۹	۳۵	۲۳
۳۰	۲۷	۲۰	۳۴
۲۱	۳۳	۳۱	۲۶
۳۶	۲۲	۲۵	۲۸

☆ مال و دولت میں وسعت، کشادگی اور برکت کے لیے مجرب ہے۔ رزق کی بندش ہو تو نقش نمبر۸۳ کو اِستعمال میں لائیں۔

چال نقش

۴	۱۵	۱۰	۵
۱۴	۱	۸	۱۱
۷	۱۲	۱۳	۲
۹	۶	۳	۱۶

نقش نمبر۸۳

۲۳	۳۵	۲۹	۲۴
۳۴	۲۰	۲۷	۳۰
۲۶	۳۱	۳۳	۲۱
۲۸	۲۵	۲۲	۳۶

☆ مخالفین میں باہم نفاق ڈالنے، تفرقہ پیدا کرنے، دشمنوں کو منتشر کرنے اور غیب سے مدد حاصل کرنے کے لیے نقش نمبر۸۴ مجرب ہے۔

چال نقش

۱۴	۷	۹	۴
۱	۱۲	۶	۱۵
۸	۱۳	۳	۱۰
۱۱	۲	۱۶	۵

نقش نمبر۸۴

۳۴	۲۶	۲۸	۲۳
۲۰	۳۱	۲۵	۳۵
۲۷	۳۳	۲۲	۲۹
۳۰	۲۱	۳۶	۲۴

☆ کسی سے مقابلہ ہو کسی طرح کا بھی، الیکشن کا موقع ہو، مقدمہ بازی ہو، لڑائی جھگڑا ہو تو نقش نمبر۸۵ کا اِستعمال سائل کی قوت و ہمت میں اضافہ کرے گا اور کامیابی حاصل ہوگی۔

چال نقش

۵	۱۶	۲	۱۱
۱۰	۳	۱۳	۸
۱۵	۶	۱۲	۱
۴	۹	۷	۱۴

نقش نمبر۸۵

۲۴	۳۶	۲۱	۳۰
۲۹	۲۲	۳۳	۲۷
۳۵	۲۵	۳۱	۲۰
۲۳	۲۸	۲۶	۳۴

☆ کوئی غم اور رنج کے پہاڑ تلے دبتا چلا جائے اِصلاح کی صورت نظر نہ آتی ہو تو نقش نمبر ۸۶ کو اِستعمال کریں۔ کیمیا کا کام کرنے والوں کے لیے بھی بہتر ہے۔

چال نقش

۱۶	۳	۶	۹
۲	۱۳	۱۲	۷
۱۱	۸	۱	۱۴
۵	۱۰	۱۵	۴

نقش نمبر ۸۶

۳۶	۲۲	۲۵	۲۸
۲۱	۳۳	۳۱	۲۶
۳۰	۲۷	۲۰	۳۴
۲۴	۲۹	۳۵	۲۳

☆ گھریلو ناچاقی، میاں بیوی میں نفرت، دوستوں میں اِختلاف خاندان میں لڑائی جھگڑا ہو تو نقش نمبر ۸۷ کو اِستعمال کریں۔ اِصلاحِ احوال ہوگی۔

چال نقش

۹	۶	۳	۱۶
۷	۱۲	۱۳	۲
۱۴	۱	۸	۱۱
۴	۱۵	۱۰	۵

نقش نمبر ۸۷

۲۸	۲۵	۲۲	۳۶
۲۶	۳۱	۳۳	۲۱
۳۴	۲۰	۲۷	۳۰
۲۳	۳۵	۲۹	۲۴

☆ رہائشی مکان یا زرعی زمین میں حشرات کی کثرت ہو سانپ، بچھو وغیرہ تنگ کرتے ہوں تو اُن کے خاتمے کے لیے نقش نمبر ۸۸ کو اِستعمال میں لائیں۔

چال نقش

۱۱	۲	۱۶	۵
۸	۱۳	۳	۱۰
۱	۱۲	۶	۱۵
۱۴	۷	۹	۴

نقش نمبر ۸۸

۳۰	۲۱	۳۶	۲۴
۲۷	۳۳	۲۲	۲۹
۲۰	۳۱	۲۵	۳۵
۳۴	۲۶	۲۸	۲۳

☆ نقش نمبر۸۹ بھی مندرجہ بالا مقاصد کے لیے فائدہ مند ہے۔علاوہ ازیں نظر اور آنکھوں کے امراض سے صحت حاصل کرنے کے لیے فائدہ مند ہے۔

چال نقش

۱۰	۵	۴	۱۵
۳	۱۶	۹	۶
۱۳	۲	۷	۱۲
۸	۱۱	۱۴	۱

نقش نمبر۸۹

۲۹	۲۴	۲۳	۳۵
۲۲	۳۶	۲۸	۲۵
۳۳	۲۱	۲۶	۳۱
۲۷	۳۰	۳۴	۲۰

☆ فصل نہ ہوتی ہو یا پھل کم ہوتا ہو یا باغ اور کھیت وغیرہ سے آمدن بقدر محنت حاصل نہ ہوتی ہو۔جانور دودھ کم دیتے ہوں تو نقش نمبر۹۰ مجرب ہے۔

چال نقش

۵	۱۰	۱۵	۴
۱۶	۳	۶	۹
۲	۱۳	۱۲	۷
۱۱	۸	۱	۱۴

نقش نمبر۹۰

۲۴	۲۹	۳۵	۲۳
۳۶	۲۲	۲۵	۲۸
۲۱	۳۳	۳۱	۲۶
۳۰	۲۷	۲۰	۳۴

☆ مقابل کو زیر اثر لانے' فریق ثانی یا معشوق کو قابو کرنے' اپنا تابع بنانے باہم محبت' پیار اور الفت پیدا کرنے کے لیے نقش نمبر۹۱ کو استعمال کریں۔

چال نقش

۴	۱۵	۱۰	۵
۹	۶	۳	۱۶
۷	۱۲	۱۳	۲
۱۴	۱	۸	۱۱

نقش نمبر۹۱

۲۳	۳۵	۲۹	۲۴
۲۸	۲۵	۲۲	۳۶
۲۶	۳۱	۳۳	۲۱
۳۴	۲۰	۲۷	۳۰

☆ کسی بڑے افسر، حاکم وقت یا طاقتور آدمی سے کوئی کام ہو، اُس سے ذات، عزت اور مرتبے کو خطرہ ہو تو نقش نمبر ۹۲ کو اِستعمال کیا جائے کامیابی ہوگی۔

چال نقش

۱۵	۴	۵	۱۰
۶	۹	۱۶	۳
۱۲	۷	۲	۱۳
۱	۱۴	۱۱	۸

نقش نمبر ۹۲

۳۵	۲۳	۲۴	۲۹
۲۵	۲۸	۳۶	۲۲
۳۱	۲۶	۲۱	۳۳
۲۰	۳۴	۳۰	۲۷

اِسم ذات اللہ کی ایک خاصیت

اِسم ذات ''اللہ'' کی ایک خوب صورت خاصیت یہ ہے کہ اس کے حروف میں سے ایک حرف کم بھی کر دیا جائے تو اس کے معنی میں فرق نہیں پڑتا۔ دیکھیں کس طرح:

''اللہ'' کا پہلا حرف ''الف'' کم کر دیں تو باقی ''للہ'' رہ جائے گا۔ للہ کے معنی ''اللہ کے لیے'' ہیں۔

اللہ کا دوسرا حرف کم کر دیں تو باقی الہ رہ جائے گا (یعنی ایک ''ل'' حذف ہو گیا) الہٰ کے معنی میں بھی کوئی فرق نہیں کیونکہ یہ معبود کے لیے اِستعمال کیا جاتا ہے۔

سبحان اللہ۔ اب اگر آپ پہلے دونوں حروف کو کاٹ کر دیکھیں باقی رہ جائے گا ''لہٗ'' اس کے معنی ہیں ''اُس کے لیے''۔

اب اگر آپ پہلے تینوں حروف کو کاٹ دیں تو باقی رہ جاتی ہے ''ھ''۔ یہ بھی ''وہ'' کے معنی میں بطور ضمیر مستعمل ہے۔

اس بحث سے یہ بات آپ پر واضح ہو گئی ہو گی کہ اِسم ذات ''اللہ'' ایک مکمل اور جامع لفظ ہے اور اس کا کوئی حرف انفرادی حیثیت میں بے معنی یا کم تر درجے کا حامل نہیں۔

ہمارے زیر بحث مضمون کا بنیادی تعلق عملیات سے ہے۔ حرف ''الف'' ہمارے زیر بحث تھا۔ اِسم ذات اللہ کے بعد میری نظر قرآن عظیم کی ایک عظیم سورت کی طرف متوجہ ہوتی ہے اور وہ ہے ''الحمد شریف'' اس سورۃ کی ابتداء بھی حرف ''الف'' سے ہوتی ہے۔

سورۃ فاتحہ

اس سورۃ کو قرآن مجید کی روح کہا جاتا ہے۔ ذیل میں اس سے منسوب کچھ عملیات جو کہ حد درجہ مجرب ہیں بیان کر رہا ہوں۔

ہٹیلی مرض

وہ لوگ جو کسی مرض میں جو کہ حد درجہ ہٹیلی ہو میں مبتلا ہوں۔ وہ اس کا نقش اپنے پاس رکھیں۔ مکمل شفا اور صحت حاصل ہوگی۔ (نقش نمبر ۹۳)

چال نقش

۸	۱۱	۱۴	۱
۱۳	۲	۷	۱۲
۳	۱۶	۹	۶
۱۰	۵	۴	۱۵

نقش نمبر ۹۳

۲۳۶۵	۲۳۶۸	۲۳۷۱	۲۳۵۷
۲۳۷۰	۲۳۵۸	۲۳۶۴	۲۳۶۹
۲۳۵۹	۲۳۷۳	۲۳۶۶	۲۳۶۳
۲۳۶۷	۲۳۶۲	۲۳۶۰	۲۳۷۲

☆ وہ لوگ جو علم نجوم سے واقف نہیں وہ اس نقش (۹۳) کو جب نیا چاند طلوع ہو اس دن لکھ لیں۔ جبکہ وہ لوگ جو علم نجوم و ساعات سے واقف ہیں ذیل کا طریقہ اختیار کریں۔ یہ زیادہ فائدہ مند ثابت ہوگا۔ استعمال کا طریقہ ہر دو صورتوں میں ایک جیسا ہے۔ اس بارے میں پریشان نہ ہوں۔

☆ اس نقش کو کسی سعد ساعت میں لکھ لیں لیکن اس وقت مشتری یا زہرہ میں سے کوئی رجعت میں نہ

ہواور شمس بھی نحوست کا شکار نہ ہو۔ یہ نقش زعفران سے لکھ کر پی سکتے ہیں۔ چینی کی پلیٹ وغیرہ پر لکھ لیں اور شہد ڈال کر چاٹ لیں۔ بیرونی اِستعمال کے لیے تیل یا دوا میں ملا کر بدن پر مل لیں۔ اِنشاء اللہ صحت حاصل ہوگی۔

حل مشکلات

☆ کوئی فرد کسی پریشانی کا شکار ہو کسی مشکل یا غم نے آ گھیرا ہو یا حالات مسلسل خراب رہنے لگیں یا خاندانی لحاظ سے فرد مالی بدحالی کا شکار ہو یا بے نام اور عزت سے محرومی کی شکایت ہو تو سورۃ فاتحہ کا عمل اس طرح کرے، مقصد حاصل ہوگا۔

☆ نئے چاند سے صبح کے وقت فجر سے فارغ ہو کر چالیس دن متواتر اس سورۃ کو روزانہ ۲۰۰ مرتبہ پڑھے۔ چالیس دن ختم ہونے پر یہ عمل چھوڑ دے اور پھر نئے چاند پر اس عمل کو شروع کرے۔ اس طریقے سے اس عمل کو اس وقت تک پورے یقین سے کرتا رہے جب تک مقصد حاصل نہ ہو جائے۔

حصول مقصد کے بعد شکرانے کی نیت سے ایک چلّہ مزید اس کا ضرور پورا کرے۔ اس کے ساتھ ساتھ نقش نمبر ۹۴ پر کرے۔ اگر تو کوئی گھریلو مسئلہ ہے تو ایک ہی نقش کافی ہے اور اگر روزگار کا مسئلہ ہے تو دو عدد نقش تیار کرے۔ ایک نقش ہمیشہ اپنے پاس رکھے جب کہ دوسرا دکان یا فیکٹری وغیرہ میں لٹکا دے۔ حد درجہ فوائد کا حصول ہوگا۔

نقش نمبر ۹۴

۳۱۵۷	۳۱۴۹	۳۱۵۵
۳۱۵۱	۳۱۵۴	۳۱۵۶
۳۱۵۳	۳۱۵۸	۳۱۵۰

چال نقش

۸	۱	۶
۳	۵	۷
۴	۹	۲

اب تک کے مضامین کے ذریعے حرف الف کے بارے میں کافی معلومات آپ کو منتقل کی جا چکی ہیں۔ تاہم اس حرف کے فوائد اور اثرات کا بیان ابھی ختم نہیں ہوا۔ دراصل یہ حرف ہے ہی

انمول، حروف تہجی میں سب سے زیادہ فضیلت کا حامل اور دوسرے تمام حروف پر مقدم۔
آیئے حرف الف کی مزید تاثیرات کا جائزہ لیں ذیل میں مختلف مقاصد کے لیے چند اعمال تحریر کر رہا ہوں۔ ایک آدھ کے علاوہ باقی سب اعمال ہر فرد با آسانی حسب ضرورت عمل میں لاسکتا ہے۔
یاد رہے آپ ان اعمال کو ذاتی مقاصد کے لیے بلاشک وشبہ مکمل یقین کے ساتھ اِستعمال کر سکتے ہیں۔ ان کی تیاری یا تحریر کے لیے کسی باشرع فرد کی خدمت سے فائدہ اٹھائیں تو زیادہ بہتر ہے۔ خود پابند شرع ہیں تو پھر کیا بات ہے۔ بلاخوف اِستعمال کریں۔

کند ذہنی

☆ اگر کوئی بچہ یا بڑا یا کوئی طالب علم کند ذہن ہو، حافظہ کمزور ہو، سبق بھول جاتا ہو یا سبق ذہن نشین نہ ہوتا ہو یا سبق کے سمجھ نہ آنے کی شکایت ہو تو حرف الف کو ایک ہزار بار پانی پر دم کر کے پلائیں اور ایک ہزار بار کاغذ پر لکھ کر نقش گلے میں اس طرح ڈالیں کہ سینے پر آ جائے۔ اِنشاء اللہ افاقہ ہوگا۔
نوٹ۔ جہاں پر حرف الف لکھنے کا ذکر ہو تو اس کو اس صورت لکھیں "ا" نہ کہ "الف"۔

خفقان و گھبراہٹ

☆ ان امراض میں بہتر ہے کہ حرف الف کو ۱۱۱ مرتبہ تانبے کی لوح پر کندہ کروالیں۔ پھر اس لوح کو سادہ پانی میں ڈبو دیں۔ جب ضرورت ہو اس پانی کو اِستعمال کریں یعنی پیاس کی صورت میں اس کو پی لیں، بہتری ہوگی۔ یہ لوح پانی میں ہمہ وقت ڈوبی رہنی چاہئے سوائے اس وقت جب کہ زیر اِستعمال برتن کو صاف کرنے لگیں۔

وصالِ معشوق

☆ اس قسم کے اعمال ظاہر ہے کسی شرعی ضرورت کے تحت ہی انجام دیئے جاسکتے ہیں۔ ورنہ ان کا استعمال ناجائز ہے۔ مذہبی، روحانی اور اخلاقی ہر صورت سے غلط اور قابل مذمت ہے۔ تاہم جب ضرورت ہو تو عاشق و معشوق ہر دو کے نام لیں اور حرف ''الف'' کے ساتھ باہم بسط دیں۔ یہ کام بروز اتوار ساعت شمس میں کریں۔ اس تکسیر کو عاشق ہمہ وقت اپنے پاس رکھے۔ جب محبوب ملے تو وہ مہربانی اور الفت سے پیش آئے

اتفاق اور محبت پیدا کرنا

☆ خاندان میں باہم نفاق ہو یا میاں بیوی یا بہن بھائی یا شریک کار۔ جہاں بھی بے اتفاقی اور تفرقہ ہو اور سرد مہری کی کیفیت شدت اختیار کرتی جائے تو کوئی وقت ضائع کیے بغیر بوقت طالع حمل (درجہ اول) پر یہ کام کریں۔

نوٹ۔ علم نجوم سے ناواقف حضرات نیا چاند نکلنے پر یہ عمل کریں۔ یا کسی صاحب علم یا مصنف کتاب ھذا سے رابطہ کریں۔

☆ ایک لوح سیسے کی لیں اور اس پر ایک ہزار مرتبہ حروف الف تحریر کریں اور اس کو کسی گرم جگہ مثلاً چولہا یا تنور وغیرہ کے پاس دفن کر دیں اتنا فاصلہ ہو جہاں سے کچھ حرارت ضرور پہنچ جائے۔ انشاء اللہ حالات میں مثبت تبدیلی آئے گی۔ لوح کی پشت پر طالب و مطلوب ہر دو کے نام ضرور لکھیں۔ بھولیں نہیں صدقہ بھی دیں۔

دردِزہ

☆ اس سلسلے میں حرف الف کا عمل یہ ہے کہ سائلہ کے نام کے اعداد کے برابر یا ایک ہزار مرتبہ حرف الف کو زعفران (خالص) سے تحریر کریں۔ اِس مقصد کے لیے چینی کی پلیٹ وغیرہ موزوں رہتی ہے۔ یوں کوئی بھی برتن اِستعمال کر سکتے ہیں۔ شیشے کا برتن ہو یا سٹین لیس سٹیل کچھ فرق نہیں پڑتا۔ یہ تحریر پانی سے دھو کر مریضہ کو پلا دیں با آسانی فراغت ہو گی۔

بخار کا خاتمہ

☆ بخار ختم ہونے کا نام نہ لے تو حرف الف کو ۱۱۱ مرتبہ زعفران سے لکھ کر اس وقت تک اِستعمال کرے جب تک مکمل شفاء حاصل نہ ہو جائے۔ بخار اُترنے کے بعد اس کا اِستعمال بند نہ کرے بلکہ دو تین دن بعد میں بھی اِستعمال کرتا رہے۔

آفات سے بچاؤ کے لیے

☆ قدرتی آفات وغیرہ سے بچنے کے لیے حرف الف کو سونے کی لوح پر ۱۱۱ بار تحریر کرے اور ہر وقت اپنے پاس رکھے تو ہر بلا اور آفت سے محفوظ رہے گا۔ یہ لوح تحریر کرتے وقت طالع برج ثابت کا ہو۔ ساعت شمس کی ہو اور شمس و مریخ نحوست سے پاک ہوں اور باہم نحس ناظر نہ ہوں ورنہ لوح کا اثر نہ ہو گا۔

ہزیمتِ دشمن

☆ اس سلسلے میں تین دن تک حرف الف کا ذکر مندرجہ ذیل تعداد کے مطابق کریں۔

پہلے دن ۱۱۱۰

دوسرے دن ۲۲۰

تیسرے دن ۴۰

ذکر کرتے ہوئے دشمن کی ذلت اور شکست کا خیال ذہن میں رہے۔ بلاضرورت اور ناجائز مت استعمال کریں۔ یہ عمل مجھے ایک بزرگ نے بتایا تھا۔ چند بار استعمال کروایا ہے۔ کافی اچھا رزلٹ رہا۔ آپ بھی اگر اپنے کسی دشمن کے ہاتھوں ذلت کا شکار ہو رہے ہیں تو اس طریقے سے استعمال کر دیکھیں۔ اللہ سے دعا بھی کریں۔ انشاء اللہ دشمن سے جان چھوٹ جائے گی۔

حاکمِ اعلیٰ یا حکام میں مقبولیت

☆ اس مقصد کے لیے مثلث نمبر ۹۵ کو طالع اسد میں شرف شمس کے وقت کندہ کروائیں۔ سائل مرد ہو تو چاندی کی اور عورت ہو تو سونے کی انگوٹھی پر تحریر کرنا چاہیے۔ اعلیٰ حکام بادشاہ وقت کے پاس مقبولیت حاصل ہو اور ان کے پاس رکے ہوئے کام مکمل ہوں۔

۱	۱	۱
۱	۱	۱
۱	۱	۱

جماعت میں باہم اتفاق‘
مشترکہ کاروبار‘ تجارت شراکت‘
حفاظت‘ بادشاہت‘ حفاظت‘ تنزلی‘
برائے صدر‘ وزیر‘ حصول نشست اِسمبلی
وغیرہ‘ حصول رتبہ‘ عزت وجاہ

ایک نقش متسع نمبر ۹۶ پیش کر رہا ہوں۔ یہ نقش میں نے بڑی محنت سے تیار کیا ہے۔ کسی امکانی غلطی سے بچنے کے لیے دو دفعہ چیک بھی کیا ہے۔ تاہم پھر بھی کوئی غلطی کتابت کی رہ جائے تو کچھ نہیں کہہ سکتا۔ تاہم اس کے چاروں اضلاع کے اعداد کو آپس میں جمع کر کے دیکھیں۔ اگر حاصل جمع ۱۱۵۶ ہو تو نقش درست ہے ورنہ سمجھ لیں کاتب سے کچھ غلطی ہو گئی ہے۔ گو ایسا امکان کم ہی ہے۔

چال نقش

۵۰	۵۸	۶۶	۷۴	۱	۱۸	۲۶	۳۴	۴۲
۶۰	۶۸	۷۶	۳	۱۱	۱۹	۳۶	۴۴	۵۲
۷۰	۷۸	۵	۱۳	۲۱	۲۹	۳۷	۵۴	۶۲
۸۰	۷	۱۵	۲۳	۳۱	۳۹	۴۷	۵۵	۷۲

۹	۱۷	۲۵	۳۲	۴۱	۴۹	۵۷	۶۵	۷۳
۱۰	۲۷	۳۵	۴۳	۵۱	۵۹	۶۷	۷۵	۲
۲۰	۲۸	۴۵	۵۳	۶۴	۶۹	۷۷	۴	۱۲
۳۰	۳۸	۴۶	۶۳	۷۱	۷۹	۶	۱۴	۲۲
۴۰	۴۸	۵۶	۶۴	۸۱	۸	۱۶	۲۴	۳۲

نقش

۱۳۸	۱۴۶	۱۵۴	۱۶۲	۸۸	۱۰۵	۱۱۳	۱۲۱	۱۲۹
۱۴۸	۱۵۶	۱۶۴	۹۰	۹۸	۱۰۶	۱۲۳	۱۳۱	۱۴۰
۱۵۸	۱۶۶	۹۲	۱۰۰	۱۰۸	۱۱۶	۱۲۴	۱۴۲	۱۵۰
۱۶۸	۹۴	۱۰۲	۱۱۰	۱۱۸	۱۲۶	۱۳۵	۱۴۳	۱۶۰
۹۶	۱۰۴	۱۱۲	۱۲۰	۱۲۸	۱۳۷	۱۴۵	۱۵۳	۱۶۱
۹۷	۱۱۴	۱۲۲	۱۳۰	۱۳۹	۱۴۷	۱۵۵	۱۶۳	۸۹
۱۰۷	۱۱۵	۱۳۲	۱۴۱	۱۴۹	۱۵۷	۱۶۵	۹۱	۹۹
۱۱۷	۱۲۵	۱۳۴	۱۵۱	۱۵۹	۱۶۷	۹۳	۱۰۱	۱۰۹
۱۲۷	۱۳۶	۱۴۴	۱۵۲	۱۶۹	۹۵	۱۰۳	۱۱۱	۱۱۹

یہ نقش پانچ اسماء الٰہی "اللہ، احد، اول، آخر، احکم الحاکمین" کے مجموعہ اعداد سے ترتیب دیا گیا ہے۔ اب سمجھ لیں کہ یہ کس کام آتا ہے۔ بنیادی طور پر یہ نقش ایک سے زائد افراد کی مشترکہ ضرورت کے لیے ہے۔ کوئی جماعت، پارٹی، گروہ وغیرہ یعنی جب بھی دو یا زائد افراد کسی جائز مقصد کے لیے روحانی مدد کے طالب ہوں تو یہ نقش مفید رہے گا۔ مشترکہ کاروبار، تجارت، شراکت، باہمی اتفاق وغیرہ کے لیے یہ بہت مفید ہے۔ علاوہ ازیں بادشاہ کو اپنی کرسی کی حفاظت درکار ہو۔ وزیر مشیر کو تنزلی سے محفوظ رکھنا ہو۔ اعلیٰ حکام دربار، صدر، وزیراعظم، گورنر اور اسمبلی کی نشست وغیرہ کے خواہش مند ہوں۔ کوئی

اعلیٰ مرتبہ فرد یا گروہ یا جماعت اپنے مرتبے سے گر جائے تو حصول مرتبہ' عزت و جاہ کے لیے بھی یہ نقش مفید ہے۔

اس نقش کو تحریر کرنے کا طریقہ یہ ہے کہ شرف یا اوج شمس میں ساعت شمس استخراج کریں اور اس نقش کو سونے کے پترے پر تحریر کریں۔ سونے کی لوح کے پچھلی طرف ان افراد کے نام بمع والدہ و مقصد تحریر کریں۔ جن کے لیے یہ لوح تیار کر رہے ہیں۔ اگر مالی حیثیت کمزور ہو تو چاندی کا پتر استعمال کریں اور اس کی بھی گنجائش نہ ہو تو پھر سنہرے کاغذ پر لکھ لیں۔ یہ نقش بھی ہر صورت میں کام کرے گا۔ یہ ممکن ہے کہ اثرات واقع ہونے میں دیر ہو۔ اگر شرف و اوج شمس دور ہو تو اشد ضرورت کے تحت شرف قمر میں بھی تحریر کر سکتے ہیں۔ نقش مکمل ہونے پر بطور پڑتال اس کو ایک دفع چیک ضرور کریں۔ نقش بڑا ہے اور اس وجہ سے غلطی کا احتمال بھی زیادہ ہے۔

گھر' حویلی' کوٹھی' پلازے' عمارتوں وغیرہ کے طویل عرصہ تک قائم رکھنے کے لیے

زیر بحث نقش (نمبر ۹۷) مندرجہ بالا مقصد کے لحاظ سے ایک لاجواب شے ہے۔ وہ لوگ جو علم نجوم سے واقف نہیں وہ اس کو نئے چاند کے وقت تحریر کر لیں۔ لیکن جو لوگ نجوم و ساعات سے واقفیت رکھتے ہیں وہ درج ذیل طریق کے مطابق اس کو تحریر کریں۔ اُمید ہے اس طریقہ سے زیادہ مثبت نتائج حاصل ہوں گے۔

چال نقش

۶۶	۵۳	۴۰	۲۷	۱۴	۱	۱۲۰	۱۰۷	۹۴	۸۱	۶۸
۶۷	۶۵	۵۲	۳۹	۲۶	۱۳	۱۱	۱۱۹	۱۰۶	۹۳	۸۰
۷۹	۷۷	۶۴	۵۱	۳۸	۲۵	۱۲	۱۰	۱۱۸	۱۰۵	۹۲
۹۱	۷۸	۷۶	۶۳	۵۰	۳۷	۲۴	۲۲	۹	۱۱۷	۱۰۴
۱۰۳	۹۰	۸۸	۷۵	۶۲	۱۹	۳۶	۲۳	۲۱	۸	۱۱۶
۱۱۵	۱۰۲	۸۹	۸۷	۷۴	۶۱	۴۸	۳۵	۳۳	۲۹	۷
۶	۱۱۴	۱۰۱	۹۹	۸۶	۷۳	۶۰	۴۷	۳۴	۳۲	۱۹
۱۸	۵	۱۱۳	۱۰۰	۹۸	۸۵	۷۲	۵۹	۴۶	۴۴	۳۱
۳۰	۱۷	۴	۱۱۲	۱۱۰	۹۷	۸۴	۷۱	۵۸	۴۵	۴۳
۴۲	۲۹	۱۶	۳	۱۱۱	۱۰۹	۹۶	۸۳	۷۰	۵۷	۵۵
۵۴	۴۱	۲۸	۱۵	۲	۱۲۱	۱۰۸	۹۵	۸۲	۶۹	۵۶

نقش

۲۷۷	۲۶۴	۲۵۱	۲۳۸	۲۲۵	۲۱۲	۳۳۲	۳۱۹	۳۰۶	۲۹۳	۲۸۰
۲۷۹	۲۷۶	۲۶۳	۲۵۰	۲۳۷	۲۲۴	۲۲۲	۳۳۱	۳۱۸	۳۰۵	۲۹۲
۲۹۱	۲۸۹	۲۷۵	۲۶۲	۲۴۹	۲۳۶	۲۲۳	۲۲۱	۳۳۰	۳۱۷	۳۰۴
۳۰۳	۲۹۰	۲۸۸	۲۷۴	۲۶۱	۲۴۸	۲۳۵	۲۳۳	۲۲۰	۳۲۹	۳۱۶
۳۱۵	۳۰۲	۳۰۰	۲۸۷	۲۷۳	۲۶۰	۲۴۷	۲۳۴	۲۳۲	۲۱۹	۳۲۸
۳۲۷	۳۱۴	۳۰۱	۲۹۹	۲۸۶	۲۷۲	۲۵۹	۲۴۶	۲۴۴	۲۳۱	۲۱۸
۲۱۷	۳۲۶	۳۱۳	۳۱۱	۲۹۸	۲۸۵	۲۷۱	۲۵۸	۲۴۵	۲۴۳	۲۳۰
۲۲۹	۲۱۶	۳۲۵	۳۱۲	۳۱۰	۲۹۷	۲۸۴	۲۷۰	۲۵۷	۲۵۵	۲۴۲

۲۴۱	۲۲۸	۲۱۵	۳۲۴	۳۲۲	۳۰۹	۲۹۶	۲۸۳	۲۶۹	۲۵۶	۲۵۲
۲۵۳	۲۴۰	۲۲۷	۲۱۴	۳۲۳	۳۲۱	۳۰۸	۲۹۵	۲۸۲	۲۶۸	۲۶۶
۲۶۵	۲۵۲	۲۳۹	۲۲۶	۲۱۳	۳۳۳	۳۲۰	۳۰۷	۲۹۴	۲۸۱	۲۶۷

اس نقش کو شرف زحل یا اوج زحل یا طاقتور زحل کے زیر اثر طالع برج ثابت میں تحریر کریں۔ شمس کو اس وقت کسی طور نحس نہ ہونا چاہیے۔ ساعت زحل مل جائے تو حد درجہ مناسب ہے۔

یہ نقش دراصل کسی عمارت کے طویل عرصے تک قائم رہنے کے لیے اِستعمال ہوگا۔ آپ اپنا گھر بنا رہے ہوں یا کوئی حویلی یا کوٹھی جیسی بھی عمارت ہو یا آج کل تعمیر کیے جانے والے پلازے یا بڑے بڑے ہوٹل یا فلیٹ یہ ہر جگہ اِستعمال ہوسکتا ہے۔ طریقہ اس کے اِستعمال کا یہ ہے کہ مندرجہ بالا وقت استخراج کر کے باشرائط اس نقش کو لکھ لیں اس کو تحریر کس پر کریں گے اس سلسلے میں کوئی پابندی نہیں۔ صرف آپ کے وسائل کی بات ہے اگر ممکن ہو تو کسی دھات مثل چاندی یا سونے پر ورنہ عام کاغذ پر بھی نقش تحریر کر سکتے ہیں۔ نقش تحریر کرنے کے بعد آپ اس کو دو طرح سے اِستعمال کر سکتے ہیں۔ اس کو مکان کی بنیاد میں دفن کر دیں یا اس کو مکان یا پلازہ وغیرہ کے ماتھے پر لگا دیں۔ یہ اس صورت میں ہے جب یہ دھات پر کندہ کیا جائے۔ اگر کاغذ پر تحریر کریں تو زیادہ مناسب ہے کہ اس کو مکان کی بنیاد میں دفن کر دیں۔ اللہ نے چاہا تو متعلقہ بلڈنگ کو زلزلے کسی ناگہانی آفت اور سیلاب وغیرہ سے نقصان نہ پہنچے گا اور وہ عمارت ایک طویل عرصے تک قائم و دائم رہے گی۔

اس نقش کی تیاری میں اِسم الٰہی "اللہ" کے علاوہ اللہ تعالیٰ کے مندرجہ ذیل نام شامل کیے گئے ہیں۔

عظیم ۱۰۲۰

حفیظ ۹۹۸

آخر ۸۰۱

باقی ۱۱۳

اللہ کے یہ نام اپنے معنے کے لحاظ سے بالترتیب عظمت، حفاظت، طوالت اور قائم رہنے کے

مفہوم کے آئینہ دار ہیں۔ اس نقش کی میں نے پڑتال کی ہے۔ بالکل درست ہے۔ آپ بھی یہ عمل اس کے اضلاع کو باہم جمع کر کے کر سکتے ہیں۔ اس کی وضاحت پچھلے صفحات میں کی جا چکی ہے۔ چیک کریں کہ کوئی غلطی نہ رہ گئی ہو۔

تسخیر خلقت

مندرجہ بالا نقش جب ماہنامے میں شائع ہوا تو بہت سے دوستوں نے فرمائش کی ہے کہ تسخیر اور رجوع عوام کے سلسلے میں کوئی بھی ایسا مجرب عمل تحریر کریں۔ حروف کے موضوع خصوصاً حرف ''ا'' کو ذہن میں رکھتے ہوئے جب کچھ غور کیا تو نظر شرف زہرہ پر جا ٹھہری۔

شرف زہرہ کا وقت بہت سعد ہوتا ہے۔ اس وقت یوں تو کئی مقاصد کے لیے اعمال تیار کیے جاتے ہیں تاہم عوام الناس میں مقبولیت، تسخیر محبوب اور شادی وغیرہ کے لیے یہ وقت نہایت ہی موزوں ہے۔ وہ لوگ جو ایسے شعبوں سے تعلق رکھتے ہوں جن میں کامیابی کا دارومدار لوگوں کے ان کے رجوع کرنے، ان کو پسند کرنے، اچھی شہرت حاصل ہونے وغیرہ پر منحصر ہو (مثلاً ڈاکٹر، حکیم، نجومی، سیاست دان، وکیل، دکان دار اور فلم ساز وغیرہ) ان کو اس سعد وقت سے ضرور فائدہ اٹھانا چاہئے۔ وہ لوگ جو علم نجوم سے واقف نہیں وہ اس کو نیا چاند طلوع ہونے پر تحریر کریں۔

ذیل میں ایک ایسا قاعدہ دیا جا رہا ہے، جس پر عمل کرتے ہوئے آپ اپنے لیے یا کسی بھی دوسرے فرد کے لیے شرف زہرہ کا نقش برائے رجوع خلق، اضافہ آمدن اور رزق سے متعلق مسائل کے حل کے لیے تیار کر سکتے ہیں۔

پچھلے مضمون کے تسلسل میں اسی سعد وقت سے نفع حاصل کرنے کے لیے میں نے بنیادی طور پر حرف ''ا'' کی مناسبت سے اسم الٰہی ''اللہ'' کا چناؤ کیا ہے۔ مقصد کی مناسبت سے چند دیگر اسماء الٰہی بھی استخراج کیے گئے ہیں۔ ان کی تفصیل کچھ یوں ہے۔

اسم　　اعداد　　اثرات

اللہ	۶۶	لامحدود اثرات وفوائد
باری	۲۱۳	دنیا کو مسخر کرنے کے لیے
قہار	۳۰۶	غلبہ مخالفین وغیرہ
لطیف	۱۲۹	حاجت روی مہربانی خلق اللہ
قدوس	۱۷۰	خوش اخلاقی، خامیوں سے مبرا ہونا
وارث	۷۰۷	مالک، سردار، وسعت رزق
اول	۳۷	حاجت روی، کامیابی
واسع	۱۳۷	تسخیر قلوب، منزلت وبلندی

ان اسماء الٰہی کی مدد سے تیار کردہ نقش یازدہ (۱۱×۱۱) کسری نقش ہوتا ہے۔ لیکن نقش وہ زیادہ بہتر ہوتا ہے جو کسر لیے ہوئے نہ ہو۔ کسر سے محفوظ رہنے کے لیے دو اسماء الٰہی "رب اور احد" کا اضافہ کیا گیا۔ اس طرح بلاکسر نقش اپنی طاقت اور خصوصیات کے لحاظ سے کسری نقش کی نسبت زیادہ اچھے نتائج کا حامل ہوگا۔ دیکھیے نقش نمبر ۹۸

چال نقش

۶۶	۵۳	۴۰	۲۷	۱۴	۱	۱۲۰	۱۰۷	۹۴	۸۱	۶۸
۶۷	۶۵	۵۲	۳۹	۲۶	۱۳	۱۱	۱۱۹	۱۰۶	۹۳	۸۰
۷۹	۷۷	۶۴	۵۱	۳۸	۲۵	۱۲	۱۰	۱۱۸	۱۰۵	۹۲
۹۱	۷۸	۷۶	۶۳	۵۰	۳۷	۲۴	۲۲	۹	۱۱۷	۱۰۴
۱۰۳	۹۰	۸۸	۷۵	۶۲	۴۹	۳۶	۲۳	۲۱	۸	۱۱۶
۱۱۵	۱۰۲	۸۹	۸۷	۷۴	۶۱	۴۸	۳۵	۳۳	۲۰	۷
۶	۱۱۴	۱۰۱	۹۹	۸۶	۷۳	۶۰	۴۷	۳۴	۳۲	۱۹
۱۸	۵	۱۱۳	۱۰۰	۹۸	۸۵	۷۲	۵۹	۴۶	۴۴	۳۱

۳۰	۱۷	۴	۱۱۲	۱۱۰	۹۷	۸۴	۷۱	۵۸	۴۵	۴۳
۴۲	۲۹	۱۶	۳	۱۱۱	۱۰۹	۹۶	۸۳	۷۰	۵۷	۵۵
۵۴	۴۱	۲۸	۱۵	۲	۱۲۱	۱۰۸	۹۵	۸۲	۶۹	۵۶

نقش نمبر ۹۸

۱۸۵	۱۷۲	۱۵۹	۱۴۶	۱۳۳	۱۲۰	۲۳۹	۲۲۶	۲۱۳	۲۰۰	۱۸۷
۱۸۶	۱۸۴	۱۷۱	۱۵۸	۱۴۵	۱۳۲	۱۳۰	۲۳۸	۲۲۵	۲۱۲	۱۹۹
۱۹۸	۱۹۶	۱۸۳	۱۷۰	۱۵۷	۱۴۴	۱۳۱	۱۲۹	۲۳۷	۲۲۴	۲۱۱
۲۱۰	۱۹۷	۱۹۵	۱۸۲	۱۶۹	۱۵۶	۱۴۳	۱۳۱	۱۲۸	۲۳۶	۲۲۳
۲۲۲	۲۰۹	۲۰۷	۱۹۴	۱۸۱	۱۶۸	۱۵۵	۱۴۲	۱۴۰	۱۲۷	۲۳۵
۲۳۴	۲۲۱	۲۰۸	۲۰۶	۱۹۳	۱۸۰	۱۶۷	۱۵۴	۱۵۲	۱۳۹	۱۲۶
۱۲۵	۲۳۳	۲۲۰	۲۱۸	۲۰۵	۱۹۲	۱۷۹	۱۶۶	۱۵۳	۱۵۱	۱۳۸
۱۳۷	۱۲۴	۲۳۲	۲۱۹	۲۱۷	۲۰۴	۱۹۱	۱۷۸	۱۶۵	۱۶۳	۱۵۰
۱۴۹	۱۳۶	۱۲۳	۲۳۱	۲۲۹	۲۱۶	۲۰۳	۱۹۰	۱۷۷	۱۶۴	۱۶۲
۱۶۱	۱۴۸	۱۳۵	۱۲۲	۲۳۰	۲۲۸	۲۱۵	۲۰۲	۱۸۹	۱۷۶	۱۷۴
۱۷۳	۱۶۰	۱۴۷	۱۳۴	۱۲۱	۲۴۰	۲۲۷	۲۱۴	۲۰۱	۱۸۸	۱۷۵

اثرات نقش

اس بارے میں چند الفاظ پہلے بھی تحریر کر چکا ہوں۔ جامع اثرات کے تحت کہا جا سکتا ہے کہ کوئی بھر فرد جس کی دکان پر گاہک نہ آتے ہوں۔ کوئی ڈاکٹر، حکیم یا وید جو مریضوں کی توجہ سے محروم ہو یا کوئی فارغ نجومی، رمال یا جفار وغیرہ یا کوئی سیاست دان جس کی عوام باوجود کوشش کے حمایت نہ کرتے

ہوں یا کوئی اداکار، فلم ساز یا کوئی وکیل وغیرہ جس کو عوام میں مقبولیت حاصل نہ ہوتی ہو۔ وہ اس نقش کو اپنی ضرورت کے مطابق استعمال کرے۔

طریقِ تحریر و استعمال

اس نقش کو تحریر کر کے حسب ضرورت اپنے گھر یا دفتر یا روزگار کی جگہ پر نمایاں جگہ لٹکا دیں۔ ممکن ہو تو دفتر یا دکان میں داخل ہونے کا جو صدر دروازہ ہو اس پر لٹکائے۔ نقش کو تحریر کرنے کے لیے عرق گلاب اور زعفران کی سیاہی بنائے اور کسی میٹھے پھل کے پودے کی شاخ لے کر اس کی قلم سے نقش تحریر کریں۔ بخورات میں عطر لوبان، زعفران اور مشک شامل ہیں۔ اپنے مالی حالات کی مناسبت سے یہ سب یا کچھ بخورات استعمال کرے۔ نقش لکھنے کے بعد صدقہ و خیرات حسب توفیق ضرور دیں اگر کوئی صاحب زکوٰۃ نہ ہو تو کسی صاحب زکوٰۃ سے باشرائط تحریر کروائے۔

ایک بات اچھی طرح سمجھ لیں شرف کوکب کے مواقع روز روز تو آتے نہیں کہ چند دن بعد دوبارہ اس کو تیار کر لیں گے۔ سو اس نقش کو تحریر کرنے کے لیے تمام تیاری وقت سے قبل کر لیں۔ مکمل شرف زہرہ کے وقت سے کچھ پہلے یا کچھ بعد کسی ساعت سعد میں بھی یہ نقش تحریر کر سکتے ہیں۔ ساعت زہرہ کے وقت کے علاوہ آپ یہ نقش ساعت عطارد یا ساعت زحل میں بھی تحریر کر سکتے ہیں۔ یہ دونوں کواکب زہرہ کے دوست ہیں۔ جبکہ مریخ اور شمس مساوی ہیں اور شمس و قمر اس کے دشمن کواکب ہیں۔ سمجھدار کے لیے اتنی ہی تفصیل کافی ہے ناسمجھ کے لیے تمام کتاب بھی کم۔

اسماء الٰہی کے کل اعداد ۱۹۸۰ حاصل ہوئے۔ ان کے مطابق نقش یازدہ (احد عشر ۱۱×۱۱) تحریر کر رہا ہوں اس کے اضلاع کا مجموعہ آپ بھی جمع کر کے دیکھ لیں یہ ۱۹۸۰ ہونا چاہیے۔ نقش کے بارے میں ہر بات میں نے مکمل تفصیل سے بیان کر دی ہے۔

میرا خیال ہے اگر کوئی بھی فرد کوشش کرے تو اس سعد وقت سے فائدہ اٹھا سکتا ہے۔ تاہم یہ بات ذہن میں رکھیں عملیات سے وہی شخص فائدہ اٹھا سکتا ہے یا دوسروں کو فائدہ پہنچا سکتا ہے جو ان کو

سمجھتا ہے۔ باشرح عامل ہے نیک نیت ہے اور بڑی بات یہ ہے کہ نقش دینے اور لینے والے کو کلام الٰہی پر مکمل یقین ہو کہ اس سے فائدہ ہوگا تو پھر ہی مقصد کا حصول ممکن ہے۔ بے یقین آدمی کچھ حاصل نہیں کر پاتا۔

عقل وفہم سے عاری کرنا

عطارد کو برج حوت کے ۱۵ درجے پر ہبوط ہوتا ہے جب کسی کو عقل وفہم سے عاری کرنا مقصود ہو' طبیعت میں غفلت اور صاحب فراموش کی سی حالت پیدا کرنی ہو' سستی' تھکاوٹ اور عقل کا اندھا بنانا مطلوب ہو تو ہبوط عطارد میں حرف ''ا'' کی نسبت سے مثلث تحریر کرے۔ یہ مثلث تحریر کرنے کے لیے حرف ''ا'' کے اعداد ملوظی ''۱۱۱'' لیں اور ان میں مطلوبہ فرد کے نام اور اس کی والدہ کے نام کے اعداد استخراج کر کے جمع کر دیں۔ عین ہبوط عطارد یا کسی قریبی ساعت نحس میں اس کو چال نمبر ۹۹ کے مطابق تحریر کریں۔ بعد از تحریر اس نقش کو قبرستان میں دفن کر دیں۔ جلد ہی مطلوبہ فرد ذہنی بدحالی اور انتشار کا شکار ہو جائے گا۔ تاہم یاد رکھیں ایسا عمل کسی ظالم کو سزا دینے یا اس کے ذہن سے کسی مظلوم کے نام کو کھرچ دینے کے لیے ہی استعمال ہوگا۔ بلاوجہ کسی کو تنگ کر کے یقیناً اپنے نقصان کا بندوبست کریں گے۔

نقش کی چال نمبر ۹۹ تحریر کر رہا ہوں۔ آپ نام سائل نام والدہ سائل اور حرف ''الف'' کے اعداد ملوظی ''۱۱۱'' لے کر جمع کر کے بمطابق چال نقش مکمل کریں۔ دیگر شرائط کی پابندی بھی ذہن میں رکھیں۔ اگر آپ خود اعداد وغیرہ نہیں نکال سکتے تو نقش نمبر ۱۰۰ استعمال کریں۔

نقش نمبر ۱۰۰

۱۷۶۶۶۵	۱۷۶۶۵۷	۱۷۶۶۶۲
۱۷۶۶۵۹	۱۷۶۶۶۱	۱۷۶۶۶۴
۱۷۶۶۶۰	۱۷۶۶۶۶	۱۷۶۶۵۸

چال نقش

۸	۱	۶
۳	۵	۷
۴	۹	۲

بربادیٔ دشمن

ہبوط عطارد میں تیار کیا جانے والا ایک عمل برائے بربادی دشمن کچھ یوں ہے کہ قبرستان سے سات از حد پرانی قبروں کی مٹی معمولی معمولی سی مقدار میں اکٹھی کرے۔ خیال رہے قبریں پرانی اور ٹوٹی پھوٹی ہونی چاہیں۔ بعدازاں اس مٹی سے پتھر اور کنکر وغیرہ نکال کر اور کسی جانور کا خون لے کر اس میں شامل کرے اور پانی کی مدد سے گوندھے۔ پھر نقش نمبر ۱۰۱ میں دی گئی لوح کے مطابق لوح تیار کرے۔ یہ لوح مخمس ہے۔ لوح کے وسط میں جو خانہ خالی ہے اس میں مطلوب کا نام بمعہ والدہ کے تحریر کرے۔ دشمن ایک سے زائد ہوں تو الگ الگ ہر ایک کی لوح تیار کرے اور جس کے لیے لوح تیار کرے۔ اس کی طرف پورے طور پر متوجہ ہو۔ اس تمام عمل کے درمیان اِس دشمن کا حلیہ اور چہرہ عامل کے ذہن میں نقش ہوگا اور مکمل توجہ دشمن کی تباہی کی طرف ہوگی تو حیرت انگیز طور پر یہ عمل اپنا اثر دکھائے گا۔

نقش نمبر ۱۰۱

ا	ا	ا	ا	ا
ا	ا	ا	ا	ا
ا	ا		ا	ا
ا	ا	ا	ا	ا
ا	ا	ا	ا	ا

اب اس لوحِ طلسم کے خشک ہونے کا انتظار کریں۔ خشک اس کو تپتی دھوپ میں یا آگ والی جگہ کے قریب کریں۔ جب لوح خشک ہو جائے تو اس کو تازہ خون سے دھوئیں۔ خیال رہے یہ تمام عمل ہبوط عطارد کے اندر اندر مکمل ہو اگر ہبوط کا وقت نکل گیا تو اس عمل کو کرنے کا کچھ فائدہ نہیں۔ مطلوبہ وقت سے قبل ہر طرح کی تیاری مکمل رکھیں اور تیزی کے ساتھ اس عمل کو مکمل کریں۔ خون سے دھونے

کے فوراً بعد خون آلود طلسم کو پانی کے ایک چھوٹے برتن میں ڈال کر دھولیں۔ اس پانی کا استعمال تو یہ ہے اس کو دشمن کے گھر اور دکان وغیرہ کے اندر باہر چھڑک دیں۔ اس طرح کہ اس کا دروازہ اور گزرگاہ محفوظ نہ رہے۔ اب اس لوح کو دوبارہ خشک کریں اور جب خشک ہو جائے تو اس کو اٹھا کر زمین (سخت) پر دے ماریں۔ جس قدر قوت سے ٹکڑے کریں گے جس قدر زیادہ ٹکڑے منتشر ہوں گے۔ اتنا ہی دشمن پر خوف اور ویرانگی چھائے گی۔

خیال رہے اس لوح کو قبرستان میں توڑنا ہے نہ کہ اپنے گھر میں۔ اس کو توڑنے کے بعد وہاں ہی چھوڑ دیں۔ اب آپ نے کچھ نہیں کرنا۔ دوبارہ لکھ رہا ہوں اپنے گھر کے اندر یا باہر یا احاطے میں یہ عمل بالکل مت کریں ورنہ آپ خود بھی اس کی نحوست کا شکار ہو سکتے ہیں۔ نہ پانی وغیرہ آپ پر یا کپڑوں پر پڑے۔ رجعت کا اندیشہ ہے۔

اس عمل کو کرنا کہاں جائز ہے اور کہاں کہاں ناجائز۔ یہ خوب سوچ سمجھ لیں۔ ناجائز کرنے والے اپنے کیئے کے خود ذمہ دار ہوں گے۔ میرا کام تو عمل بیان کرنا ہے ہر پڑھنے والے کا ہاتھ پکڑنا اور ناجائز طور پر روحانی اعمال کو مصرف میں لانے سے منع کرنا ممکن نہیں۔ اس وجہ سے درخواست کی ہے جو میں کر سکتا ہوں اور بار بار کرتا ہوں۔ ناجائز عمل کیا جائز عمل کرتے ہوئے بھی سوچیں کیا یہ جائز عمل واقعتاً سائل کے لیے بہتر ہے یا نہیں۔

نوٹ۔ وہ لوگ جو علم نجوم سے واقف نہیں وہ یہ عمل کسی گرہن کے وقت کر سکتے ہیں۔

مرتبے سے گرانا

عجیب سی بات ہے آج کے مضمون میں ہبوط کے حوالے سے اعمال شر کا ہی ذکر وارد ہو رہا ہے بہر حال موقعے کی مناسبت سے ایک عمل کسی بھی ظالم بد دماغ بدکردار اور فرعون طبع فرد کو مرتبے سے گرانے اور عہدے سے تنزل کا تحریر کر رہا ہوں۔

حرف ''الف'' کے اعداد ملفوظی لے کر اس میں اعداد مطلوب اور والدہ مطلوب کے جمع کریں اور ایک نقش لوح مٹی پر کندہ کریں۔ یہ لوح مسبع (۷×۷) ہوگی۔ جب نقش کندہ کرلیں تو پشت لوح پر ایک تصویر کرسی کی بنائیں۔ حالت کرسی کی خراب ہو پھر تصویر فرد مطلوب کی بنائیں اور وہ تصویر اس طور ہو کہ وہ ظالم و جابر فرد کرسی سے نیچے گر چکا ہے اور بے یارو مددگار زمین پر پڑا ہے اور حالت تکلیف میں ہے۔ یہ عمل صرف لوح پر ہی نقش نہیں کرنا بلکہ آپ کی سوچ اور ذہن پر بھی نقش ہونا چاہئے۔ تب ہی اس کا اثر مکمل کر سامنے آئے گا۔ جو لوگ اعداد وغیرہ نہیں نکال سکتے وہ نقش نمبر ۱۰۲ کو استعمال کریں۔

چال نقش

۱	۳۵	۳	۳۴	۳۲	۶
۳۰	۸	۲۸	۲۷	۱۱	۷
۱۳	۲۳	۲۲	۲۱	۱۴	۱۸
۲۴	۱۷	۱۶	۱۵	۲۰	۱۹
۱۲	۲۶	۹	۱۰	۲۹	۲۵
۱۳	۲	۳۳	۴	۵	۳۶

نقش ۱۰۲

۱۰۲	۱۳۷	۱۰۴	۱۳۶	۱۳۴	۱۰۷
۱۳۲	۱۰۹	۱۳۰	۱۴۹	۱۱۲	۱۰۸
۱۱۴	۱۲۵	۱۲۴	۱۲۳	۱۱۵	۱۱۹
۱۲۶	۱۱۸	۱۱۷	۱۱۶	۱۲۲	۱۲۱
۱۱۳	۱۲۸	۱۱۰	۱۱۱	۱۳۱	۱۲۷
۱۳۳	۱۰۳	۱۳۵	۱۰۵	۱۰۶	۱۳۸

خیال رہے کہ یہ نقش ہبوط مشتری میں تحریر کرنا ہے جب لوح طلسم تیار ہو جائے تو اس کو کسی

لوح تربت کے نیچے دفن کردیں۔ یہ کام ہبوط مشتری کے اندر ہونا چاہیے۔ ہبوط مشتری کا وقت ختم ہوگیا تو عمل اثر نہ کرے گا۔ اگر عمل کچھ طویل معلوم ہو تو ہبوط مشتری سے پہلے ساعت زحل استخراج کر کے عمل کا ایک حصہ اس میں کرلیں اور باقی عین ہبوط مشتری کے وقت مکمل کریں۔ اس کتاب میں میری کوشش ہے کہ جہاں آپ کو حروف کی طاقتوں ان سے متعلق اسماء الٰہی، آیات قرآنی اور سورتوں کی روحانی فضلیت سے روشناس کروں وہاں مختلف کوکبی حالتوں سے بھی فائدہ اٹھانے کی تعلیم دے سکوں تا کہ ہمارا کام دو آتشہ ہو جائے۔

اولادِ نرینہ

شمس کو برج حمل کے ۱۹ درجے پر شرف ہوتا ہے۔ عموماً عاملین اس وقت تسخیر، حکومت، بادشاہت، امارت، عہدے اور مرتبے وغیرہ کے اعمال تیار کرتے ہیں۔ تاہم میں ان میں سے کوئی عمل یہاں تحریر نہیں کر رہا بلکہ ایک ایسا عمل تحریر کر رہا ہوں جس کا ذکر بھی پہلے آپ کی سماعت سے نہ گزرا ہوگا۔

وہ جوڑے جو اولادِ نرینہ سے محروم ہیں وہ شرف شمس کے اس وقت سے فائدہ اٹھا سکتے ہیں۔ شمس کے تحت اس سعد وقت میں اگر اسم الٰہی ''اول'' جو کہ حرف ''ا'' سے شروع ہوتا ہے کو بھی شامل کرلیا جائے تو اس کے اثرات دوچند ہو جاتے ہیں۔

قاعدہ:۔ اولادِ نرینہ کے لیے نقش تیار کرنے کا طریقہ کچھ یوں ہے۔

۱۔ نام سائل بمع نام والدہ سائل (زوجین) کے لیں۔

۲۔ ان میں اسم الٰہی ''اول'' کا اضافہ کریں۔

۳۔ تمام الفاظ کی بسط حرفی کریں مگر تکرار والے حروف کو کاٹیں مت

۴۔ اس سطر کی تکسیر حاصل کریں۔

۵۔ اس تکسیر میں جس قدر حروف نورانی حاصل ہوں ان کے اعداد

کے مطابق نقش تحریر کر کے طالب وسائل کو دیں۔

۶۔ طالب کی مالی حیثیت کے مطابق سونے یا چاندی کی لوح پر کندہ کریں۔ یوں اس کو کاغذ پر بھی تحریر کر سکتے ہیں۔

۷۔ تکسیر سے موکل اور اعوان استخراج کر کے نقش کے چہار اطراف میں تحریر کریں۔

۸۔ نقش کے اضلاع بسم اللہ سے بنائیں اور چاروں کونوں میں چاروں مقرب ترین فرشتوں کے نام تحریر کردیں۔

مثال:۔ مندرجہ بالا قواعد کی وضاحت کے لیے حقیقی مثال نہیں لی جاسکتی کیونکہ وہ بہت طویل ہو جائے گی۔ مختصراً سائل اور اسم الٰہی سے تکسیر کرتے ہیں۔

نام سائل۔ احمد

اسم الٰہی:۔ اول

ا ح م د ا و ل

ل ا و ح ا م د

د ل م ا ا و ح

ح د و ل ا م ا

ا ح م د ا و ل

ل ا و ح ا م د

د ل م ا ا و ح

ح د و ل ا م ا

ا ح م د ا و ل

اب تمام حروف نورانی کا استخراج کریں اور ان کی عددی قیمت لیں۔ ہماری مثال میں ان کی کل عددی قیمت ۲۰۷ بنتی ہے۔ اس کے مطابق نقش ۱۰۲ الف پُر کریں۔ خیال رہے یہ چال ہے مسدس کی جو کہ منسوب شرف آفتاب سے ہے۔ عموماً تجربہ کار اور صاحب علم عاملین کو اس نقش کے لکھنے

کے بارے میں مزید وضاحت کی ضرورت نہیں ہوتی۔ تاہم یاددہانی کے لیے تحریر کیے دیتا ہوں کہ جس قدر اعداد حاصل ہوں۔ ان میں سے ۱۰۵ عدد قانون کے تفریق کر کے باقی کو ۶ سے تقسیم کر دیں۔ جو حاصل آئے اس کو چال کے خانہ اول میں رکھ کر نقش مکمل کر لیں۔ اگر تقسیم سے کچھ بچ جائے تو بمطابق کسر مختلف خانوں میں سے متعلقہ خانے میں ایک عدد کا اضافہ ہوگا۔

نقش نمبر ۱۰۲(۱)

۱	۳۵	۳	۳۴	۳۲	۶
۳۰	۸	۲۸	۲۷	۱۱	۷
۱۳	۲۳	۲۲	۲۱	۱۴	۱۸
۲۴	۱۷	۱۶	۱۵	۲۰	۱۹
۱۲	۲۶	۹	۱۰	۲۹	۲۵
۳۱	۲	۳۳	۴	۵	۳۶

خارج قسمت ا ہو تو خانہ ۳۱ میں' دو ہو تو خانہ ۲۵ میں' تین ہو تو خانہ ۱۹ میں' چار ہو تو خانہ ۱۳ میں اور اگر پانچ ہو تو خانہ ۷ میں ایک کا اضافہ کر دیں۔

اگر آپ کا ارادہ یہ نقش تحریر کرنے کا ہو تو قبل از وقت اس کی تیاری کر لیں اور عین وقت شرف شمس اس کو سونے' چاندی یا کاغذ پر منتقل کر لیں۔ اللہ مدد کرنے والا ہے۔ شرف وغیرہ کے اوقات آپ خالد روحانی جنتری سے دیکھ سکتے ہیں۔

امراض رحم وحمل

اوج زہرہ کے حوالے سے ایک عمل تحریر کر رہا ہوں یہ صرف خواتین اور ان کے امراض خصوصی سے متعلق ہے۔ رحم کی کوئی تکلیف ہو یا حمل کی حفاظت درکار ہو یا حمل ضائع ہو جاتا ہو تو وقت

سعد پر درج ذیل طریق سے نقش تیار کر کے متعلقہ سائل کو دیں۔ انشاء اللہ بہتری ہوگی۔ زہرہ کو برج جوزا کے ۲۲ درجے پر اوج ہوتا ہے۔

حرف "الف" کے حوالے سے دو اسماء الٰہی "اللہ" اور "آخر" کو لیں گے۔ ان کے علاوہ دو اور اسماء الٰہی "خالق" اور "معبود" بھی استعمال ہوں گے۔ یہ دونوں اسماء الٰہی بالترتیب نسوانی امراض اور اولاد کے لیے مجرب ہیں۔ ان سب کے اعداد لے لیں۔ نقش نمبر ۱۰۳ بہ رفتار مخمس تحریر کریں۔ اعداد ان تمام اسماء الٰہی کے یوں ہوئے۔

اللہ	۶۶
آخر	۸۰۱
خالق	۷۳۱
معبود	۳۳۶
میزان	۱۹۳۴

چال

۹	۲۱	۱۳	۵	۱۷
۳	۲۰	۷	۲۴	۱۱
۲۲	۱۴	۱	۱۸	۱۰
۱۶	۸	۲۵	۱۲	۴
۱۵	۲	۱۹	۶	۲۳

نقش

۳۸۳	۳۹۵	۳۸۷	۳۷۸	۳۹۱
۳۷۶	۳۹۴	۳۸۱	۳۹۸	۳۸۵
۳۹۶	۳۸۸	۳۷۴	۳۹۲	۳۸۴

۳۹۰	۳۸۲	۳۹۹	۳۸۶	۳۷۷
۳۸۹	۳۷۵	۳۹۳	۳۸۰	۳۹۷

زیادہ بہتر تو یہ ہے کہ اس نقش کو ہرن کی کھال پر تحریر کریں۔ بشرطیکہ مکمل یقین ہو کہ کھال ہرن کی ہے۔ کسی خرگوش یا کتے کی نہیں۔ دوسری صورت میں چاندی پر نقش کر کے گلے میں ڈال لیں بازو پر باندھ لیں یا کمر پر۔ اس کے ساتھ ساتھ اسماء الٰہی کا ورد اپنے نام کے اعداد کے حساب سے روزانہ کریں۔ انشاء اللہ حصول مراد ہوگی۔

رسول اللہ ﷺ کی حدیث ہے کہ دعا میں جلدی نہیں کرنی چاہیے۔ دراصل اس سے مراد انسانی نفس کا دعا مانگنے سے جلد اکتا جانا ہے اور یہ خیال کرنا ہے کہ اللہ نے اس کی دعا سنی ہی نہیں یا متعلقہ عمل میں اثر نہیں ہے۔ بس اس بات سے پرہیز کریں۔ دعا تو اسی وقت مقبولیت حاصل کر لیتی ہے جب وہ کسی مخلص دل سے نکلتی ہے۔ اس کے عملی طور پر ظہور میں آنے کا وقت ذات الٰہی کی اپنی مرضی پر منحصر ہے۔ آج دیتا ہے کل یا آخری جہاں میں۔ آپ کا میرا کام مانگنا ہے (ذات الٰہی سے) سوان دونوں جہانوں کے رب کے دربار میں عاجزی اور یقین محکم کے ساتھ حاضر رہیں۔ باقی کام اس رب کا ہے۔

عناصر اور تقسیم حروف

حروف کی کل تعداد ۲۸ ہے جبکہ عناصر کی چار اقسام ہیں۔ ان حروف کو اگر چار عناصر میں برابر تقسیم کریں تو ہر عنصر کو سات سات حروف ملتے ہیں۔ تفصیل کچھ یوں ہے۔

آتشی حروف — ا، ہ، ط، م، ف، ش، ذ

بادی حروف — ب، و، ی، ن، ص، ت، ض

آبی حروف — ج، ز، ک، س، ق، ث، ظ

خاکی حروف — د، ح، ل، ع، ر، خ، غ

یہاں حرف "ا" کی مناسبت سے حروف آتشی کے اثرات وفوائد کو بیان کرتا ہوں۔

۱۔ حاجت روائی

۲۔ خلائق میں عزت

۳۔ امور غمناک سے نجات

۴۔ تفریح قلب

۵۔ دفع مرض تپ لرزہ، تپ بلغمی، جوڑوں کے درد اور وہ امراض جو ٹھنڈ کے باعث ہوں۔

حرف "ا" حروف آتشی کی تقسیم میں آتا ہے اب دیکھیں ان تمام حروف آتشی کے کل اعداد کیا ہیں۔

ا	۱
ہ	۵
ط	۹
م	۴۰
ف	۸۰
ش	۳۰۰
ذ	۷۰۰
میزان	۱۱۳۵

اب ان اعداد (۱۱۳۵) کو لے کر چار مربع نقوش تحریر کریں۔ آپ ان سے فائدہ اٹھائیں۔ یہ نقوش جیسا کہ ظاہر ہے حرف آتشی کے اعداد سے مرکب ہیں اور سریع التاثیر ہیں۔ غلط جگہ اور غلط طریقے سے استعمال نہ کریں۔ نقش کوئی بھی ہوں یہ دراصل عامل کی ذمہ داری ہے کہ اس کے جائز استعمال کو یقینی بنائے۔ بعض لوگ جھوٹ سے یا اس طریق سے توڑ مروڑ کر بات کرتے ہیں کہ غلط بات کو بھی سچ بنا دیتے ہیں۔ تاہم ایک صاحب علم اور روشن دل و دماغ کے فرد سے ان کا یہ جھوٹ چھپ نہیں سکتا۔ اسی طرح جب تک اعمال روحانی کے درست ہونے، حق سچ ہونے میں شبہ ہو یا طبیعت ان

کی جانب راغب نہ ہوتی ہو تو پھر ان اعمال سے مدد بھی نہیں لینی چاہیے کیونکہ ایسی صورت میں فرد ان اعمال سے اپنی نیت کے باعث فائدہ اٹھانے سے محروم رہتا ہے۔ اس لیے یا تو ان (عملیات) کی طرف رجوع ہی نہ کرے تاکہ وقت اور پیسہ دونوں کی بچت ہو اور فرد بدگمانی سے بھی محفوظ رہے اور اگر کرے تو پھر پورے اعتماد اور یقین سے تاکہ مکمل فائدہ ہو۔ اللہ بہتر کرنے والا ہے۔

نقش نمبر۱۰۴ بلحاظ مزاج' آتشی ہے۔ ظالم اور جابر فرد کی بربادی' تباہی اور زیادتی کا بدلہ لینے کے لیے استعمال ہوگا۔ جس فرد کے لیے کیا جائے وہ تباہ و برباد اور پریشان حال ہوگا۔

نقش نمبر۱۰۵ بلحاظ مزاج' بادی ہے۔ حاجات کی تکمیل اور سعد کاموں کے لیے موزوں ترین' درجات میں بلندی' ترقی نہ ہوتی ہو تو اس کے لیے بھی فائدہ مند ہے۔

نقش نمبر۱۰۶ بلحاظ مزاج' آبی ہے۔ معاملات محبت میں مجرب ہے۔ معشوق کا حصول' میاں بیوی میں ملاپ' گھریلو امن و اتفاق کے لیے حد درجہ مناسب۔

نقش نمبر۱۰۷ بلحاظ مزاج' خاکی ہے۔ عمومی طور پر یہ بندش کے لیے مفید ہوتا ہے تاہم یہ خصوصی طور پر سحر' جادو' اثر کو ختم کرنے یا ان سے محفوظ رہنے کے لیے بہت کام دے گا۔ زبان دراز فرد کی بدزبانی کو کنٹرول کرنے کے لیے بھی مجرب ہے۔

چال نقش

۸	۱۱	۱۴	۱
۱۳	۲	۷	۱۲
۳	۱۶	۹	۶
۱۰	۵	۴	۱۵

نقش نمبر۱۰۴

۲۸۳	۲۸۶	۲۹۰	۲۷۶
۲۸۹	۲۷۷	۲۸۲	۲۸۷
۲۷۸	۲۹۲	۲۸۴	۲۸۱
۲۸۵	۲۸۰	۲۷۹	۲۹۱

چال نقش

۱۱	۸	۱	۱۴
۲	۱۳	۱۲	۷

نقش نمبر۱۰۵

۲۸۶	۲۸۳	۲۷۶	۲۹۰
۲۷۷	۲۸۹	۲۸۷	۲۸۲

۲۹۲	۲۷۸	۲۸۱	۲۸۳
۲۸۰	۲۸۵	۲۹۱	۲۷۹

۱۶	۳	۶	۹
۵	۱۰	۱۵	۴

نقش نمبر ۱۰۶

۲۹۰	۲۷۶	۲۸۳	۲۸۶
۲۸۲	۲۸۷	۲۸۹	۲۷۷
۲۸۴	۲۸۱	۲۷۸	۲۹۲
۲۷۹	۲۹۱	۲۸۵	۲۸۰

چال نقش

۱۴	۱	۸	۱۱
۷	۱۲	۱۳	۲
۹	۶	۳	۱۶
۴	۱۵	۱۰	۵

نقش نمبر ۱۰۷

۲۷۶	۲۹۰	۲۸۶	۲۸۳
۲۸۷	۲۸۲	۲۷۷	۲۸۹
۲۸۱	۲۸۴	۲۹۲	۲۷۸
۲۹۱	۲۷۹	۲۸۰	۲۸۵

چال نقش

۱	۱۴	۱۱	۸
۱۳	۷	۲	۱۳
۶	۹	۱۶	۳
۱۵	۴	۵	۱۰

سردی سے واقع ہونے والے امراض کا علاج

وہ امراض جو سرد موسم میں شدت اختیار کرتے ہیں یا اس سے منسوب ہیں یا وہ امراض جو بلغمی مزاج کے ہوں۔ ان کے علاج کے لیے بھی آپ ان حروف آتشی سے مدد لے سکتے ہیں۔

کسی اتوار کو ساعت شمس (طلوع آفتاب کے وقت) میں تمام حروف آتشی کو کسی چینی کی پلیٹ وغیرہ پر گولائی میں تحریر کریں۔ ان کو لکھنے کے لیے زعفران اور قدرے مشک کیوڑے کے ملاپ

سے سیاہی تیار کریں۔ کسی اور شے سے لکھیں گے تو اس کا فائدہ نہ ہوگا۔

برائے کشش طالب و مطلوب

جس دن شمس برج حمل کے درجہ اول پر ہو سیسے کی تختی پر صرف حرف ''ا'' ایک ہزار مرتبہ تحریر کریں اس لوح کے پچھلی طرف طالب اور مطلوب کے ناموں کو امتزاج دے کر تحریر کریں۔ لوح لکھنے کے بعد اس کو حرارت والی جگہ' زیر آتش دفن کر دیں تا کہ حرارت اس کو بہم پہنچتی رہے۔ جلد ہی طالب و مطلوب میں کشش پیدا ہوگی۔ اس مقصد کے حصول کے لیے یہ لاثانی عمل ہے۔ لوح پر حرف ''ا'' بالکل سادہ طریقے سے یوں تحریر کریں۔

ا ا ا ا ا
ا ا ا ا ا
ا ا ا ا ا

طالب اور مطلوب کے ناموں کے امتزاج سے جو لوگ واقف نہیں ان کے لیے ایک مختصر

مثال:-

طالب	اکبر
مطلوب	بی بی
حروف طالب	ا ک ب ر
حروف مطلوب	ب ی ب ی
امتزاج	ا ب ک ی ب ب ر ی

عقل و فہم زیادتی دانش و حافظہ

نجوم میں جس طرح انسانی جسم کے مختلف اعضاء کو اکب اور بروج سے منسوب ہیں۔ اسی

طرح مختلف حروف کو بھی انسانی اعضاء سے منسوب کیا جاتا ہے۔ اسی نکتے کی بنیاد پر ذیل میں ایک عمل تحریر کر رہا ہوں۔ یہ ذہن میں رکھیں کہ ہم حرف ''ا'' پر بحث کر رہے ہیں اور یہ دماغ سے منسوب ہے یعنی عقل و فہم، زیادتی دانش، حافظہ کے لیے مفید ہے۔

جیسا کہ پہلے لکھ چکا ہوں ''ا'' کو دیگر تمام حروف پر سبقت حاصل ہے۔ اس کا استعمال فرد کی حکمت پر منحصر ہے۔ دیکھیں ذیل کی سطور آپ کی سمجھ میں کس طور آتی ہیں۔

۱۔ ''ا'' سے اللہ

۲۔ اللہ کے پہلے ''ا'' کو ملفوظی کیا یعنی ''الف'' سو پھر تین حرف حاصل ہوئے۔

☆ ا

☆ ل

☆ ف

۳۔ اللہ کے دوسرے حرف ''ل'' کو ملفوظی (لام) کیا تو یہ تین حروف حاصل ہوئے۔

☆ ل

☆ ا

☆ م

۴۔ اللہ کے تیسرے حرف ''ل'' کو ملفوظی کیا تو پھر مندرجہ بالا تین حروف حاصل ہوئے۔

۵۔ آخری حرف ''ہ'' کو ملفوظی (ھا) کیا تو یہ دو حرف حاصل ہوئے۔

☆ ھ

☆ ا

اب ان تمام حروف کی گنتی کریں یہ کل گیارہ ہوئے۔

ال ف ل ا م ل ا م ھا

ان حروف کو چینی کی پلیٹ وغیرہ پر لکھیں اور ایک پلیٹ روزانہ مریض کو پینے کے لیے دیں۔ وہ فرد جس کی عقل و فہم میں زیادتی مقصود ہو یا جس کا حافظہ کمزور ہو یا نسیان کا مرض ہو یا بھول

چوک کثرت سے ہوتی ہے۔اس قسم کے سب امراض میں یہ شافی اثر کا حامل عمل ہے۔

اِن پلیٹوں کا پانی قمری ماہ کی ابتداء سے استعمال کرنا شروع کریں۔اِن کو پانی سے دھو لیں۔آب زم زم مل جائے تو زیادہ بہتر ہے پھر خالص شہد لے کر اس پانی کا شربت بنا کر پی لیں۔ اِنشاء اللہ شفاء کاملہ نصیب ہوگی۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم

یااللہ	یاواسع	یارزاق	یااللہ
یاقائم	یاباقی	یاحادی	یاباقی
یاوھاب	یاکریم	یاحلیم	یاسلام
یااللہ	یاعلیم	یاخبیر	یااللہ

باب چہارم

عملیات قرآن

فراخی رزق

وہ فرد جو رزق کی تنگی کا شکار ہو اس کو چاہیے کہ سب سے اچھی خوراک جو وہ کھاتا ہے اکیس دن تک مسلسل اس کو بطور صدقہ واسطہ اللہ کے کسی ضرورت مند یا مسکین کو کھانے کے لیے دے۔ انشاء اللہ حصول مقصد ہوگا۔

اس دوران درود شریف کا کھلا ورد اپنا معمول بنا لے۔ اللہ بہتری کرنے والا ہے۔ ساتھ ہی درج ذیل نقش کو تحریر کر کے اپنے کام کی جگہ پر لٹکا دے یا جہاں روپیہ یا آمدن وغیرہ رکھتا ہے وہاں رکھ دے۔ نقش یوں ہے۔

اس نقش کو کاغذ پر بھی لکھ سکتے ہیں اور اگر چاندی یا سونے یا تانبے پر کندہ کروانا چاہیں تو ایسا بھی کر سکتے ہیں۔ تاہم یہ کام جمعرات کے دن پہلی ساعت میں کریں۔ یا خالد روحانی جنتری یا راہنمائے عملیات سے شرف قمر یا اوج قمر کے اوقات (یہ وقت ہر ماہ آتے ہیں) میں نقش یا لوح مکمل

کرے۔

حصول رزق

حصول رزق کا ایک اور عمل تحریر ہے۔ اس کا طریقہ کچھ یوں ہے کہ جمعہ کے دن قبل از فجر قبلہ رو ہو کر صلوۃ والی جگہ پر بیٹھ کر درود شریف کی ایک تسبیح مکمل کرے۔ اس کے بعد سورہ جمعہ کو اکیس مرتبہ پڑھے۔ نئے چاند کو کوئی قریبی جمعہ پڑھتا ہو تو بہتر ہے اس جمعہ کو کرے۔ یعنی جمعہ اور نیا چاند دونوں اکٹھے واقع ہوں۔ چالیس دن کا عمل ہے۔ انشاء اللہ بہتری ہوگی۔

واسطے رزق

سورہ واقعہ کو ہر روز بعد صلوۃ مغرب جتنی مرتبہ آسانی سے پڑھ سکے اتنی دفعہ پڑھ لیا کرے۔ انشاء اللہ رحمت کے دروازے کھل جائیں گے۔

اس عمل میں پڑھائی اور دنوں کی قید نہیں ہے۔ تاہم اس وقت تک لازم پڑھتا رہے جب تک مقصد حاصل نہیں ہو جاتا۔ حصول مقصد کے بعد شکرانے کے طور پر مزید کچھ عرصہ بھی پڑھتا رہے تو بہتر ہے۔

باری کا بخار

باری کا بخار ہو یا کوئی اور اس کے علاج کا روحانی طریقہ یہ ہے کہ مندرجہ ذیل عبارت زعفران سے تحریر کر کے مریض کے گلے میں ڈال دیں اور یہی عبارت اس کو چینی کے برتن میں زعفران سے لکھ کر پینے کے لیے دیں۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم

کھیٰعص حمٰعسق

یا سلام یا قوی یا باقی

یا سلام یا قوی یا باقی

یا سلام یا قوی یا باقی

یا اللہ یا اللہ یا اللہ

یا وارث یا وارث یا وارث

پیٹ درد

اس کے علاج کے لیے بسم اللہ الرحمٰن الرحیم، سورۃ الحمد شریف اور سورۃ الم نشرح سات سات مرتبہ پڑھ کر پینے کے لیے دیں۔ اللہ نے چاہا تو ہر قسم کا درد رفع ہو جائے گا۔ حسب استطاعت صدقہ دیں۔

دردسر

جس فرد کے سر کا درد نہ جاتا ہو اس کو درج ذیل عبارت زعفران سے لکھ کر دھاگے سے سر پر باندھنے یا ٹوپی میں رکھنے یا سلوانے کے لیے دیں۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم

س	ل	ا	م
ل	ا	م	س
ا	م	س	ل
م	س	ل	ا

بسم اللہ الرحمن الرحیم

یا غفور یا غفور یا غفور

یا سلام یا سلام یاسلام

یا حی یا قیوم یا حی یا قیوم یا حی یا قیوم

اللہ اللہ اللہ

محبت کے لیے

کسی کے دل میں اپنی محبت پیدا کرنا چاہیں تو تھوڑا سا نمک لے کر اس پر یا ودود یا واسع روزانہ سات سو مرتبہ پڑھیں۔ یہ نمک کھانے میں یا کسی اور شے میں استعمال کریں۔ انشاء اللہ تعالی حصول مقصد ہوگا۔

ناف پڑنا

جس مرد یا عورت کو یہ تکلیف ہو وہ درج ذیل نقش ڈوری سے درد والی جگہ پر باندھ لے۔ اگر ایسا ممکن نہ ہو یا مشکل ہو تو گلے میں ڈال لے یا بازو پر باندھ لے۔ نقش یوں ہے۔

حصول مقصد

سورہ الم نشرح کے کئی فوائد میں سے ایک یہ ہے کہ حصول مقصد یا حاجت روی کے حوالے سے یہ بہت مجرب ہے۔ ایسی کسی بھی صورت حال میں درج ذیل عمل کریں۔ اللہ کی ذات شفا دینے والی ہے۔

اللہ	اللہ	اللہ
و	ی	ق
اللہ	اللہ	اللہ
ق	ی	و
اللہ	اللہ	اللہ
و	ق	ی

بعداز فجر روزانہ کامل چالیس دن تک سورہ الم نشرح کو اکتالیس دفعہ پڑھیں۔ بعداز پڑھائی حصول مقصد کے لیے دعا کریں۔ اللہ سُننے والا ہے۔

حافظہ

بسم اللہ الرحمن الرحیم

یاقوی

بسم اللہ الرحمن الرحیم

وہ افراد جن کو حافظے کا مسئلہ درپیش ہو ان کے لیے بھی یہ سورۃ الم نشرح نعمت الٰہی ہے۔

اس سورۃ کو زعفران سے لکھ کر بلا ناغہ پی لیں۔ یہ عمل کم از کم تین ماہ کریں۔

بعض لوگ چند دن ایک عمل کرتے ہیں اور چھوڑ دیتے ہیں۔ اس طریقہ کار سے کوئی فائدہ نہیں ہوتا۔ عمل کو بتائے گئے طریقے کے مطابق مستقل مزاجی اور اللہ کی ذات پر یقین رکھ کر شروع کرنا چاہیے اللہ دعا قبول کرنے والی واحد ذات ہے۔

یہ عمل شرف قمر کے وقت یا نئے چاند سے شروع کریں تو بہتر ہے۔

دفع درد

جس مقام پر درد ہو رہا ہو اس جگہ کو شہادت کی انگلی اور انگوٹھے کی مدد سے مضبوطی سے پکڑ لیں۔ پھر تین مرتبہ الحمد شریف اور تین مرتبہ الم ترکیف پڑھ کر درد والی جگہ پر مسلسل دم کرتے رہیں۔ معمولی درد تو فوراً ٹھیک ہو جائے گا۔ مزمن مرض کے لیے سات سے اکیس دن تک کریں۔

نامردی کا علاج

درج ذیل نقش کو زعفران سے چینی کی پلیٹ پر تحریر کر لیں۔ ایک پلیٹ روزانہ شہد اور دودھ کے ساتھ دھو کر پی لیں۔ اللہ تعالیٰ شفاء دے گا۔

بچوں کی کمزوری اور صحت

وہ بچے جو کمزوری یا صحت کے مختلف مسائل کا شکار ہوں ان کے لیے درج ذیل نقش چاندی پر کندہ کروا کر گلے میں ڈالنے کے لیے دیں اور اسی کو زعفران سے لکھ کر پینے کے لیے دیں۔

الله	یاحی	یاقیوم	الله
یااول	یاشافی	یاسلام	یاآخر
یاغفار	یاوارث	یاباقی	یاواسع
الله	یاحی	یاقیوم	الله

گمشدہ یا غائب کا حال

کوئی مرد یا عورت لاپتہ ہو اور اس کی خبر معلوم نہ ہو تو اس کا حال جاننے کے لیے درج ذیل اِستخارہ کریں۔ اللہ راہنمائی فرمائے گا۔ اِنشاء اللہ تعالی۔

سونے سے قبل دو رکعت صلوۃ نفل ادا کریں۔

پھر سورہ الحمد، الم نشرح، الشمس اتنی دیر تک پڑھتے رہیں کہ نیند کا غلبہ ہو۔ اسی جگہ سو جائیں۔ اِنشاء اللہ خواب میں راہنمائی بطرف قدرت ہوگی۔

جب دو رکعت صلوٰۃ نفل ادا کریں تو اِستخارہ میں کامیابی کا خیال رکھیں اور بعداز صلوٰۃ جس مرد یا عورت یا بچے کا حال معلوم کرنا ہے اس کا نام لے کر اللہ سے حصول مقصد کے لیے دعا کریں۔

یہ عمل پورے چاند کے دن کریں۔

بدلہ

اگر فرد کی جان کسی کی وجہ سے مصیبت میں پھنسی ہو تو منگل کی رات سے روزانہ ایک ہزار مرتبہ لا الٰہ الا اللہ کا ذکر بلاناغہ کرے۔ اِنشاء اللہ ظالم اپنے انجام کو پہنچے گا۔

یہ عمل چالیس دن یا کام مکمل ہونے تک پڑھ سکتے ہیں۔

زمین اور مکان کا قبضہ

زمین مکان کی قبضہ کی حفاظت اگر یہ خیال ہو کہ کوئی آپ کی زمین، مکان یا جائداد وغیرہ پر ناحق قابض ہو جائے گا تو درج ذیل عمل کریں۔ اللہ کی مرضی شامل رہی تو حفاظت رہے گی۔

جس جگہ کی حفاظت مطلوب ہو اسی جگہ سے اتنے پتھر اکٹھے کرو جتنے زمین یا مکان کے کونے بنتے ہوں۔ پھر ان پتھروں پر درج ذیل تلاوت کر کے ان کو زمین کے تمام کونوں میں دفن کر دو۔ یعنی ہر کونے میں ایک پتھر دفن کر دو۔ اِنشاء اللہ کوئی فرد ناجائز حرکت نہ کر سکے گا۔ سورتیں یوں ہیں:۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم 3 دفعہ

الحمد شریف	3 دفعہ
سورۃ الناس	3 دفعہ
آیت الکرسی	3 دفعہ
یٰسین	3 دفعہ
سورہ کوثر	3 دفعہ

خیال رہے یہ پتھر کونے میں دفن کرے۔ پتھر سخت قسم کے ہوں۔ مٹی کے نہ ہوں اوران کو کچھ مٹی کھود کر پھر دفن کریں۔

حصول مراد

کوئی بھی معاملہ درپیش ہو۔ آیت الکرسی کو تین سو تیرہ مرتبہ روزانہ چالیس دن تک پڑھے۔ اللہ مدد فرمانے والا ہے۔ فرد کی جو بھی مشکل ہوگی۔ اللہ حاجت روی کرے گا۔

قلبی روشنی کی ضرورت ہو'فتوح کا مقصد ہو'وجدان کو ترقی دینے کی خواہش ہو۔ حصول مال کی تمنا ہو یا کوئی کام رکا ہوا ہو۔ انشاء اللہ مراد حاصل ہوگی۔

فاقہ کشی

کوئی مرد و زن اگر فاقہ کشی کا شکار ہو۔ مناسب روزگار میسر نہ ہو تو روزانہ "لاحول ولاقوۃ الا باللہ العلی العظیم" ہر صلوۃ کے بعد پڑھنا اپنا معمول بنالے۔ انشاء اللہ جلد ہی مناسب روزگار کے اسباب پیدا ہو جائیں گے۔

اس عمل کو رزق کی تنگی یا بندش دور کرنے کے لیے بھی کیا جا سکتا ہے۔

کم از کم چالیس دن مسلسل اس عمل کو کریں۔ ناغہ نہ ہو اور بعد از عمل خلوص قلب کے ساتھ اللہ سے مشکل کے حل کے لیے دعا کریں۔

زکوۃ بسم اللہ شریف

اگر تو کوئی فرد اپنے کسی مقصد کے حصول کے لیے بسم اللہ کا کوئی عمل کرنا چاہتا ہے تو پھر اس کو زکوۃ دینے کی کوئی ضرورت نہیں۔ بس جس تعداد یا طریقے کا ذکر ہو اس کے مطابق عمل کرے۔ انشاء اللہ حصول مقصد ہوگا۔ تاہم اگر کوئی فرد بطور عامل کام کرنا چاہتا ہے یا چاہتا ہے کہ وہ دوسرے لوگوں کو بھی بسم اللہ کے روحانی خواص سے مستفید کرے تو پھر اس کے لیے لازم ہے کہ پہلے بسم اللہ الرحمٰن الرحیم کی زکوۃ ادا کرے۔ اس کے بعد ہی بطور عامل کام کرنا موزوں ہوگا۔

بسم اللہ کی زکوۃ کے کئی طریقے ہیں۔ ذیل میں ان میں سے کچھ پر روشنی ڈال رہا ہوں۔

اول: تمام اُصول وقواعد کی پابندی کرتے ہوئے روزانہ تین ہزار ایک سو پچیس مرتبہ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم کا ورد کرے۔ یہ ذکر چالیس دن مسلسل کرنا ہے۔ ناغہ نہ ہو۔

دوم: اکیس دن تک روزانہ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم کو پانچ ہزار نو سو ترپن مرتبہ روزانہ پڑھیں۔

سوم: اپنے نام بمعہ نام والدہ کے اعداد نکال لو اگر کل عدد سوا لاکھ سے زیادہ ہو تو اس کی پڑھائی کرو۔ بصورت دیگر حاصلہ ضرب 'ضرب فی نفسہ دو (یعنی جو عدد حاصل ہوا ہے۔ اس کو اسی عدد سے ضرب دے دو)۔ جو عدد حاصل ہو اس کے مطابق ذکر چالیس دن میں مکمل کرو۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم

بسم اللہ الرحمن الرحیم

ح	ی	ط	م
ط	م	ح	ی
م	ط	ی	ح
ی	ح	م	ط

بسم اللہ الرحمن الرحیم

بسم اللہ الرحمن الرحیم

چہارم: روزانہ سات سو چھیاسی مرتبہ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم کو کاغذ پر لکھنا شروع کرو۔ یہ عمل مسلسل (بلاناغہ) ۱۶۰ دن کریں تو آپ اس کے عامل ہوگئے۔

پنجم: ایک طریقہ اس بسم اللہ الرحمن الرحیم کی زکوۃ کا یہ بھی ہے کہ بعد از بسم اللہ الرحمن الرحیم

عشاء بارہ ہزار مرتبہ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم کو پڑھے۔ پہلی دفعہ یہ عمل سات مسلسل دن کرے۔ اس کے بعد ایک دن کا وقفہ دے کر یہی عمل دوبارہ اکیس اکیس دن کرے۔

عمل میں طاقت

عموماً چالیس دن کے عمل کو بلحاظ زکوۃ کافی خیال کیا جاتا ہے اور اختتام عمل پر فرد کو متعلقہ عمل کا عامل خیال کر لیا جاتا ہے۔ تاہم میرا خیال یہ ہے کہ فرد ایک چلہ اگر کم از کم تین مرتبہ کرے تو اس کی کامیابی مستحکم سطح پر قدم جما سکتی ہے۔ یعنی اگر آپ خواہش مند ہیں کہ آپ کے بسم اللہ کے عمل کے اثرات میں غیر معمولی اضافہ ہو تو پھر ایک چلہ مکمل کرنے پر اکتفا نہ کریں۔ بلکہ اُسی چلے کو کم از کم تین بار دہرائیں۔ اس کے اثرات میں از خود غیر معمولی اضافہ واقع ہو جائے گا۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم

یااللہ	یااللہ	یااللہ	یااللہ
یااللہ	بسم	اللہ	یااللہ
یااللہ	الرحمٰن	الرحیم	یااللہ
یااللہ	یااللہ	یااللہ	یااللہ

دفع آفات

ساعت سعید میں سات سو چھیاسی بار کاغذ پر بسم اللہ الرحمٰن الرحیم لکھ کر اس کو ہمراہ رکھیں۔ یہ عمل دفع آفات ہوگا۔

محبت

واسطے محبت کے بسم اللہ الرحمٰن الرحیم کو ۱۹ مرتبہ لکھ کر مطلوب کو پلا دیں۔ یہ عمل تین دن یا تین

دینے تک کریں۔

ضدی اور رونے والے بچے کا علاج

درج ذیل نقش تانبے یا چاندی پر کندہ کروا کر بچے کے گلے میں ڈال دیں انشاء اللہ افاقہ ہو گا۔ اس نقش کو زعفران سے چینی یا شیشے کی پلیٹ پر تحریر کر کے بھی بچے کو پلائیں گے تو مثبت نتائج آئیں گے۔

برائے اولاد

جس جوڑے کو اولاد نہ ہوتی ہو یا مرد وزن میں سے کسی کو جسمانی یا سحری مسئلہ ہو اس کو درج ذیل نقش میں شرف قمر کے وقت تانبے یا چاندی کی پتری پر تحریر کر کے دیں۔ یہی تعویذ اکیس عدد متعلقہ جوڑے کو زعفران سے تحریر کر کے بھی دیں۔ ہر نقش تین دن پینا ہے۔

زرخیزی باغ

عین شرف قمر میں سفید کاغذ پر چہتر مرتبہ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم کو تحریر کر کے باغ کے کسی مناسب کونے میں دفن کردیں۔ انشاء اللہ باغ سرسبز اور زرخیز ہوجائے گا۔

زیادتی پھل و فضل

باغ سے پھل زیادہ لینے یا اچھی فصل کے لیے بھی مندرجہ بالا عمل ہی مفید ثابت ہوگا۔

حصول عزت و مرتبہ

وہ فرد جو چاہتا ہو کہ معاشرے میں حصول عزت ہو۔ ہر فرد رحم دلی اور مہربانی سے پیش آئے جہاں جائے لوگ خوش آمدید کہیں۔ معاشرے میں عزت اور قدر کی نگاہ سے دیکھا جائے تو اس کو چاہیے کہ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم اور اس اللہ کا مذکورہ نقش لوح کی شکل میں اپنے پاس رکھے اور ہر صلوۃ کے بعد یک صد دفعہ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم کا پڑھنا اپنا معمول بنا لے۔

یا شافی — یا سلام

یارحمٰن

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

یاسلام یاس قوی یاباقی

یاسلام یاس قوی یاباقی

یاسلام یاس قوی یاباقی

یارحمٰن

کسی بھی مسئلے کا حل

کوئی بھی ایسا حل طلب مسئلہ ہو جس کا بظاہر حسب منشاء مکمل ہونا نظر نہ آتا ہو تو نئے چاند یا شرف قمر کے وقت سے یہ عمل کرے۔

ایک کاپی صاف ستھری لے کر اس پر ترتیب اور خوبصورتی کے ساتھ "بسم اللہ الرحمٰن الرحیم" ۱۰۰۰۰۰ لاکھ کی تعداد میں تحریر کرنا شروع کرے۔ کام کے ختم کرنے کا وقت معین نہیں ہے۔ جب بھی تحریر مکمل ہو ٹھیک ہے۔ البتہ تحریر شروع کرنے کے وقت کا حساب رکھے۔ یعنی درج بالا اوقات کے علاوہ تحریر کرنا شروع نہ کرے۔

دوران تحریر پاکیزگی اور وضو کا دھیان رکھے اور جو بھی مقصد ہو اس کے بارے میں یقین رکھے کہ اللہ کی ذات اس کی تکمیل کا باعث ہوگی۔

کشادگی

خوش بختی اور رزق میں کشادگی کے لیے ہر نماز کے بعد بسم اللہ الرحمٰن الرحیم کی ایک تسبیح اول آخر تین تین مرتبہ درود شریف پڑھ کر، کرلیا کرے۔ انشاء اللہ کشادگی اور خوش بختی شامل حال ہوگی۔

دفع درد

جسم کے کسی بھی حصے میں درد ہو اس کے خاتمے اور علاج کے لیے درد والی جگہ پر دائیں ہاتھ سے ہلکا مساج کرتے ہوئے اکیس دفعہ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم پڑھیں۔ یہ عمل سات سے اکیس دن تک کریں۔ انشاء اللہ مرض دور ہوگا۔

اس عمل کو کسی بھی قسم کی درد کے خاتمے کے لیے استعمال کیا جاسکتا ہے۔

ساتھ ہی حد ذیل نقش مریض کو پینے کے لیے دیں۔

بسمه الله الرحمن الرحيم

بسمه الله الرحمن الرحيم

بسمه الله الرحمن الرحيم

م	ا	ل	س
س	م	ا	ل
ل	س	م	ا
ا	ل	س	م

بسمه الله الرحمن الرحيم

بسمه الله الرحمن الرحيم

بسمه الله الرحمن الرحيم

یا الله یا سلام یا سلام یا سلام یا الله

یا الله یا شافی یا شافی یا شافی یا الله

یا الله یا قوی یا قوی یا قوی یا الله

یا الله یا باقی یا باقی یا باقی یا الله

یا سلام یا سلام یا سلام

باب پنجم

بخاری شریف سے

اِسلام کی تمام تر تعلیمات و اعمال قرآن و حدیث نبی ﷺ پر مبنی ہیں۔ کتب حدیث میں صحیح بخاری شریف جیسے کہ ابو عبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری رحمتہ اللہ علیہ نے تحریر کیا ہے کو دوسری کتب حدیث میں جو بلند پایہ مقام حاصل ہے۔ اس سے کوئی فرد انکار نہیں کرسکتا۔ ذیل میں بخاری شریف سے چند دعاؤں اور اعمال روحانی کو عوام الناس کے فائدے کے لیے بیان کیا جارہا ہے۔ یہ وہ اعمال روحانی ہیں جو رسول اللہ ﷺ نے از خود صحابہ کو مختلف موقعوں پر تعلیم فرمائے ہیں۔ اس وجہ سے ان اعمال کی اہمیت اور بھی بڑھ جاتی ہے۔ اُمید ہے کتاب پڑھنے والا ہر فرد ان اعمال سے جہاں خود فائدہ اٹھائے گا وہاں دیگر لوگوں کو ان اعمال روحانی کی تعلیم دے کر ان کے منافع کا باعث بھی ہوگا۔

اگلے صفحات میں رسول اللہ ﷺ سے منسوب طویل دعاؤں کو عربی زبان میں پیش کرنے کی بجائے اردو میں تحریر کیا گیا ہے۔ اس کی وجہ یہ ہے ہمارے ہاں لوگ عربی سے نابلد ہیں۔ بچپن سے موت تک صلوٰۃ تو پڑھتے رہتے ہیں۔ لیکن یہ معلوم نہیں ہوتا کہ جو کچھ پڑھ رہے ہیں اس کا مطلب کیا ہے۔ اس کا مفہوم و معنی کیا ہے۔ یہ ایک بہت بڑی کمزوری ہے جس کو دور کرنا چاہیے۔ یہاں ان دعاؤں کو اردو میں تحریر کرنے کا مقصد بھی یہی ہے کہ ہر فرد ان کے مکمل معنی و مفہوم سے آگاہ ہو اور صدق دل سے اللہ سے دعا مانگے اور دعا مانگتے ہوئے اس کا ذہن و قلب جانتے ہوں کہ وہ اللہ سے کیا مانگ رہا ہے۔ اللہ سے کیا التجا کر رہا ہے۔ اللہ سے کیا راز و نیاز کر رہا ہے۔ دعا عربی میں ہو یا اردو میں اس سے دعا کی روحانی طاقت یا اللہ کے حضور قبولیت میں کچھ فرق نہیں۔ فرق ہے تو اس بات کا کہ طالب کی تمنا

میں کتنی شدت ہے۔ اللہ تعالیٰ سے وہ کیا طلب کر رہا ہے۔ طالب کی نیت کیا ہے۔ طالب کا ذات الٰہی پر بھروسہ کس قدر ہے۔ طالب کو ذات الٰہی کے محبوب حضرت محمد ﷺ سے کس قدر الفت ہے۔ سو جب آپ اپنے مقصد کے مدنظر رسول اللہ ﷺ کے ارشادات کے مطابق اللہ کے دربار میں پیش ہوں گے تو ضرور بالضرور دعا کی قبولیت اور مثبت نتائج کا ظہور ہوگا۔ انشاء اللہ۔ اگر کوئی دعا لمبی ہو اور زبانی یاد نہ ہوتی ہو تو اس کو کتاب سے دیکھ کر بھی پڑھ سکتے ہیں۔

بخشش اور قبولیت کی دعا

بخاری شریف میں ہے آپ ﷺ نے فرمایا جو شخص رات کو جاگے۔ اٹھے پھر یہ کہے:۔

"لاالہ الااللہ وحدہ لا شریک لہ الملک وھو علےٰ کل شئیٍ قدیر. الحمد للہ وسبحان اللہ واللہ اکبر ولا حول ولا قوۃ الا باللہ"

پھر دعا مانگے یا یوں کہے: یااللہ مجھ کو بخش دے تو اس کی دعا قبول ہوگی اگر وضو کرے اور نماز پڑھے تو اس کی نماز قبول ہوگی۔

کسی عمل کی تعداد کثرت وغیرہ

حضرت عائشہؓ سے مروی ہے کہ آنحضرت کو وہ نیک کام بہت پسند تھا جس کو آدمی ہمیشہ کرتا رہے۔

ایک اور حدیث مبارکہ میں ہے کہ آنحضرت ﷺ نے فرمایا درستی کے ساتھ عمل کرو اور میانہ روی اختیار کرو اور یہ سمجھ لو کہ اپنے اعمال کی وجہ سے کوئی بہشت میں نہیں جائے گا (بلکہ پروردگار کے فضل وکرم سے) اور اللہ کو سب عملوں سے وہ عمل بہت پسند ہے جو ہمیشہ کیا جائے گو تھوڑا ہو۔

حصولِ ثواب وخاتمہء گناہ

آنحضرت ﷺ نے فرمایا جو کوئی "لا اله الا الله وحده لا شریک له له الملک وله الحمد وهو علی کل شئ قدیر" ایک دن میں سو بار کہے تو اس کا اتنا ثواب ملے گا جتنا دس بردوں کو آزاد کرنے میں ملتا ہے۔ اس کے لیے سو نیکیاں لکھی جائیں گی اور سو برائیاں مٹا دی جائیں گی اور سارے دن میں وہ شیطان کے شر سے محفوظ رہے گا اور کوئی شخص اس دن اس سے بڑھ کر کوئی عمل نہ لا سکے گا البتہ وہ شخص لا سکے گا جس نے اسی کلمہ کو سو بار سے بھی زیادہ پڑھا ہو۔

آنحضرت ﷺ نے فرمایا جو شخص ایک دن میں سو بار کہے "سبحان الله وبحمده" اُس کے گناہ اگر سمندر کی جھاگ کے برابر ہوں جب بھی مٹا دیے جائیں گے۔

خواب (برے یا ڈراؤنے) کا علاج

بخاری شریف میں آنحضرت ﷺ کی حدیث مبارکہ ہے کہ "نیک خواب اللہ کی طرف سے اور پریشان خواب شیطان کی طرف سے پھر بھی جب کوئی تم میں سے خواب میں بری بات دیکھے تو جاگتے ہی تین بار بائیں طرف تھوتھو کرے اور اس کی برائی سے اللہ کی پناہ مانگے۔ اس خواب سے اس کا کچھ نقصان نہ ہوگا۔

ابو قتادہؓ سے روایت ہے کہ آنحضرت ﷺ نے فرمایا "اچھا خواب اللہ کی طرف سے ہے اور برا خواب شیطان کی طرف سے۔ پھر جب تم میں سے کوئی برا خواب دیکھے تو اللہ کی پناہ مانگے۔ شیطان سے (أعوذ باالله من الشيطان الرجيم) کہے اور بائیں طرف تین بار تھوتھو کرے اس کو کوئی نقصان نہیں ہوگا۔"

رات کو حفاظت اور نیند کے مسائل

بخاری شریف میں ہے کہ آنحضرت ﷺ جب خواب گاہ پر تشریف لے جاتے تو معوذات (سورۂ اخلاص، فلق، والناس) پڑھ کر دونوں ہاتھوں پر پھونکتے پھر ان کو (سارے) بدن پر پھیرتے۔

حصول بہشت

ابو ہریرہؓ سے روایت ہے آنحضرت ﷺ نے فرمایا "اللہ تعالیٰ کے ننانوے نام ہیں جو کوئی ان کو یاد کرے۔ وہ بہشت میں جائے گا اور اللہ طاق ہے وہ طاق عدد کو پسند کرتا ہے۔"

بہشت کا خزانہ

ابو موسیٰ اشعریؓ فرماتے ہیں کہ ہم ایک سفر میں تھے جب ہم کسی بلندی پر چڑھتے تو اللہ اکبر کہتے (زور زور سے پکار کر) آنحضرت ﷺ نے فرمایا "لوگو اپنے اوپر آسانی کرو (اتنا چلانا کیا ضروری ہے) تم ایسے اللہ کو پکارتے ہو جو بہرہ یا غائب نہیں ہے (رتی رتی) سنتا اور دیکھتا ہے۔ اس کے بعد آپ میرے پاس تشریف لائے میں دل ہی دل میں "لاحول ولا قوۃ الا باللہ" پڑھ رہا تھا۔ آپ نے فرمایا لاحول ولا قوۃ الا باللہ بہشت کا ایک خزانہ ہے یا یوں فرمایا میں تجھ کو بہشت کا ایک خزانہ بتلا دوں وہ یہی کلمہ ہے "لاحول ولا قوۃ الا باللہ."

شہوت کی زیادتی

بخاری شریف میں ہے کہ آنحضرت ﷺ نے فرمایا "جو کچھ مقدور رکھتا ہو وہ نکاح

کرے۔ نکاح سے نگاہ خوب نیچی اور شرم گاہ خوب بچی رہے گی اور جو شخص یہ مقدور نہ رکھتا ہو وہ روزہ رکھا کرے۔ روزہ اس کو نامرد بنادے گا۔"

علاج بچھو

بخاری شریف کے اکیسویں پارے میں فضیلت سورۂ فاتحہ کے تحت ایک طویل بیان ہے مختصر مفہوم اس کا بحوالہ عنوان یہ کہ دوران سفر صحابہؓ کے پاس ایک قبیلے کے سردار کی لونڈی آئی اور کہنے لگی سردار کو بچھو نے کاٹ کھایا ہے۔ تم بچھو کا منتر پڑھ دو۔ ایک صحابیؓ نے اس پر سورۂ فاتحہ پڑھ کر پھونک دی اور وہ اچھا ہو گیا۔

علاج ہر بیماری کا

بخاری شریف میں حضرت عائشہؓ کے حوالے سے تحریر ہے کہ جب آپ ﷺ بیمار ہوتے تو معوذات (سورۂ اخلاص، سورۂ فلق اور سورۂ الناس) پڑھ کر اپنے اوپر پھونکتے (اس طرح کہ ہوا کے ساتھ کچھ تھوک بھی نکلتا) جب مرض الموت میں شدت ہوئی تو میں (حضرت عائشہؓ) برکت کے خیال سے یہ سورتیں پڑھ کر آپ ﷺ کا ہاتھ آپ ﷺ کے بدن پر پھیرتی۔

حد درجہ اذیت ناک مرض میں دعا

آنحضرت ﷺ نے فرمایا اگر تم میں سے کسی پر مصیبت آئے تو وہ موت کی آرزو نہ کرے اگر ایسا ہی لاچار ہو تو یوں کہے "یا اللہ جب تک دنیا کی زندگی میرے حق میں بہتر ہو مجھ کو زندہ رکھ اور جب موت میرے حق میں بہتر ہو تو مجھ کو دنیا سے اٹھا لے۔"

آنحضرت ﷺ پر جادو

بخاری شریف میں حضرت عائشہؓ کے حوالے سے حدیث ہے کہ ایک یہودی نے آپؐ پر جادو کر دیا۔ آپ کا یہ حال ہو گیا کہ آپ کو خیال ہوتا تھا جیسے ایک کام کر رہے ہیں حالانکہ وہ کام (واقع میں) آپ ﷺ نے نہیں کیا ہوتا۔ ایک دن یا ایک رات ایسا ہوا۔ آپؐ میرے پاس تھے مگر میری طرف (حضرت عائشہؓ) متوجہ نہ تھے۔ بس دعا کر رہے تھے۔ اس کے بعد آپؐ نے فرمایا عائشہؓ میں اللہ تعالیٰ سے جو بات دریافت کر رہا تھا۔ وہ اُس نے (اپنے فضل سے) مجھ کو بتلا دی میرے پاس دو فرشتے آئے۔ (جبرائیل و میکائیل) ایک میرے سرہانے بیٹھ گیا ایک پائنتی۔ ایک نے دوسرے سے پوچھا یہ تو کہو اِن صاحب کو (یعنی حضرت محمد ﷺ کو) کیا بیماری ہے۔ اُس نے جواب دیا بیماری نہیں اِن پر جادو ہوا ہے۔ پہلے فرشتے نے پوچھا۔ کس نے جادو کیا ہے۔ دوسرے نے کہا لبید بن اعصم یہودی نے۔ پہلے نے پوچھا کس چیز میں جادو کیا ہے۔ دوسرے نے کہا کنگھی اور سر سے نکلے ہوئے بالوں اور نر کھجور کے خوشہ کے غلاف میں۔ پہلے فرشتہ نے پوچھا یہودی نے چیزیں کہاں رکھی ہیں۔ دوسرے نے کہا بردوان میں۔ پھر دوسرے دن آنحضرت ﷺ اپنے کئی اصحاب کو ساتھ لے کر اس کنویں پر تشریف لے گئے وہاں سے لوٹ کر آئے تو عائشہؓ سے فرمانے لگے۔ عائشہؓ اس کنویں کا پانی ایسا رنگین تھا جیسے مہندی کا پانی (سرخ ہوتا ہے) اس پر کھجور کے درخت ایسے بھیانک تھے گویا سانپوں کے پھن ہیں۔ حضرت عائشہؓ کہتی ہیں میں نے کہا یا رسول اللہ ﷺ آپ منتر کرا کے اس کا جادو توڑ کیوں نہیں کرتے۔ آپؐ نے فرمایا' کیا فائدہ اللہ نے مجھے تو اچھا کر دیا۔ اب میں خواہ مخواہ لوگوں میں شور نہیں پھیلانا چاہتا۔ پھر آپؐ کے حکم سے وہ جادو کا سامان (کنگھی' بال' خرما کا غلاف) سب گاڑ دیا گیا۔

منتر/ دعا

بخاری شریف میں ہے کہ کسی سردار کو بچھو کاٹ گیا تو صحابہؓ نے کچھ بکریوں کے عوض سورۃ فاتحہ پڑھ کر اُس پر پھونکی۔ بعد میں اُن بکریوں کے لینے پر اختلاف پیدا ہوا تو رسول اللہ ﷺ نے استفسار پر فرمایا "ارے تجھ کو یہ کیسے معلوم ہوا کہ سورۃ فاتحہ منتر بھی ہے۔ بکریاں لے لو اور میرا بھی حصہ لگاؤ۔"

بخاری شریف جلد سوم میں حضرت عائشہؓ سے مروی ہے کہ آنحضرت ﷺ نے سانپ بچھو اور ہر زہریلے جانور کے کاٹنے میں منتر کی اجازت دی ہے۔

بخاری شریف جلد سوم پارہ ۲۴ میں ابوحمزہ سے روایت ہے کہ میری بیماری پر انسؓ نے کہا میں تجھ پر وہ منتر (دعا) پڑھ دوں جو آنحضرت ﷺ بیماری دور کرنے کے لیے پڑھا کرتے تھے۔ میں نے کہا ہاں پڑھ دو۔ انہوں نے کہا (بعد میں یہ دعا پڑھی)۔

"یا اللہ! لوگوں کے مالک، بیماری کے دور کرنے والے، تندرستی عطا فرما، تو ہی تندرست کرنے والا ہے۔ تیرے سوا کوئی چنگا کرنے والا نہیں۔ ایسا چنگا کر دے کہ پھر کوئی دکھ نہ رہے۔"

ایک حدیث یوں ہے کہ آپ ﷺ اپنی کسی بی بی کے لیے یوں تعویذ کرتے تھے کہ درد کے مقام پر داہنا ہاتھ پھیرتے اور کہتے۔

"یا اللہ! پالنے والے لوگوں کے دکھ درد دور کر دے۔ تندرستی عطا فرما، تو ہی تندرستی دینے والا ہے۔ اصل تندرستی وہی ہے جو تو عنایت فرمائے۔ ایسی تندرستی دے کہ کوئی بیمار باقی نہ رہے۔"

سختی اور مصیبت کے وقت کی دعا

بخاری شریف میں ہے کہ آنحضرت ﷺ سختی اور مصیبت کے وقت یوں دعا کرتے "لا الہ الا اللہ العظیم الحلیم لا الہ الا اللہ رب السموٰت والارض رب العرش

العظیم۔"

ایک دوسری حدیث میں سختی اور مصیبت کے وقت کی یہ دعا ہے۔"لاالہ الا اللہ العظیم الحلیم لا الہ الا اللہ رب العرش العظیم لا الہ الا اللہ رب السموٰت و رب الارض ورب العرش الکریم۔"

طریقِ سوال

بخاری شریف میں ہے کہ آنحضرت ﷺ نے فرمایا۔ جب تم میں سے کوئی دعا کرے تو اللہ تعالیٰ سے قطعی طور پر مانگے (کہ یہ چیز مجھ کو عنایت فرما) یوں نہ کہے اگر تو چاہے تو عنایت فرما۔ اس لیے کہ اللہ پر کوئی زبردستی تھوڑی کر سکتا ہے۔

طریقِ دعا

بخاری شریف میں ہے کہ آنحضرت ﷺ نے فرمایا کہ کوئی تم میں سے یوں دعا نہ کرے یا اللہ اگر تو چاہے تو مجھ کو بخش دے یا اگر تو چاہے تو مجھ پر رحم کر بلکہ قطعی طور پر سوال کرے کیونکہ اللہ پر کسی کا زور نہیں ہے۔

غیر معمولی ذکر برائے حصول درجات

بخاری شریف میں ہے کہ محتاج مہاجرین نے آنحضرتؐ سے عرض کیا دولت والے بڑے بڑے درجے اور ہمیشہ کا آرام لوٹ گئے۔ آپ ﷺ نے فرمایا' کیوں؟ انہوں نے کہا نماز ہماری طرح پڑھتے ہیں جہاد وہ ہماری طرح کرتے ہیں' اب وہ مال جوان کی ضرورت سے زیادہ ہے اس کو خرچ کرتے ہیں۔ ہمارے پاس مال کہاں ہے۔ آپ ﷺ نے فرمایا میں تم کو ایسی بات بتلاؤں جس

کی وجہ سے تم اِس اُمت کے اگلے لوگوں کے برابر ہو جاؤ اور پچھلوں سے آگے بڑھ جاؤ اور قیامت کے دن تمہارے جوڑ کا عمل کوئی شخص نہ لا سکے' البتہ وہی لائے گا جو یہ عمل کرتا ہو۔ تم ایسا کرو ہر نماز کے بعد دس بار سبحان اللہ' دس بار الحمد اللہ' دس بار اللہ اکبر کہہ لیا کرو۔

مالی آسودگی کا ایک خاص عمل

بخاری شریف میں ہے کہ حضرت فاطمۃ الزہرہؓ کو چکی پیسنے سے ہاتھوں کو صدمہ پہنچتا تھا۔ آپ آنحضرت ﷺ کے پاس لونڈی مانگنے آئیں۔ اتفاق سے آنحضرت ﷺ نہ ملے۔ حضرت عائشہؓ سے اپنا مطلب کہہ دیا اور چلی گئیں۔ جب آنحضرت ﷺ تشریف لائے تو حضرت عائشہؓ نے آپ ﷺ سے ذکر کیا۔ حضرت علیؓ کہتے ہیں۔ آنحضرت ﷺ اس وقت تشریف لائے جب ہم اپنے بستروں پر (سونے کے لیے) جا چکے تھے۔ میں نے آپ ﷺ کو دیکھ کر اٹھنا چاہا لیکن آپ ﷺ نے فرمایا (اٹھو نہیں) اپنی جگہ رہو۔ آپ ﷺ تشریف لا کر ہم دونوں (میاں بی بی) کے بیچ میں بیٹھ گئے۔ میں نے آپ ﷺ کے پاؤں کی ٹھنڈک اپنے سینے میں پائی۔ آپ ﷺ نے فرمایا تم دونوں کو ایسی ترکیب نہ بتلاؤں جو تمہارے لیے ایک خدمت گار سے بڑھ کر ہو' جب تم دونوں اپنے بچھونوں پر جانے لگو یا اپنی خوابگاہ پر تو ۳۳ بار سبحان اللہ اور ۳۳ بار الحمد اللہ اور ۳۴ بار اللہ اکبر کہو۔ یہ عمل ایک خدمت گار سے تمہارے لیے بہتر ہوگا۔

جمعہ و قبولیت دعا

بخاری شریف میں جمعہ کے دن کے بارے میں آنحضرت کی حدیث ہے کہ اس میں ایک ساعت ایسی ہے جب کوئی مسلمان بندہ اُس میں کھڑا ہوا نماز پڑھتا ہو۔ اللہ سے مانگے تو اللہ اُس کو عنایت فرمائے گا اور ہاتھ سے اشارہ کر کے آپ ﷺ نے یہ بتلایا کہ وہ ساعت تھوڑی ہے۔

(عموماً اذان' اذان اور اقامت کے درمیان' فرض نماز کے بعد' ساعت جمعہ' لیلتہ القدر' یوم

حج، رمضان، وقت جنگ، تلاوت قرآن اور سجدے کا وقت وغیرہ قبولیت دعا کے خاص اوقات شمار کیے جاتے ہیں۔ مصنف کتاب ہذا۔ خالد اسحاق راٹھور)۔

حفاظت بچھونا (بستر)

بخاری شریف میں حضرت عائشہؓ سے روایت ہے کہ آنحضرت ﷺ ہر رات جب (سونے کے لیے) اپنے بچھونے پر جاتے تو دونوں ہتھیلیاں ملا کر ان میں پھونکتے اور یہ سورتیں (سورۂ اخلاص، سورۂ فلق اور سورۂ الناس) پڑھتے۔ پھر اپنے سارے بدن پر جہاں تک ہو سکتا ان کو پھیرتے۔ پہلے سر اور منہ پر ہاتھ پھیرتے اور سامنے کے بدن پر تین بار ایسا ہی کرتے۔

ہر آفت سے بچاؤ

آنحضرت ﷺ کی حدیث شریف میں ہے کہ ''جو شخص سورۂ بقرہ کی آخری دو آیتیں رات کو پڑھ لے تو اس کو (ہر آفت سے بچانے کے لیے) کافی ہوں گی۔''

دعا کا ایک خاص وقت

بخاری شریف میں ہے آنحضرت ﷺ نے فرمایا۔ ''ہمارا پروردگار تبارک وتعالیٰ ہر رات جب آخیر تہائی حصہ رات کا رہ جاتا ہے۔ پہلے آسمان پر اترتا ہے (جو ہم سے قریب ہے) اور فرماتا ہے کون مجھ سے دعا مانگتا ہے میں اس کو دوں، کون مجھ سے گناہوں کی معافی چاہتا ہے میں اس کے گناہ بخش دوں۔''

جمعہ کی ساعت قبولیت

ابو ہریرہؓ سے مروی ہے کہ حضرت ابوالقاسم ﷺ نے فرمایا۔ ''جمعہ کی ایک ساعت ایسی ہے جب کوئی مسلمان بندہ اس وقت کھڑا نماز پڑھ رہا ہو اور اللہ سے کوئی بھلائی کی بات مانگے تو اللہ اس کو عنایت فرمائے گا۔ آنحضرت ﷺ نے یہ حدیث بیان کرتے ہوئے ہاتھ سے اشارہ فرمایا۔ ہم اس کا مطلب یہ سمجھے کہ ساعت تھوڑی دیر تک رہتی ہے۔''

پانچ دعائیں

سعد بن ابی وقاصؓ سے بخاری شریف میں روایت ہے کہ آنحضرت ﷺ ہمیں یہ پانچ دعائیں اس طرح سکھاتے تھے جیسے کوئی کسی کو لکھنا سکھاتا ہے۔

۱۔ یا اللہ بخیلی سے تیری پناہ

۲۔ یا اللہ نامردی سے تیری پناہ

۳۔ یا اللہ نکمی عمر تک زندہ رہنے سے تیری پناہ

۴۔ یا اللہ دنیا کے فتنے سے تیری پناہ

۵۔ یا اللہ قبر کے عذاب سے تیری پناہ

رسول اللہ ﷺ کی ایک دعا

ابو موسیٰ اشعریؓ سے بخاری شریف میں مروی ہے کہ آنحضرت ﷺ یوں دعا فرمایا کرتے تھے۔

''پاک پروردگار میری خطا معاف کر دے اور میری جہالت اور زیادتی جو میں نے سارے

کاموں میں کی ہے اور جس کو تو خوب جانتا ہے۔ یااللہ میری بھول چوک کو اور جو کام میں نے قصداً کیا اور میری نادانی اور لغویت کو معاف کردے۔ یہ سب باتیں مجھ میں موجود ہیں۔ یااللہ میرے اگلے پچھلے چھپے اور کھلے سب گناہوں کو بخش دے۔ تو جس کو چاہے آگے کردے۔ جس کو چاہے پیچھے ڈال دے۔ تو سب کچھ کرسکتا ہے۔

اسی طرح ابوموسیٰ اشعریؓ سے رسول اللہ ﷺ کی مندرجہ ذیل دعا بھی بخاری شریف میں درج ہے۔

''یااللہ میری خطا' نادانی' حد سے بڑھ جانا' ہر ایک کام میں اور جو قصور تو مجھ سے زیادہ جانتا ہے وہ سب معاف کردے۔ یااللہ جو قصور میں نے ٹھٹھے کی راہ سے کیا یا سوچ سمجھ کر یا بھول چوک سے کیا یا جان بوجھ کر سب بخش دے میں نے سب طرح کے قصور کیے ہیں۔''

اِستخارۂ نبوی ﷺ برائے دین و دنیا

بخاری شریف میں صحابہؓ سے روایت ہے کہ آنحضرت ﷺ ہم کو (دنیا اور دین کے) سب کاموں میں اِستخارہ کرنا سکھاتے تھے۔ جیسے قرآن کی کوئی صورت سکھلاتے۔ آپ ﷺ فرماتے جب کوئی تم میں سے کسی کام کا ارادہ کرے تو فرض نہیں نفل کے طور پر دو رکعتیں پڑھے پھر یوں کہے۔

''اے میرے اللہ میں تجھ سے تیرے علم کی بدولت بھلائی چاہتا ہوں اور تیری قدرت کی بدولت طاقت چاہتا ہوں اور تیرا بڑا فضل مانگتا ہوں۔ تجھ کو قدرت ہے اور مجھ کو قدرت نہیں۔ تجھ کو علم ہے اور مجھ کو علم نہیں اور تو غیب کا جاننے والا ہے۔ یا میرے اللہ تو جانتا ہے کہ یہ کام (جس کے لیے اِستخارہ کیا جارہا ہے) میرے دین و دنیا اور انجام کار کے لیے بہتر ہے یا یوں فرمایا' بالفعل اور آئندہ میرے لیے بہتر ہے تو وہ مجھ کو نصیب کر اور آسان کر اور اس میں برکت دے اور اگر تو جانتا ہے کہ یہ کام میرے دین و دنیا اور انجام کار کے لیے برا ہے یا یوں فرمایا' بالفعل اور آئندہ میرے لیے برا ہے تو اس کو

مجھ سے پھیر دے اور مجھ کو اس سے پھیر دے اور جہاں میرے لیے بہتری ہو وہ مجھ کو نصیب کر اور مجھ کو اس پر خوش رکھ" یہاں کام کی جگہ اس کا نام لے (یعنی جس مقصد یا کام کے لیے استخارہ کرنا ہے مثل شادی، رزق، نوکری، کاروبار وغیرہ کا نام لے)۔

باب ششم

ترمذی شریف سے

جامع ترمذی، امام ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ ترمذیؒ کی مایہ ناز تخلیق ہے۔ بخاری شریف سے اعمال روحانی کے خوشے چننے کے بعد نظر ترمذی شریف کا طواف کرنے لگی۔ گو پہلے میرا ارادہ صرف بخاری شریف میں درج اعمال روحانی کے بیان کا تھا تاہم ترمذی شریف سے بھی کچھ احادیث افادہ عوام کے لیے پیش کی جارہی ہیں۔ اُمید ہے تمام لوگ ان سے دینی اور دنیاوی معاملات میں راہنمائی اور روحانی فوائد حاصل کریں گے۔

رسول اکرم ﷺ کی دوستی

حدیث ہے عبداللہ بن مسعودؓ سے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا۔ "سب سے زیادہ دوست آدمیوں سے میرے نزدیک قیامت کے دن وہ ہے جس نے بہت درود بھیجا مجھ پر۔"

رسول اللہ ﷺ کی دعا

روایت ہے عائشہؓ سے کہ رسول ﷺ یہ دعا پڑھتے:۔

"یا اللہ میں تیری پناہ میں آتا ہوں۔ آگ کے فتنہ سے اور آگ کے عذاب سے اور قبر کے عذاب سے قبر کے فتنہ سے اور امیری کے فتنہ سے اور فقیری کے فتنہ سے اور مسیح دجال کے شر

سے۔ یا اللہ دھو دے میری خطاؤں کو برف اور اولوں کے پانی سے اور صاف کر دے دل میرا گناہوں سے جیسا صاف کرتا ہے تو سفید کپڑے کو میل کچیل سے اور دوری ڈال دے میرے اور میرے گناہوں میں جیسے کہ دوری ڈال دی تو نے مشرق اور مغرب میں۔ یا اللہ میں تیری پناہ میں آتا ہوں اکساہٹ اور بڑھاپے اور گناہ اور چٹی سے۔"

ایک شخص نے عرض کی کہ یا رسول اللہ ﷺ سنی میں نے ایک دعا آپ ﷺ کی آج کی رات سو پہنچی مجھے اس دعا سے یہ کہ آپ ﷺ فرماتے تھے اللھم سے رزقتنی تک یعنی۔

"یا اللہ بخش دے گناہ میرے اور کشادگی دے میرے گھر میں اور برکت دے میرے رزق میں۔ فرمایا آپ ﷺ نے پھر دیکھا تو نے اس دعا نے کچھ بھی چھوڑا یعنی دین و دنیا کی سب بھلائیاں اس میں آ گئی۔"

ذکر کی فضیلت

عبداللہ بن بسرؓ سے روایت ہے کہ ایک شخص نے عرض کی اے رسول اللہ ﷺ اسلام کے حکم بہت ہو گئے سو بتائیے کیسی چیز پکڑوں۔ آپ ﷺ نے فرمایا ہمیشہ تیری زبان تر رہے اللہ کے ذکر سے۔"

کسی نے پوچھا رسول اللہ ﷺ سے کون سا بندہ افضل ہے درجہ میں اللہ کے نزدیک قیامت کے دن۔ آپ ﷺ نے فرمایا۔ اللہ کو بہت یاد کرنے والے۔ انہوں نے کہا اے رسول اللہ ﷺ اور وہ غازی سے بھی افضل ہے۔ آپ ﷺ نے فرمایا اگر غازی اپنی تلوار سے کافر اور مشرکوں کو مارے یہاں تک کہ تلوار ٹوٹ جائے اور وہ خون آلودہ ہو جائے تو بھی اللہ کو یاد کرنے والا اس سے افضل ہے۔

دعا کی فضیلت

☆ ابو ہریرہؓ سے روایت ہے کہ نبی ﷺ نے فرمایا ''کوئی چیز اللہ کی درگاہ میں دعا سے زیادہ بزرگ نہیں''

☆ حدیث مبارکہ ہے ''دعا مغز ہے عبادت کا''

☆ نبی ﷺ نے فرمایا دعا ہی تو عبادت ہے پھر پڑھی آپ ﷺ نے یہ آیت وقال ربکم یعنی فرمایا تمہارے رب نے پکارو مجھ کو قبول کروں گا میں تمہاری پکار کو جو لوگ تکبر کرتے ہیں میری عبادت سے داخل ہوں گے جہنم میں ذلیل ہو کر۔

☆ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا ''جس نے اللہ سے سوال نہ کیا اللہ اس پر غصے ہوگا۔''

☆ ابو ہریرہؓ سے روایت ہے کہ نبی ﷺ نے فرمایا ''کوئی مجلس ایسی نہیں کہ لوگ اس میں بیٹھ کر نہ اللہ کو یاد کریں اور نہ درود پڑھیں اپنے نبی ﷺ پر۔ مگر ہو جائے گی ان پر حسرت اور نقصان اگر چاہے اللہ عذاب کرے ان کو چاہے معاف کرے۔''

☆ جابرؓ نے کہا میں نے رسول اللہ ﷺ سے سنا کہ فرماتے تھے کہ ''کوئی ایسا نہیں کہ مانگے اللہ سے کوئی چیز مگر اللہ دیتا ہے اس کو وہی چیز یا دور کر دیتا ہے اس کے برابر کوئی برائی جب تک کسی گناہ یا ناطہ کاٹنے کے لیے دعا نہ کرے۔''

☆ ابو ہریرہؓ نے کہا رسول اللہ ﷺ نے فرمایا ''جسے خواہش لگے کہ قبول کرے اللہ اس کی دعائیں سختیوں اور تکلیفوں میں تو بہت دعا کرے راحت میں۔''

دعا میں جلدی کیا ہے؟

ترمذی شریف میں ہے کہ فرمایا نبی ﷺ نے دعا قبول کی جاتی ہے تم میں سے ہر کسی کی جب تک کہ وہ جلدی نہ کرے اور یہ نہ کہنے لگے کہ میں نے دعا کی اور قبول نہ ہوئی۔ یہ حدیث مبارکہ

بخاری شریف میں بھی ان ہی الفاظ میں ہے۔

ہزار دعاؤں کی ایک دعا

ترمذی شریف میں روایت ہے ابی امامہؓ سے کہ پڑھیں رسول اللہ ﷺ نے بہت سی دعائیں کہ یاد نہ رہیں۔ پھر عرض کیا کہ یا رسول اللہ ﷺ آپ ﷺ نے بہت سی دعائیں کہیں کہ ہم کو کچھ یاد نہ رہیں۔ آپ ﷺ نے فرمایا' میں تم کو ایسی چیز بتادوں جو ان کی جامع ہو تم کہو: ''یا اللہ ہم مانگتے ہیں تجھ سے وہ خیر جو مانگی تجھ سے تیرے نبی محمد ﷺ نے اور پناہ میں آتے ہیں ہم تیری اس کے شر سے جس سے پناہ مانگی تیرے نبی ﷺ نے اور تو ہی مددگار ہے اور تو ہی پہنچانے والا یعنی خیر اور شر کا اور طاقت گناہ سے بچنے کی اور قوت عبادت کرنے کی مگر اسی کی طرف سے''۔

بہتر دن اور قبولیت دعا

ترمذی شریف میں ہے فرمایا رسول اللہ ﷺ نے بہتر سب دنوں میں کہ نکلتا ہے اس میں آفتاب جمعہ کا دن ہے کہ اس میں پیدا ہوئے آدم اور اس میں گئے جنت میں اور اسی دن اتارے گئے جنت سے اور اس دن میں ایک گھڑی ہے کہ نہیں پاتا۔ اس کو کوئی بندہ مسلمان کہ نماز پڑھتا ہو۔ پھر مانگے اللہ تعالیٰ سے کوئی چیز مگر دیتا ہے اس کو اللہ تعالیٰ۔ کہا ابو ہریرہؓ نے پھر ملا میں عبداللہ بن سلام سے اور بیان کی یہ حدیث۔ سو کہا انہوں نے میں خوب جانتا ہوں اس گھڑی کو سو کہا میں نے خبر دو مجھ کو اور بخیلی نہ کرو۔ فرمایا انہوں نے وہ بعد عصر کے غروب آفتاب تک ہے۔ کہا میں نے کیونکر ہو سکتی ہے بعد عصر کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ نہیں پاتا کوئی بندہ مسلم حالت نماز میں اور بعد عصر کے تو کوئی نماز نہیں پڑھتا' کہا عبداللہ بن سلام نے کیا رسول اللہ ﷺ نے یہ نہیں فرمایا کہ جو بیٹھے ہیں انتظار میں نماز کے تو وہ گویا نماز ہی میں ہیں۔ کہا میں نے ہاں یہ تو فرمایا کہا عبداللہ نے یہی مراد حضرت ﷺ کی تھی یعنی بعد عصر کے جو منتظر بیٹھا رہے مغرب کا وہ بھی نماز میں ہے اور وہ گھڑی بھی اِس وقت میں ہے

اور اس حدیث میں ایک قصہ دراز ہے۔"

حفظ قرآن کی دعا

روایت ہے ابن عباسؓ سے کہ علیؓ بن ابی طالب رسول اللہ ﷺ کے پاس آئے اور عرض کیا میرے ماں باپ آپ ﷺ پر فدا ہوں۔ نکلا جاتا ہے قرآن میرے سینہ سے اور میں اس کے حفظ پر قادر نہیں۔ سو آپ ﷺ نے فرمایا اے ابوالحسن میں تمہیں ایسے کلمات سکھا دوں کہ تم کو بھی نفع دیں اور جسے سکھاؤ اسے بھی اور جو سیکھو قرآن وہ سینہ میں رہے۔ انہوں نے عرض کی ہاں سکھایئے۔ آپ ﷺ نے فرمایا جب جمعہ کی رات ہو اگر اٹھ سکے تو تہائی رات میں آخر کے تو وہ گھڑی ایسی ہے کہ فرشتے ہوتے ہیں اور دعا اس وقت قبول ہوتی ہے اور میرے بھائی یعقوبؑ نے اپنے بیٹوں کو وعدہ دیا کہ میں مغفرت مانگوں گا اپنے رب سے تمہارے لیے۔ یعنی جب آئے رات جمعہ کی پھر اگر نہ ہو سکے تجھ سے تو کھڑا ہو بیچ رات میں ورنہ اول رات میں اور چار رکعت پڑھ کہ پہلی میں فاتحہ اور یٰسین اور دوسری میں فاتحہ اور حم دخان اور تیسری میں فاتحہ اور الم تنزیل السجدہ اور چوتھی میں فاتحہ اور تبارک جو مفصل میں ہے۔ پھر جب تشہد پڑھ چکے تو حمد و ثنا کر اللہ کی خوب درود بھیج مجھ پر اور تمام پیغمبروں پر اور مغفرت مانگ مومن مردوں اور عورتوں کے لیے اور ان بھائیوں کیلئے جو تجھ سے پہلے ایمان سے مشرف ہو چکے ہیں۔ پھر آخر میں کہہ اللھم سے الا باللہ العظیم تک یعنی یا اللہ رحم کر مجھ پر ساتھ گناہ چھوڑ دینے کے جب تک مجھے زندہ رکھے اور رحم کر کہ بے فائدہ تکلف نہ کروں اور عنایت کر مجھے خوب غور کرنا تیرے پسندیدہ امور میں۔ اے اللہ پیدا کرنے والے آسمانوں اور زمین کے صاحب جلال اور بزرگی کے اور ایسی عزت کی خواہش نہ کر سکے۔ مانگتا ہوں تجھ سے اے بڑی رحمت کرنے والے، تیرے جلال اور تیری ذات کی روشنی کے وسیلہ سے کہ لازم کر دے میرے دل پر یاد رکھنا اپنی کتاب کا جیسے کہ سکھائی تو نے اور توفیق دے کہ اسے پڑھوں میں جس طرح تو پسند کرے۔ یا اللہ پیدا کرنے والے آسمانوں اور زمین کے جلال اور بزرگی والے اور ایسی عزت والے کہ جس کا کوئی ارادہ نہ کر سکے۔ مانگتا ہوں تجھ سے اے

اللہ تیری بزرگی اور تیری ذات کی روشنی کے وسیلے سے کہ پر نور کر دے تو میری آنکھیں اپنی کتاب سے
اور جاری کر دے اِس کو میری زبان پر اور کھول دے اِس سے میرا دل اور کھول دے میرا سینہ اور دھو
دے اِس سے میرا بدن اس لیے کہ میری مدد حق پر کوئی نہیں کرتا۔ سوا تیرے اور نہیں مدد کرتا کوئی مگر تو اور
نہیں طاقت گناہ سے بچنے کی اور قوت نیکی کرنے کی مگر اللہ عظمت والے کی عزت سے تمام ہوئی
دعا۔ پھر فرمایا آپ ﷺ نے اے ابوالحسنؓ ایسا ہی کرو تم تین جمعہ یا پانچ جمعہ یا سات جمعہ کہ قبول ہو گی
دعا تمہاری اللہ کے حکم سے اور قسم ہے پروردگار کی کہ جس نے بھیجا مجھ کو حق کے ساتھ کہ محروم نہ رہے گا
اس کو پڑھ کر کوئی مومن کبھی۔ ابن عباسؓ نے کہا کہ پانچ یا سات جمعہ کے بعد حضرت علیؓ پھر آنحضرت
ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئے۔ ویسے ہی مجلس میں اور عرض کی یارسول اللہ ﷺ پہلے میں چار
آیتیں یاد کرتا تھا اور جب پڑھتا تھا تو بھول جاتا تھا اور اب چالیس آیتیں یاد کرتا ہوں اور جب پڑھتا
ہوں تو گویا قرآن میرے آگے ہے اور میں حدیث سنتا تھا اور بار بار اس کو کہتا تھا پھر دل سے اتر جاتی
تھی اور اب جو سنتا ہوں جب بیان کرتا ہوں اس میں سے ایک حرف نہیں چھوڑتا۔ سو فرمایا رسول
ﷺ نے کہ قسم ہے رب کعبہ کی ابوالحسن بے شک مومن ہے۔

دعا کی فضیلت

ترمذی شریف میں ہے کہ اعراب نے عرض کیا ”یارسول اللہ کیا دعا نہ کیا کریں۔ فرمایا اے
بندو اللہ سے دعا کرو۔ اس لیے کہ اللہ تعالیٰ نے نہیں رکھا کوئی مرض یعنی دنیا میں مگر رکھی ہے اس کے لیے
شفا یا دعا مگر سوائے ایک مرض کے۔ عرض کیا یا رسول اللہ ﷺ وہ کون سا مرض ہے۔ فرمایا آپ
ﷺ نے بڑھاپا۔“

فضیلت درود شریف

ترمذی شریف میں حدیث ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا ”جو درود بھیجتا ہے مجھ پر ایک

بار اللہ اس پر دس بار رحمت بھیجتا ہے"۔

قبولیت دعا اور درود شریف

ترمذی شریف میں حدیث ہے کہ" دعا لٹکی ہوئی ہے آسمان اور زمین کے بیچ میں ذرا نہیں چڑھتی جب تک تو اپنے نبی ﷺ پر درود نہ بھیجے"۔

گھڑی قبولیت کی

ترمذی میں حدیث ہے کہ فرمایا نبی ﷺ نے" ڈھونڈو وہ گھڑی جس کی اُمید ہے جمعہ کے دن میں بعد عصر کے آفتاب ڈوبنے تک"۔

☆ ایک دوسری حدیث ہے کہ" بے شک جمعہ میں ایک ساعت ہے کہ نہیں مانگتا ہے اللہ سے کوئی بندہ کوئی چیز مگر دیتا ہے اس کو اللہ تعالیٰ وہ چیز۔ پوچھا صحابہؓ نے یا رسول اللہ ﷺ وہ کون سی گھڑی ہے فرمایا جس وقت تکبیر ہوتی ہے نماز کی یعنی نماز جمعہ وغیرہ کی اس وقت سے لوگوں کے پھرنے تک"۔

☆ رسول کریم ﷺ نے فرمایا" اترتا ہے رب ہمارا ہر رات آسمان دنیا پر جب باقی رہتی ہے تہائی رات آخر کی اور فرماتا ہے کون ہے کہ دعا کرے مجھ سے کہ میں قبول کروں دعا اس کی۔ کون ہے کہ سوال کرے مجھ سے تاکہ میں دوں اس کو اور کون ہے کہ مغفرت مانگے کہ بخش دوں اس کو"۔

☆ روایت ہے ابو امامہؓ سے کہا انہوں نے عرض کی رسول اللہؐ سے کون سی دعا زیادہ قبول ہوتی ہے۔ فرمایا آپ ﷺ نے کہ" دعا آخر رات کی اور دعا فرض نمازوں کے بعد کی"۔

قبولیت دعا کا خاص وقت

ترمذی شریف میں روایت ہے انس بن مالکؓ سے، فرمایا رسول اللہ ﷺ نے" دعا کبھی

پھیری نہیں جاتی اذان اور تکبیر کے درمیان یعنی ضرور قبول ہو جاتی ہے۔"

شدت غم کے وقت دعا

ابن عباسؓ سے روایت ہے کہ نبی ﷺ شدت غم کے وقت یہ دعا کرتے "لا الہ الا اللہ الحلیم الحکیم لا الہ الا اللہ رب العرش العظیم لا الہ الا اللہ رب السمٰوت و رب العرش الکریم۔"

گناہ کے بخشے جانے کا عمل

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا، جس نے کہا "سبحان اللہ وبحمدہ" سو بار بخشے جاویں گے اُس کے گناہ اگرچہ کف دریا کے برابر ہوں۔"

جنت میں درخت

ترمذی شریف میں ہے کہ نبی ﷺ نے فرمایا جو کہتا ہے "سبحان اللہ و بحمدہ سبحان اللہ العظیم" اُس کے لیے ایک درخت لگایا جاتا ہے جنت میں۔"

افضل ذکر وافضل دعا

جابرؓ کہتے ہیں سنا میں نے رسول اکرم ﷺ سے فرماتے تھے کہ سب ذکروں میں افضل ہے "لا الہ الا اللہ" اور سب دعاؤں میں افضل ہے "الحمد للہ"

بخشا جانا (روز قیامت) بلندی درجات

حضرت علیؓ سے فرمایا رسول اللہ ﷺ نے ''کیا نہ سکھلاؤں میں تم کو ایسے کلمات کہ اگر تو ان کو کہے تو بخش دیا جائے اور بخشا ہوا ہو تو تیرے درجے بلند ہوں کہو'' لاالـه الا اللـه سے رب العرش العظيم تک''، یعنی کوئی معبود برحق نہیں سوائے اللہ کے بلند ہے اور بڑا ہے' نہیں کوئی معبود برحق مگر اللہ تحمل والا ہے' بزرگی والا' نہیں کوئی بڑا ہے' نہیں کوئی معبود برحق مگر اللہ پاک ہے' اللہ صاحب بڑے عرش کا۔''

ہر حاجت کے لیے

روایت ہے انس بن مالک سے ترمذی شریف میں کہ ام سلیمؓ حاضر ہوئیں رسول اللہ ﷺ کے پاس صبح کو اور عرض کیا۔ سکھلایئے مجھ کو ایسے کلمات کہ کہوں میں ان کو نماز میں۔ سو فرمایا آپ ﷺ نے ''اللہ اکبر کہہ دس بار اور سبحان اللہ کہہ دس بار اور الحمد اللہ کہہ دس بار پھر مانگ جو مانگنا ہو کہ فرماتا ہے اللہ تعالیٰ ہاں ہاں یعنی قبول کرتا ہے تیری دعا کو۔''

بخار کی دعا

ترمذی میں روایت ہے ابن عباسؓ سے کہ نبی ﷺ سکھاتے تھے صحابہؓ کو بخار اور سب دردوں میں اس دعا کے پڑھنے کو۔

''شروع کرتا ہوں میں جھاڑنا اس مرض کا ساتھ نام اللہ بڑے کے۔ پناہ مانگتا ہوں ساتھ اللہ بزرگ کے ہر بھڑکتی رگ سے اور آگ سے۔''

درد کی دعا

ترمذی میں عثمان بن ابی العاصؓ سے روایت ہے کہ آئے میرے پاس آنحضرت ﷺ اور مجھے ایسا درد تھا کہ مارے ڈالتا تھا۔ پھر آپ ﷺ نے فرمایا چھو درد کی جگہ سات بار اپنے داہنے ہاتھ سے اور کہہ "پناہ مانگتا ہوں میں اللہ کی عزت اور قدرت اور حکومت کے ساتھ اس چیز کے شر سے جسے میں پاتا ہوں۔ کہا راوی نے ویسا ہی کہا میں نے۔ پس دور کی اللہ تعالیٰ نے جو بلا میرے ساتھ تھی۔ پھر ہمیشہ بتاتا رہا میں یہ دعا اپنے اہل وغیرہ کو۔"

جنوں اور آدمیوں کی نظر بد کا

رقیہ (منتر)

ترمذی شریف میں روایت ہے ابوسعید حذریؓ سے کہ رسول اللہ ﷺ پناہ مانگتے تھے جنوں اور آدمیوں کی نظر بد سے۔ یہاں تک کہ اتریں معوذتین۔ پھر جب یہ اتریں لے لیا آپؐ نے اس کو اور چھوڑ دیا اس کے سوا اور دعاؤں کو۔

رقیہ (جھاڑ پھونک) تقدیر میں شامل ہے

ترمذی میں حدیث مبارکہ ہے ابی خزامہ کے والد کے حوالے سے پوچھا میں نے یا رسول اللہ ﷺ بھلا خبر دیجئے مجھے کہ یہ رقیہ جس سے جھاڑ پھونک کرتے ہیں ہم اور دوا کہ جس سے علاج کرتے ہیں ہم اور بچاؤ کی چیزیں کہ جس سے ہم اپنا بچاؤ کرتے ہیں یعنی مانند سپر اور قلعہ وغیرہ۔ آیا پھیر دیتے ہیں اللہ کی تقدیر میں سے کچھ؟ فرمایا آپ ﷺ نے یہ خود تقدیر میں داخل ہیں۔ یعنی ان کا ہونا بھی

تقدیر میں لکھا ہے مثلاً فلانی بیماری فلانی دوا سے جاوے گی اور فلانی بیماری رقیہ سے دور ہوگی۔

بارش کی دعا (نماز استسقاء)

ترمذی شریف میں ہے کہ رسول اللہ ﷺ نکلے آدمیوں کے ساتھ پانی مانگنے تو پڑھیں ان کے ساتھ دو رکعتیں اور پکار کر پڑھی اس میں قراءت اور پھیر کر اوڑھا اپنی چادر کو اور بلند کیا دونوں ہاتھوں کو اور پانی مانگا۔

☆ ایک دوسری حدیث میں ہے نکلے رسول ﷺ بے زینت کے عاجزی سے اور گڑگڑاتے ہوئے۔ یہاں تک آئے نماز کی جگہ میں۔ سو نہیں خطبہ پڑھا تمہارے خطبوں میں سے لیکن دعا اور عاجزی ہی کرتے رہے اور تکبیر بولتے اور پڑھی دو رکعت جیسے پڑھتے عیدین۔

نمازِ استخارہ

ترمذی شریف میں حدیث روایت ہے جابر بن عبداللہ سے کہ کہا رسول اللہ ﷺ استخارہ سکھاتے ہم کو ہر کام میں جیسے سکھاتے تھے سورت قرآن کی۔ فرماتے تھے جب قصد کرے کوئی تم میں سے کسی کام کا تو چاہئے پڑھے دو رکعت سوائے فرض کے پھر یہ دعا پڑھے۔

"یا اللہ میں خیر طلب کرتا ہوں تجھ سے تیرے علم کے ساتھ اور طلب کرتا ہوں تجھ سے تیرے علم کے ساتھ اور طلب کرتا ہوں تیری قدرت کے ساتھ اور مانگتا ہوں تجھ سے تیرے فضل سے کہ تو قدرت رکھتا ہے اور میں قدرت نہیں رکھتا تو خوب جانتا ہے اور میں کچھ نہیں جانتا اور تو جاننے والا ہے غیبوں کا۔ یا اللہ اگر تو جانتا ہے کہ یہ کام بہتر ہے۔ میرے دین اور دنیا میں اور انجام کار میں۔۔۔۔۔ یا فرمایا پس آسان کر مجھ پر یہ کام پھر برکت دے مجھ کو اس میں اگر تو جانتا ہے کہ یہ کام برا ہے میرے دین میں اور دنیا میں یا انجام کار میں۔ یا فرمایا تو دور کرے اس کو مجھ سے اور دور کر دے مجھ کو اس سے اور قدرت دے مجھ کو خیر پر جہاں ہو۔ پھر راضی کر مجھ کو اس کے ساتھ اور کہا نام لیوے اپنی حاجت

کا ''کام'' کی جگہ پر جیسے نکاح' سفر وغیرہ جو کام ہو۔

نماز حاجت

ترمذی شریف میں حدیث ہے کہ رسول ﷺ نے فرمایا جس کو حاجت ہو طرف اللہ کی یا کام ہو کسی بنی آدم سے تو چاہیئے کہ وضو کرے اچھی طرح۔ پھر دو رکعت نماز پڑھے۔ پھر تعریف کرے اللہ تعالیٰ کی اور درود پڑھے نبی ﷺ پر پھر کہے لا الہ الا اللہ سے آخر تک اور معنی اس کے یہ ہیں۔

''کوئی معبود نہیں سوائے اللہ کے بردبار سے بزرگی والا پاک ہے۔ اللہ پروردگار بڑے عرش کا سب تعریف ہے۔ اللہ کو جو پالنے والا ہے سارے جہانوں کا۔ مانگتا ہوں میں سبب تیری رحمتوں کے اور جس سے ضرور ہو تیری بخشش اور لوٹ ہر نیکی سے اور سلامتی ہر گناہ سے۔ نہ چھوڑ میرے لیے کوئی گناہ مگر بخش دے اور نہ چھوڑ کوئی حاجت جو پسند ہو تجھ کو مگر پورا کر دے اس کو بڑے رحم کرنے والے سب رحم کرنے والوں سے۔''

اِسمِ اعظم

روایت ہے ترمذی شریف میں اِسماءؓ بنت یزید سے کہ نبی ﷺ نے فرمایا اِسم اعظم ان دو آیتوں میں ہے۔

''والھکم الہ واحد لاالہ الا ھو الرحمٰن الرحیم''

اور آل عمران کی شروع کی آیت

''الم اللہ لاالہ الا ھو الحی القیوم''

باب ہفتم

ایک خاص مضمون

ہر قاری کو چاہیے کہ اس مضمون کو سکون اور تسلی کے ساتھ پڑھے اور پھر فیصلہ کرے کہ اسے کیا کرنا ہے۔

خدا یا اللہ

ہمارے یہاں ایک زمانے میں فارسی زبان کا بہت عمل دخل رہا۔ اس نے جہاں اردو زبان و محاورے کو جلا بخشی وہاں کچھ ایسے الفاظ بھی ہماری زبانوں پر رواں کر دیئے جو اپنی اصل میں اس لحاظ سے ناقص تھے کہ وہ اس مفہوم کو ادا نہیں کرتے تھے جو کہ اس سے مطلب لیا جا رہا تھا۔

ایک غلطی

ایک ایسا ہی لفظ "خدا" کا فارسی سے اردو میں در آیا اور ہماری زبانوں پر ایسا چڑھا کہ اصل لفظ "اللہ" پس پشت چلا گیا۔ عوام ہی نہیں خواص نے بھی "اللہ" کی جگہ خدا کا استعمال شروع کر دیا۔ اس میں عوام کا کیا قصور جب عالم ہی ایک غلط لفظ استعمال کر رہے ہوں اور ایک غلطی ہونے کے بعد اس کو ماننے اور پھر اس کی اصلاح پر آمادۂ خاطر نہ ہوں تو اُن لوگوں کو الزام دینے سے کیا حاصل جو اپنی عقل کی بجائے ہمیشہ دوسروں کی اندھی تقلید پر زندگی بسر کرتے ہیں۔ میری اس تحریر کا مقصد ہی یہ ہے کہ آپ روزمرہ گفتگو میں "خدا" کی بجائے "اللہ" کے لفظ کو استعمال میں لائیں۔ اس حوالے سے ذیل میں لفظ "اللہ" اور "خدا" کے معنی اور مفہوم پر اسلامی حوالے سے بحث کی گئی ہے۔

جمع کا صیغہ

خدا اور اللہ کے حروف میں ایک اور اتنا بڑا فرق ہے جو کہ انسان کے قلب سلیم کو ہلا دینے کے لیے کافی ہے۔ خدا کا لفظ واحد کے علاوہ جمع کے صیغے کے طور پر بھی بولا جاتا ہے۔ جبکہ اللہ کی جمع کچھ بھی نہیں۔

اگر آپ غور کریں تو یہ بات سمجھ آئے گی کہ خدا کا لفظ اس وحدانیت کے تصور سے عاری ہے جس کا پرچار اسلام کرتا ہے۔ اللہ کے لفظ کے بڑی صفت یہ ہے کہ واحد کے طور پر بولا جاتا ہے۔ اسلام بنیادی طور پر شرک کے خلاف ہے۔ اسلام کی تمام تر تعلیم کا مقصد صرف اور صرف اللہ کو ایک برتر قوت کے طور پر پیش کرنا ہے۔ ایک ایسی ہستی جس کے مقابلے میں نہ کوئی تھا نہ ہوگا۔ وہ واحد ہے۔ خدا کے حرف میں بہرحال ایک ایسی کمزوری ہے جو اللہ کے وحدانیت کے تصور کی نفی کرتی ہے جو کہ خلاف اِسلام ہے۔ فیصلہ آپ پر ہے خدا یا اللہ۔

نام کس نے رکھا

خالق کائنات کا نام اللہ کس نے تجویز کیا ہے؟ ظاہری بات ہے اس کا جواب ہے "اللہ نے یہ نام خود رکھا" اس کا مطلب یہ ہوا کہ جب خالق کائنات نے اپنا نام خود اپنے لیے اللہ تجویز کیا تو آپ یا میں اس نام کو تبدیل کر کے اور خالق کائنات کو اللہ کی بجائے خدا کے نام سے پکار کر کس عقل مندی کا ثبوت دے رہے ہیں۔

ایک دوسری بات

اب جب رب کائنات نے اپنا نام خود تجویز کیا تو اس کا اصل مطلب بھی تو وہ سب سے بہتر جانتا ہے۔ تاہم انسانی حوالے سے بات کریں تو اسم اللہ کا ہر ہر حرف واحدنیت کا اعلان کرتا اور شرک کو ختم کرتا نظر آتا ہے۔ دیکھیں کس طرح اللہ کے پہلے الف سے پھر "اللہ"۔ پہلے لام سے "لا الہ"

(کوئی معبود نہیں)۔ دوسرے لام سے "لاشریک لک" (کوئی تیرا شریک نہیں)۔ آخری ہ سے "ھو" (وہ ذات خاص)۔

اب اسم "خدا" کو دیکھیں کیا اس میں کسی طور اللہ کی واحدنیت کا تصور اور شریک کی نفی کا مفہوم نکلتا ہے۔ نہیں بلکہ معروف کے طور پر استعمال ہو کر یہ اللہ کی صفات کا بیان کرنے کے قابل ہی نہیں۔

نام خالق کائنات

خالق کائنات نے خود اپنا نام کیا رکھا اس کا مختصر جواب ہے "اللہ"۔

تاہم اس موضوع پر بھی کچھ روشنی ڈال دوں اگر دیکھا جائے تو رب کائنات کے کئی ایک نام ہیں تاہم ماسوائے اللہ کے باقی سب صفاتی اسماء ہیں۔ سمجھنے اور غور وفکر کرنے کا امر یہ ہے کہ اب کائنات نے اپنے لیے خود جس ذاتی اسم کا انتخاب کیا وہ صرف اور صرف "اللہ" ہے۔ ظاہری بات ہے کہ اسم اللہ کے حقیقی معارف سے صرف ذات الٰہی ہی آگاہ ہو سکتی ہے۔ کیونکہ یہ نام کسی فرد نے نہیں رکھا اس لیے فرد اس کے حقیقی معارف سے مکمل طور پر آشنا بھی نہیں ہو سکتا۔

جبکہ رب کائنات کا نام "خدا" اس (اللہ) کا دیا ہوا نہیں ہے۔ اب آپ مجھے یہ بتائیں کہ رب کائنات نے اپنے لیے ایک نام پسند کیا (اللہ) لیکن آپ کے خیال میں یہ درست نہیں یا آپ کو اس کے بولنے سے قلبی تسکین نہیں ہوتی یا یہ آپ کی زبان پر چڑھتا نہیں سو آپ اپنی حکمت سے رب کائنات کا نام بدل کر اللہ سے خدا رکھ دیں۔ یعنی اللہ نے جو نام خود اپنے لیے پسند کیا وہ آپ کو پسند نہیں آیا اور آپ نے ایک زیادہ بہتر اور آسان نام رب کعبہ کے لیے منتخب کر لیا (اللہ تعالیٰ معاف فرمائیں)۔

اب اگر آپ کی حکمت اور سمجھ اللہ سے زیادہ ہے تو میرے جیسا فانی انسان اس میں کیا دخل دے سکتا ہے۔ فیصلہ آپ پر ہے خدا یا اللہ۔

اللہ کے معنیٰ!

"اللہ" بنیادی طور پر عربی زبان کا لفظ ہے اور دونوں جہانوں کے مالک کا "اسم ذات"۔ اس کے معنی چند ایک الفاظ میں ادا نہیں ہو سکتے۔ اس کے معنیٰ کے لحاظ سے جو الفاظ/لفظ قریب ترین ہے وہ "معبود" کا ہے۔ لیکن یہ بھی "اللہ" کے معنیٰ اور مفہوم کو مکمل طور پر ادا کرنے سے قاصر ہے۔

اللہ کے معنیٰ آپ سمجھنا چاہتے ہیں تو اس ذات الٰہی کے ۹۹ بنیادی صفاتی ناموں پر غور کریں۔ لیکن اِن میں سے ہر نام "اللہ" کی صرف جزوی تشریح پر قادر ہے۔

یعنی اللہ وہ ہے جو رحمٰن ہے

یعنی اللہ وہ ہے جو رحیم ہے

یعنی اللہ وہ ہے جو رزاق ہے

یعنی اللہ وہ ہے جو خبیر ہے

یعنی اللہ وہ ہے جو حی ہے

یعنی اللہ وہ ہے جو بصیر ہے

یعنی اللہ وہ ہے جو قہار ہے

یعنی اللہ وہ ہے جو نور ہے

یعنی اللہ وہ ہے جو غفور ہے۔

....

....

....

....

اسی طرح دیکھتے جائیں ۹۹ بنیادی خصوصیات "اللہ" کی سامنے آتی ہیں۔

اب لفظ "خدا" کا جائزہ لیں تو اس کے معنٰی ملک اور حاکم کے ہیں۔ایک ایسا لفظ جو حد درجہ محدود معنٰی کا حامل ہے۔اس کو "اللہ" جیسے وسیع المعانی لفظ کے بدلے میں اِستعمال کرنا سوائے علمی جہالت کے اور کچھ نہیں۔لفظ خدا نہ تو رب کریم کی شان کریمی کو ظاہر کرتا ہے اور نہ اللہ کی بصیرت کو اور نہ ہی کسی اور صفت کو۔ایسی صورت میں "خدا" کا لفظ "اللہ" کا پرتو کس طرح ہو سکتا ہے۔

بعض لوگ اپنے ذہن کو تسلی دینے کے لیے یہ بھی خیال کر لیتے ہیں کہ فارسی میں "خدا" "اللہ" کے لیے اِستعمال ہوتا ہے۔سو اللہ کو خدا کہنے میں کچھ حرج نہیں۔بھائی میرے اگر یہ دلیل ٹھیک ہے تو کل کو کوئی یہ بھی کہہ سکتا ہے کہ ہندی میں بھگوان "اللہ" کے مفہوم میں بولا جاتا ہے۔سو اللہ کو بھگوان کہنا بھی ٹھیک ہے (نعوذ باللہ)۔

اللہ کا قرآنی تصور!

ایک بات یاد رکھیں "اللہ" کا جو تصور اسلام پیش کرتا ہے وہ کسی اور مذہب میں بالکل اس طریقے سے نہیں ہے۔سوان مذاہب میں حاکم اعلیٰ کے لیے جو الفاظ اِستعمال ہوتے ہیں وہ اسلامی نکتہء نظر سے ان صفات کے حامل نہیں جن کا حامل لفظ اللہ ہے۔اللہ تعالیٰ اپنی شان کچھ یوں بیان کرتے ہیں۔

قل هو الله احدo	تم فرماؤ وہ اللہ ہے۔وہ ایک ہے۔
الله الصمدo	اللہ بے نیاز ہے۔
لم يلد ولم يولد	نہ اس کی کوئی اولاد ہے اور نہ وہ کسی سے پیدا ہوا ہے۔
ولم يكن له كفوًا احدo	نہ اس کے جوڑ کا کوئی ہے۔

یہ سورۂ اخلاص ہے۔شان نزول اس کی کچھ یوں ہے کہ کفار حضرت محمد ﷺ سے رب

العزت کے متعلق سوال کیا کرتے تھے۔ یعنی اللہ کا نسب کیا ہے؟ وہ کس چیز کا ہے؟ وہ کیا کھاتا پیتا ہے؟ ربوبیت اِس نے کس سے ورثہ میں پائی اور اس کا وارث کون ہے؟ ایسے تمام سوالوں کے جواب میں اللہ تعالیٰ نے خود اپنی ذات وصفات بیان فرمادیں۔ اب بھی اگر کوئی نہ سمجھے تو اس کی مرضی۔

اللہ اللہ ہے!

اب مجھے یہ بتائیں کیا کسی اور مذہب کا حاکم اعلیٰ کے بارے میں یہ تصور ہے جو قرآن بیان کر رہا ہے؟ نہیں۔ بالکل ایسا نہیں ہے۔

اللہ کی حاکمیت اور اللہ کی شان اور اللہ کی حقانیت کا جو تصور اسلام میں ہے کسی اور مذہب میں ایسا بالکل نہیں سو دوسرے مذہب کے معبودوں کے حوالے سے اللہ کا نام بدلنا (بگاڑنا) عذاب الٰہی کو دعوت دینے کے علاوہ کچھ نہیں۔

اللہ اللہ ہے

بھگوان بھگوان ہے　　　گاڈ گاڈ ہے

خدا خدا ہے　　　برہما برہما ہے

ثواب!

قرآن کا ایک حرف پڑھنے پر دس نیکیوں کا ثواب ملتا ہے۔ یعنی جب کوئی "الم" میں سے پہلا حرف "ا" ادا کرتا ہے تو دس نیکیاں اس کے نامہ اعمال میں لکھی جاتی ہیں۔ اور جب "ا" کے بعد "ل" پڑھا تو دس مزید نیکیاں حاصل ہو جاتی ہیں اور جب "م" بولا جاتا ہے تو دس مزید نیکیاں بندے کے ریکارڈ میں جمع ہو جاتی ہیں۔

سو جب آپ "اللہ" ایک دفعہ بولتے ہیں تو چالیس نیکیاں آپ کے کھاتے میں جمع ہو گئیں۔ کیوں کہ "اللہ" قرآنی لفظ ہے۔

اس کے مقابلے میں جب آپ "خدا" کہتے ہیں تو کیا ملتا ہے؟ کچھ نہیں کیونکہ "خدا" نہ تو قرآنی لفظ ہے اور نہ ہی اسلامی۔ سو آپ کسی ثواب کے حق دار نہیں ہوتے۔ فیصلہ آپ پر ہے۔ خدایا اللہ۔

عملی اِستعمال!

"اللہ" ایک ایسا لفظ ہے جو ذات الٰہی کے علاوہ کسی بھی فرد یا شے یا امر کے لیے اِستعمال نہیں ہوتا۔

جبکہ "خدا" ایسا لفظ ہے جو انسان اور امور دیگر کے لیے بھی اِستعمال ہوتا ہے۔ مثلاً "خداوندِ طالع" جس کا معنی ہوا طالع کا مالک۔ یعنی خدا کا لفظ افراد اور امور دیگر کے لیے فارسی میں بکثرت دوسرے الفاظ کے ملاپ کے ساتھ مروج ہے۔ فیصلہ آپ پر ہے۔ خدا یا اللہ۔

ذکر

اللہ تعالیٰ کے اِسماء کا ذکر ہر مسلمان کرتا ہے۔ کبھی اِسم ذاتی (یعنی اللہ) اور کبھی اِسمائے صفاتی (ننانوے نام)۔ لیکن آج تک اِسم خدا کا ذکر کسی مسلمان نے کیا ہے اور نہ کبھی کرے گا۔ یہ اس امر کی ناقابل تردید شہادت ہے کہ اِسم ذات یا اِسماء صفات کے مقابلے میں "خدا" کا لفظ/ نام کسی بھی پوزیشن کا حامل نہیں۔

سو اللہ کو عرف عام میں خدا پکارنے والے بھی اپنے دل کی گہرائی سے اس امر کی حقیقت جانتے ہیں کہ جب اُس ذات باری تعالیٰ کو پکارنا ہے' اس حاکم الحاکمین سے دعا کرنی ہے' اس رب کائنات سے براہ راست مخاطب ہونا ہے اور اس مالک یوم الدین کے نام کو وظیفہ جان بنانا ہے تو پھر اِسم خدا نہیں اِسم اللہ ہی حقیقت تک لے جائے گا۔

وحدانیت

اِسم اللہ میں وحدانیت کا جو تصور ہے وہ کسی اور اِسم کا خاصہ نہیں اور یہی ذات الٰہی کی سب سے بڑی خوبی ہے۔ سب گناہ ایک وقت معین پر (بعد از سزا) معاف ہو جائیں گے۔ لیکن شرک کا گناہ معاف نہ ہوگا۔ یعنی اِسم اللہ کے الف سے احد اور واحد کے جو تصور نکلتے ہیں ان کی پیروی نہ کرنے والا واصل جہنم ہوگا۔ اِسم خدا اس خاصیت سے خالی ہے جو اِسم اللہ کا بنیادی فلسفہ ہے۔

متضاد خاصیت

اللہ کی ایک صفت خاص یہ بھی ہے کہ وہ ذات الٰہی بیک وقت دو متضاد خصوصیات کی حامل ہے اور ایسی خاصیت کا حامل ہونا کسی اور جنس کے لیے ممکن نہیں۔

وہ ایک طرف اول اور دوسری طرف آخر ہے وہ ایک طرف ظاہر ہے تو دوسری طرف باطن۔ اسی طرح اللہ کی صفات کا سلسلہ جاری رہتا ہے۔ اور اب اگر آپ غور کریں تو اِسم خدا کسی بھی صورت میں ان خصوصیات کا پرتو نظر نہیں آتا جو اُس ذات الٰہی کا خاصہ ہیں۔ صرف اور صرف ایک ہی ایسا جامع اِسم ہے جو بیک وقت اول و آخر کو ظاہر کرے اور وہ ہے اِسم "اللہ"۔

منبع نور

اِسم خاص "اللہ" منبع نور ہے۔ اس سے تمام مظاہر قدرت کا راز افشاء ہوتا ہے اور دوسری طرف تمام مظاہر قدرت اس میں پنہاں ہو جاتے ہے۔ ذیل کی شکل کو غور سے دیکھیں ایک حقیقت آپ پر واضح ہوگی۔

اللہ

یعنی اِسم ذات اللہ سے آگاہی کے لیے ہمیں اللہ کے ۹۹ ناموں سے راہنمائی ملتی ہے اور ہم یہ جان پاتے ہیں کہ اس ذات اللہ کے معنی کیا ہیں اور وہ کن خصوصیات کا مظہر ہے۔ یعنی تمام کے تمام ۹۹ نام اِسم "اللہ" کی خصوصیات کا اظہار کر رہے ہیں۔ یہ امر یہاں ہی ختم نہیں ہوتا۔ اللہ کے ان ۹۹ ناموں میں سے ہر ایک اِسم پھر لاتعداد خصوصیات اور معنوں کا مظہر ہے۔ بطور مثال یہاں دیئے گئے پہلے اِسم کو لیں یعنی "باقی" کو یعنی توجہ سے دیکھا جائے تو اِسم باقی صرف ایک صفت الٰہی کا مظہر نہیں اس کے اندر پھر کئی ایک صفات ہیں پھر مزید ذیلی صفات کا ظہور ہوتا ہے۔

اِسم ذات "اللہ" کی تشریح بالترتیب ۹۹ ناموں سے ہوتی ہے۔

اللہ

باقی باری باسط اول بدیع ....

پہلا مقدم آغاز ابتداء بہتر عمدہ اعلیٰ افضل

اول شروع ابتدائی اولین پرانا اچھا

اِسم ذات "اللہ" کی بالعکس تشریح بالترتیب ۹۹ ناموں سے ہوتی ہے۔

ظہور صفات کا عمل یہاں ختم نہیں ہوتا بلکہ یہ سلسلہ یوں چلتا رہتا ہے۔ اور یہی بات میں آپ تک پہنچانا چاہتا تھا۔ سو وہ آپ تک پہنچی اس لیے مزید تشریح میں جانے کی ضرورت نہیں۔

اول شروع ابتدائی اولین پرانا اچھا

پہلا مقدم آغاز ابتداء بہتر عمدہ اعلیٰ افضل

باقی باری باسط اول بدیع ....

اللہ

آیئے اب ایک اور پہلو سے اسی بات کو دیکھیں۔ کرنا صرف یہ ہے کہ اوپر کی سطور میں اسم "اللہ" کی جو تشریح کی گئی ہے اس کی الٹ سمت سے دیکھیں۔

پہلا آپ کو محسوس ہوا ہوگا کہ تمام کائنات اسم اللہ سے نکلی ہے اور اب آپ کو محسوس ہوگا کہ تمام کائنات اسم میں مدغم ہو گئی ہے۔
بس یہی اعجاز الٰہی ہے جو اس عنوان میں ظاہر کرنا چاہ رہا تھا۔ دیکھیں، غور کریں اور سمجھیں۔

انڈکس

راہنمائے عملیات ہر ماہ شائع ہوتا ہے۔
اس سے فائدہ اٹھانے کے لیے آج ہی کاپی طلب کریں۔

ماہنامہ
راہنمائے عملیات
لاہور
قیمت 25 روپے

عملیات، نجوم، روحانیات، جفر، پامسٹری، حاضرات، ہپناٹزم، پتھر، نقوش، الواح، اعداد، نفس، رمل، تقویم، ساعات، تسخیر، زکات، خواب، تل شناسی، مقناطیسی قوت، مراقبہ، ماہانہ حالات، سیاسی حالات، کواکبی نظرات، روزانہ تقویم، یونانی اور ہندی نجومی حسابات، بزرگوں کے حالات اور بہت سے دوسرے امور ہر ماہ اس میں زیر بحث آتے ہیں۔

جواب طلب امور کے لیے جوابی لفافہ ارسال کریں ورنہ جواب سے معذرت

وقت ملاقات صبح 11-00 بجے تا شام 5-00 بجے تک صرف...... علاوہ تعطیل واتوار
فون 6374864

راہنمائے عملیات (ماہانہ)	ہر ماہ شائع ہوتا ہے۔ روحانیات، نجوم، عملیات، جفر، پامسٹری، اعداد، تقویم، رمل، ساعات اور ایسے ہی لاتعداد موضوعات پر لاجواب مضامین۔ 25 روپے
خالد روحانی جنتری 2004 (سالانہ)	نظرات کواکب، شرف، ہبوط، گرہن، طلوع و غروب، مقسوی نمبر، روزانہ کوکبی پوزیشن، تحویل آفتاب، ہجری عیسوی، بکرمی تاریخیں، استخراج طالع اور لاتعداد مضامین۔ ہر سال شائع ہوتی ہے۔ 80 روپے
مستحصلہ قادر الکلام	ذاتی مستحصلہ کی تشریح اور ساتھ ہی چند دوسرے جفری قواعد اور اصطلاحات جفر کا خصوصی بیان۔ 50 روپے
علم الحروف	تجربہ شدہ اور نئے اعمال چونکا دینے والے کرشمے، علم الحروف پر ایک عام فہم کتاب نئے اور تجربہ شدہ اعمال کے ساتھ۔ 100 روپے
روحانی مشورے (تیسرا ایڈیشن)	روزمرہ مسائل کے حل کے آسان اور آزمودہ قرآنی، روحانی و عملیاتی مشورے۔ ہر گھر کی ضرورت۔ نئے ایڈیشن میں خاص اعمال کا اضافہ۔ 60 روپے
خزینہ اعداد (ترمیم شدہ)	اعداد پر اس سے بہتر اور جامع کتاب آپ کی نظروں سے نہ گزری ہوگی۔ اب ترمیم شدہ ایڈیشن نئی معلومات کے ساتھ۔ 50 روپے
ساعات حقیقی	سات کواکب، سات ساعتیں۔ ایک نیا اور مصنف کا ذاتی قاعدہ ہمراہ تمام دنیا کیلیے استخراج کردہ ساعتوں کے سوفی صد درست اور مکمل جدول کے۔ 90 روپے
بانڈ، ریس اور لاٹری کے نمبر (ترمیم شدہ)	ہر فرد کے لیے اعداد، نجوم، جفر، رمل، ساعت، فالنامے اور استخارے کی ذریعے انعامی نمبر معلوم کرنے کے طریقے۔ آئندہ تین سالوں کے لیے انعامی نمبر استخرج بھی کر دیئے گئے ہیں۔ 100 روپے (اس کے کوپن پر ذاتی انعامی نمبر مفت معلوم کریں)۔
اسباق دست شناسی	ہر فرد اس کتاب کے ذریعے دست شناسی سیکھ سکتا ہے۔ رموز فن سے آشنا ہونے کے لیے نایاب کتاب۔ 60 روپے
10 سالہ جنتری	ہر نجومی اور عامل کی ضرورت کوابکی جنتری 2001 تا 2010 تک۔ نریانہ سسٹم کے لیے بھی استعمال ہو سکتی ہے۔ 115 روپے
راہنمائے تل شناسی	تلوں کے موضوع پر شائع ہونے والی پہلی اور واحد کتاب۔ اس موضوع سے دلچسپی رکھنے والے ہر فرد کی ضرورت۔ 40 روپے
راہنمائے عملیات	عملیات کے اصول، قواعد، نقوش اور لاتعداد مقاصد کے لیے اسماء الحسنٰی اور قرآنی سورتوں کے خواص۔ 80 روپے
السحر العجیب فی جلب الحبیب	عبدالفتاح طوخی کی تسخیر اور سحر کے سربستہ رازوں کی کتاب کا اردو ترجمہ ایک نیا دریافت شدہ خزانہ۔ 80 روپے

السحر الاحمر	عبدالفتاح طوخی کی عملیات کے موضوع پر یہ قدیم و نایاب کتاب اب ترجمہ کر کے پہلی دفعہ پیش کی جارہی ہے۔50روپے
الاقوال امرفیۃ فی معرفۃ الاعمال الرملیہ	محمد الزناتی الفلکی کی رمل پر عربی کتاب کا اردو ترجمہ ایک لاجواب کتاب۔40روپے
سحر بارنوخ	ہزار ہا سال پرانے سوڈانی عملیات پر مشتمل کتاب حکیم بارنوخ ساحر سوڈانی کی تحریر جو بعد از ترجمہ پیش قارئین ہے۔50روپے
راہنمائے علم نجوم	علم نجوم کے موضوع پر ایک مکمل اور جامع کتاب جو نجوم کے راز آپ پر آشکار کرے گی۔ہر ماہر فن کی ضرورت۔80روپے
طلسمات زہرہ	صرف عشق و محبت کے متوالوں کے لیے......خاص اعمال60روپے
مجربات خالد	یہ کتاب ان عملیاتی اعمال کا مجموعہ ہے جو خالد اسحاق راٹھور کے ذاتی استعمال میں ہیں اور درستگی کی سند لیے ہوئے ہیں۔55روپے
ہندی نجوم	ہندی علم نجوم پر پاکستان میں دستیاب واحد مستند کتاب معہ ۲۰ سالہ ہندی کوابکی تقویم (جنتری) اور پاکستان کے اہم شہروں کی ہندی لگن سارنی سمیت۔110روپے
تسخیر موکلات و حاضرات	تسخیر موکلات' حاضرات و جنات کی تسخیر کیلئے ابتدائی تیاری سے لیکر ہر منزل تک مکمل راہنمائی قلبی خلوص کے ساتھ کی گئی ہے۔60روپے
مفتاح الرموز و اسرار الکنوز	اس کتاب کے راوی امام جعفر اور تحریر جابر بن حیان کی ہے اور یہی اس کتاب کا کل تعارف ہے۔80روپے
پرانے پرچے	مکمل سیٹ راہنمائے عملیات 1998/1999/2001/2002/2003 (فی سیٹ) 350روپے
بذریعہ ڈاک کتب منگوانے والے کتب کی کل قیمت کے ہمراہ 25روپے ڈاک خرچ بھی ارسال کریں۔500 روپے کی کتب اکٹھی منگوانے پر ڈاک خرچ معاف۔V.P. ارسال نہیں کی جاتی۔ رقم بذریعہ منی آڈر ارسال کریں۔	

پتھر اور جواہرات

پتھروں کے روحانی' سحری اور طبعیاتی اثرات سے دنیا کا کوئی بھی فرد انکار نہیں کر سکتا۔ انسانی زندگی کے ہر پہلو کو یہ بالواسطہ یا بلاواسطہ متاثر کرتے ہیں۔ قدرت نے لاتعداد دنیاوی و روحانی معاملات کی اصلاح و بہتری کے لئے لاتعداد اقسام کے پتھر تخلیق کیئے ہیں۔ آپ کے لیے کون سا پتھر موزوں ہے۔

مسائل کے حل' صحت' روزگار اور رزق میں برکت و وسعت' مختلف امراض سے حصول صحت مثلاً دماغی امراض' ٹی بی کینسر گلے پڑنا' بلڈ پریشر' دمہ' کھانسی' برص وغیرہ' معاشرتی عزت و وقار و مرتبہ کے حصول' روحانی مسائل کے حل' روزمرہ مسائل و پریشانی کے حل کے واسطے' تعلیمی سلسلے میں رکاوٹوں کے خاتمے اور ذہن کے علم کی طرف متوجہ ہونے' حصول علم کے واسطے' جادو ٹونے سے بچنے' سحر کے علاج وغیرہ کے لئے زائچہ پیدائش کے حوالے سے موزوں پتھر کا انتخاب' نام' برج یا عدد وغیرہ کی مناسبت سے استخراج پتھر' ستاروں کی نحوست دور کرنے کے واسطے اصل اور سستے پتھر و جواہرات ادارہ راہنمائے عملیات آپ کو مہیا کرے گا۔

خالد انسٹی ٹیوٹ آف الکلٹ سائنسز

عملیات اعداد' نجوم' پامسٹری' جفر' ساعات

علوم مخفی سے اپنی طویل رفاقت اور مختلف اخبار ورسائل میں لکھنے کے دوران اندرون اور بیرون ملک سے علوم مخفی کے شائقین کا مسلسل یہ اصرار رہا کہ ان کو علوم مخفی کی تعلیم دی جائے۔ لیکن میرے لیے ہر فرد کو الگ الگ تعلیم دینا ممکن نہ تھا۔ اس وجہ سے 1991ء میں خالد انسٹی ٹیوٹ آف اکلٹ سائنسز کے نام سے علوم مخفی کی تعلیم کا ایک باقاعدہ ادارہ تشکیل دیا گیا۔ جس کے تحت بذریعہ ڈاک اور بالمشافہ ان علوم کی تعلیم دی جاتی ہے۔ گو ہمارے ہاں ان علوم سے وابستہ افراد کسی کو علوم مخفی کی تعلیم نہیں دیتے بلکہ ان علوم کو اپنے سینے میں محفوظ رکھتے ہیں۔ تاہم میں نے بلا کسی بخل کے ان علوم کو عام کرنے کا تہیہ کیا ہوا ہے۔ یہی وجہ ہے کہ پوری دیانتداری کے ساتھ ان علوم کی تعلیم دی جاتی ہے۔ آپ پورے یقین اور اعتماد کے ساتھ رابطہ کر سکتے ہیں۔ انشاء اللہ آپ مایوس نہ ہوں گے بلکہ کورس کے اختتام پر آپ اس قدر مہارت حاصل کر چکے ہوں گے کہ آپ کے لیے زائچہ بنانا' ہاتھ دیکھنا' کسی سوال کا جواب دینا' حالات زندگی معلوم کرنا کچھ مشکل نہ ہوگا۔ بلکہ آپ مشکلات ومسائل کے شکار افراد کی روحانی مدد کرنے کے قابل بھی ہوں گے۔ آپ خصوصی کورس کے تحت تمام کورسز اکٹھے سیکھ سکتے ہیں۔ اور اگر آپ کسی ایک کورس میں داخلہ لینا چاہیں تو انفرادی کورس کے تحت کسی بھی ایک کورس میں داخلہ لے سکتے ہیں۔ اس سلسلے میں مزید تفصیل ذیل میں درج ہے۔

انفرادی/خصوصی کورسز کی فیس اور دورانیہ

خالد انسٹی ٹیوٹ آف اکلٹ سائنسز لاہور کے تحت اس وقت جو انفرادی اور خصوصی کورس کروائے جا رہے ہیں۔ ذیل میں ان کے نام درج ہیں۔ آج ہی اپنی پسند کے کسی بھی ایک کورس میں داخلہ لے سکتے ہیں۔ ان کی فیس اور دوسری معلومات کے لیے جوابی خط ارسال کریں۔

کورس نجوم	
	کورس پامسٹری
کورس اعداد	
	کورس ساعات
کورس عملیات	
	کورس جفر
خصوصی کورس (دو سالہ)	
	خصوصی کورس (ایک سالہ)

ادارہ ہذا میں داخلہ لینے والے طلباء کے لیے دوران کورس خصوصی سہولتوں اور عملی راہنمائی کا انتظام بھی کیا گیا ہے۔ جس کی تفصیل الگ سے جوابی لفافہ ارسال کر کے طلب کی جا سکتی ہے۔

لوح دست غیب	مالی آسودگی ادائیگی قرض کاروبار میں برکت نوکری میں ترقی۔
لوح آیت الکرسی	بچے اور زچہ کی حفاظت برائے تحفظ سحر جادو گھر و افراد خانہ کی حفاظت۔
زچگی امراض خواتین	بچوں کی پیدائش کے مسائل و امراض یا اس سلسلے میں سحری و روحانی خصوصی نسوانی امراض کے حل کے لیے مجرب۔
لوح خوش قسمتی	خاص کوکبی حالتوں یعنی کواکب کی سعد نظرات، شرف، اوج اور بعض خاص یوگ بننے کے اوقات میں لوح خوش قسمتی تیار کی جاتی ہے۔
طلسم تسخیر وحاجت	یہ ایک خاص روحانی و عملیاتی طریقہ کار کے تحت تیار کی جاتا ہے۔ آپ بھی رزق، دولت، شادی، تسخیر مطلوب، تسخیر خلق، حصول عہدہ، انعامی بانڈ، تسخیر دشمن، حصول اولاد، صحت، جادو وسحر سے حفاظت، حفظ وامان یا کسی بھی مطلب کے لیے یہ خصوصی عمل تیار کروا سکتے ہیں۔
لوح اسم اعظم	ہر فرد اپنے مقصد اور نام کی مناسبت سے اپنے ذہنی روحانی مالی مادی ہر قسم کے مسائل کے حل کے لیے لوح اسم اعظم تیار کروا سکتا ہے۔
طلسم صحت	لوح تیار کرتے ہوئے خاص کوکبی اوقات اور ستاروں کی پوزیشن کے مدنظر جاتا ہے۔ یہ لوح فرد کو بیماری سے نجات اور صحت دلانے کی غیر معمولی برقی ومقناطیسی طاقت کی حامل ہے۔
لوح تحفظ (لاکٹ)	دشمن سے حفاظت صحت سحری و آسیبی امراض سے بچاؤ تحفظ اور قوت جسمانی۔
لوح مریخ	مقابلے میں کامیابی مردانہ طاقت صحت جسمانی بہتری۔
لوح شمس	عزت وقار شہرت کامیابی عروج حصول عہدہ اعلی پوزیشن کامیابی نوکری میں ترقی اولاد نرینہ۔
لوح زہرہ	عوام وخواتین میں مقبولیت تسخیر محبوب رجوع خلقت شادی حسن خوبصورتی اور کشش پیدا کرنے کے لیے۔
لوح عطارد	برائے علم وعقل اور حافظے میں اضافہ رزق کاروبار اور تجارت میں ترقی فصاحت وبلاغت دماغی امراض سے بچاؤ امتحان میں کامیابی۔
لوح مشتری	دولت استحکام خوش حالی تجارت میں اضافہ ترقی حصول جائیداد انعامی بانڈ لاٹری خاتمہ غربت۔
طلسم مشتری (سکہ)	شرف مشتری کے وقت یہ سکہ بنایا گیا۔ اس کو آپ تجوری یا روپے رکھنے کی جگہ پر رکھ دیں۔
طلسم صحت	مختلف امراض کا خاتمہ حصول صحت وغیرہ۔
لوح زحل	برائے ہمیشگی عظمت بزرگی عمارتوں گھروں عہدوں اور مرتبے کے استحکام (مثل بادشاہ وزیر وافسران اعلی سیاست دان ڈاکٹر نجومی)۔

لوح راس	دولت' امارت' شہرت' کامیابی' میڈیا وار میں کامیابی' عاملین' نجومی' جفار اور پیروں کے لیے خاص طور پر مفید۔
لوح قمر	شرف قمر اور اوج قمر کے وقت ہر ماہ یہ لوح تیار کی جاتی ہے۔ کسی بھی مقصد کے لیے تیار کی جا سکتی ہے۔
خاتم سلیمان	۱۴۴ امور جن کا ذکر ہماری کتاب طلسمات زہرہ میں کیا گیا ہے۔
لوح استخارہ	کسی بھی کام کے لیے استخارہ کرنے کے لیے مفید لوح۔ چاندی پر ۱۰۰ روپے
انگوٹھی طلسم	ہر کوکب کی ایک خاص طلسمی شکل ہے۔ اس ہی شکل کے تحت ہر کوکب کی انگوٹھی الگ الگ بنائی گئی ہے۔
انگوٹھی عدد۹	عدد 9 کی انگوٹھی اپنی متفرق فوائد کی وجہ سے بہت زیادہ استعمال ہوتی ہے
انگوٹھی	مختلف مقاصد کے لیے ...... کاروبار اور تجارت میں اضافے، رزق میں برکت، حصول روزگار، حصول اولاد، تسخیر و رجوع خلقت، شادی، محبت، صحت، خصوصی امراض، ردسحر، جادو، مقدمے میں کامیابی وغیرہ کے لئے۔
انگوٹھی مریخ	صحت' توانائی' جسمانی' حیوانی' جنسی قوت اور رد سحر کے لیے۔

گھر بیٹھے راہنمائے عملیات ہر ماہ حاصل کریں

راہنمائے عملیات کے سالانہ خریدار بن کر آپ کئی فوائد حاصل کر سکتے ہیں۔ ☆ ہر ماہ گھر بیٹھے پرچہ (راہنمائے عملیات) آپ کو بذریعہ ڈاک ملے گا۔ ☆ ادارے کی شائع کردہ کتب و جنتری پر سالانہ خریداروں کو 15 فی صد رعایت۔ ☆ تمام اقسام کے زائچہ جات پر سالانہ خریداروں کو ۱۰ فی صد رعایت دی جائے گی۔ **طریقہ کار** ☆ سالانہ خریدار بننے کے لیے عام ڈاک سے زر سالانہ ۳۰۰ روپے اور رجسٹرڈ ڈاک سے زر سالانہ 550 روپے ہوگا۔

مفت

متعلقہ سال کی خالد روحانی جنتری تمام سالانہ خریداروں کو مفت فراہم کی جائے گی

کسی بھی کتاب یا خدمت کے لیے وہی قیمت وصول کی جائے جو اس کے طلب کرنے کے وقت ہوگی

زائچہ جات

زائچہ پیدائش	یہ زائچہ خالد روحانی جنتری یا راہنمائے عملیات کا کوپن ارسال کر کے مفت بنوایا جا سکتا ہے۔ [یونانی حساب]
حالات زندگی	زندگی کے 18 اہم امور پر یہ نجومی رپورٹ کمپیوٹر سے اردو میں تیار کی جاتی ہے۔ اس میں یہ 18 امور زیر بحث آئیں گے۔ مزاج و کردار، زندگی میں خوشیاں اور تکمیل خواہشات، محبت اور رومانس، مشاغل، صحت، مالی حالت، طریق زندگی، کیریئر، روزگار، موزوں پتھر، موزوں دھات، موزوں دن، موزوں رنگ، آپ کا برج، آپ کا ستارہ، آپ کا عدد، اسم الٰہی برائے ذکر، زائچہ پیدائش۔ [یہ زائچہ آپ پسند کے مطابق یونانی یا ہندی حساب سے بنوا سکتے ہیں]
حالات زندگی	اس میں زندگی کے 9 امور زیر بحث آئیں گے۔ مزاج و کردار۔ زندگی میں خوشیاں اور تکمیل خواہشات۔ محبت اور رومانس۔ مشاغل۔ صحت۔ مالی حالت۔ طریق زندگی۔ کیریئر۔ روزگار۔ یہ رپورٹ انگلش میں کمپیوٹر سے تیار ہوگی۔ [یہ زائچہ آپ پسند کے مطابق یونانی یا ہندی حساب سے بنوا سکتے ہیں]
عددی رپورٹ	یہ عددی زائچہ/رپورٹ تقریباً 10 صفحات پر مشتمل ہے اور اس میں یہ امور زیر بحث آئیں گے۔ نام کا نمبر، عمومی خصوصیات، مزاج، کردار، روزگار وغیرہ، خوش قسمت پیشے، خوش قسمت رنگ، خوش قسمت پتھر، خوش قسمت دن، خوش قسمت تاریخیں، اہم سال، تاریخ پیدائش کا مفرد عدد اور اس کی خصوصیات، تاریخ/دن پیدائش کے عدد کے اثرات، نام کا مفرد عدد اور اس کے اثرات، دولت کا عدد اور اس کے اثرات، نام اور تاریخ پیدائش کا مرکب عدد اور اس کی خصوصیات، نام کا پہلا حرف اور اس کے اثرات، نام کے کل حروف کی تعداد اور اس کی خصوصی اثرات، ذات کا عدد اور اس کے اجتماعی اثرات۔ یہ رپورٹ انگلش میں کمپیوٹر سے تیار کردہ ہے۔
وقتی زائچہ (بمعہ پیشن گوئی)	زائچہ شادی/ زائچہ کاروبار/ زائچہ اولاد/ زائچہ صحت/ زائچہ سحر وغیرہ...... مستقبل کے حوالے سے کسی خاص معاملے یا امر کا ہر پہلو سے جائزہ لینے کے لیے زائچہ سوال بنایا جاتا ہے۔ اس معاملے سے متعلق تمام سوالوں کے جواب اس زائچے سے دیئے جائیں گے۔ [یونانی حساب]
خوش قسمتی کا پتھر	خوش قسمتی کا پتھر کون سا ہے؟ کس پتھر کا استعمال آپ کے لیے موزوں ہے؟ حصول صحت، رد سحر اور دیگر مسائل کے حل کے لیے موزوں پتھر کا انتخاب۔ [یونانی حساب]
بچے کا نام	علم نجوم کی روشنی میں بچے کا نام استخراج کروا کر آپ اپنے بچے کو کواکب کے نحس اثرات سے محفوظ اور سعد اثرات کے تحت کر سکتے ہیں۔ [یونانی حساب]
سالانہ زائچہ (بمعہ پیشن گوئی)	کسی بھی سال کے حالات جاننے کے لیے آپ سالانہ زائچہ بنوا سکتے ہیں۔ ہر ماہ کے حالات الگ الگ تحریر ہوں گے۔ [یونانی حساب]

بائیوردم رپورٹ	بائیوردم ایک جدید تحقیق ہے۔اس کے مطابق بوقت پیدائش سے انسان جسمانی ٗ ذہنی اور جذباتی پہلوؤں سے ایک خاص حیاتیاتی ارتعاش سے گزرنا شروع ہو جاتا ہے۔کون سا حیاتیاتی دور کون سے کاموں ٗ امور اور زندگی کی پہلوؤں سے تعلق رکھتا ہے اس بارے میں تفصیل اور طریقہ کار آپکو روزانہ بائیوردم رپورٹ کے ساتھ ملے گا۔ برائے ایک سال [جاپانی حساب]
70سالہ دشا	اس رپورٹ میں صرف دور اکبر ٗ دور اصغر اور دور صغیر کا بیان ہوگا۔ [یونانی یا ہندی حساب]
70سالہ دشا	اس میں صرف دور اکبر ٗ دور اصغر ٗ دور صغیر اور صغیر الاصغر کا بیان ہوگا۔ [یونانی یا ہندی حساب]

بلا معاوضہ

خالد اسحٰق راٹھور کی کتب کی نئی فہرست ٗ نقوش ٗ عملیات اور زائچہ جات وغیرہ کی تازہ ترین تفصیل معلوم کرنے کے لیے خود ملیں یا خط لکھیں۔آپ کو یہ معلومات بلا معاوضہ فراہم کی جائیں گی۔

راٹھور پبلشرز کے تحت شائع ہونے والی کتب

راہنمائے عملیات (ماھانہ) 25 روپے
خالد روحانی جنتری 2004 80 روپے
مستصلہ قادر الکلام 50 روپے
علم الحروف 100 روپے
روحانی مشورے (تیسرا ایڈیشن) 60 روپے
خزینہ اعداد (ترمیم شدہ) 50 روپے
ساعات حقیقی 90 روپے
بانڈز ریس اور لاٹری کے نمبر (ترمیم شدہ) 100 روپے
اسباق دست شناسی 60 روپے
10 سالہ جنتری 115 روپے
راہنمائے تل شناسی 40 روپے
راہنمائے عملیات 80 روپے
السحر العجیب فی جلب الحبیب 80 روپے
السحر الاحمر 50 روپے
الاقوال مرضیہ فی معرفۃ الاعمال لوملیہ 40 روپے
سحر بار نوخ 50 روپے
راہنمائے علم نجوم 80 روپے
طلسمات زہرہ 60 روپے
مجربات خالد 55 روپے
ہندی نجوم 110 روپے
تسخیر موکلات وحاضرات 60 روپے
مفتاح الرموز واسرار الکنوز 80 روپے
پرانے پرچے (فی سال) 350 روپے

یہ کتب زیر اشاعت ہیں

☆اصول وقواعد عملیات
☆الاسماء الحسنیٰ
☆عملیات قرآن
☆مراقبہ کیسے کریں
☆راہنمائے دست شناسی
☆احکامات علم نجوم (عربی کتاب)
☆پاراشرا سسٹم آف اسٹرالوجی
☆راہنمائے دست شناسی
☆آسان عملیات

بذریعہ ڈاک کتب منگوانے والے کتب کی کل قیمت کے ہمراہ 25 روپے ڈاک خرچ بھی ارسال کریں...... 500 روپے کی کتب اکٹھی منگوانے پر ڈاک خرچ معاف

V.P. ارسال نہیں کی جاتی

رقم بذریعہ منی آڈر ارسال کریں۔

میرا اس دنیا سے تعارف 24 جولائی 1960 کو ہوا۔

1975 میں تعلیم کی سلسلے میں مجھے تربیلہ ڈیم سے آبائی شہر لاہور منتقل ہونا پڑا۔ کالج ہوسٹل میں قیام کے دوران ہپناٹزم سے متعارف ہوا۔ یہ تعارف علوم مخفی سے تعلق کا باعث بنا جو آئندہ دنوں میں میری روح اور جسم کا حصہ بن گیا۔

اس سفر کے دوران جو کچھ بیتی اس کے بیان کے لیے ایک علیحدہ کتاب کی ضرورت ہوگی۔ مختصراً 85-1984 میں مختلف رسائل میں باقاعدہ طور پر لکھنا شروع کیا۔ 1991ء میں علوم مخفی کی ترویج و اشاعت کے لیے ''خالد انسٹی ٹیوٹ آف اکلٹ سائنسز'' کی بنیاد رکھی اور اس کے لیے نجوم' پامسٹری' اعداد' جفر' ساعات اور عملیات پر باقاعدہ اسباق تحریر کیے۔

1994 میں کمپیوٹر کے ذریعے زائچہ سازی وغیرہ کا پروگرام پاکستان میں سب سے پہلے بنایا۔ اور اب تک کمپیوٹر کے کئی مختلف پروگرام تیار کیے جا چکے ہیں۔

مارچ 1998 میں ماہنامہ ''راہنمائے عملیات'' کا اجراء کیا۔ اس سال کے آخر میں ''خالد روحانی جنتری'' کا اجراء کیا۔

1993 میں پہلی کتاب شائع ہوئی اور اب تک نجوم' پامسٹری' اعداد' جفر' ساعات' عملیات' حروف اور دیگر موضوعات پر کئی ایک کتب شائع ہو چکی ہیں اور کئی ایک زیر اشاعت ہیں۔

علوم مخفی پر کتب تحریر کرنے کے ساتھ علوم مخفی پر قدیم فارسی اور عربی کتب کو بھی بعد از ترجمہ شائع کیا۔ ہنوز یہ سلسلہ جاری ہے۔ الحمد اللہ۔

خالد اسحاق راٹھور

ایم اے ہسٹری

ایڈیٹر: راہنمائے عملیات (ماہنامہ)

ایڈیٹر: خالد روحانی جنتری

پرنسپل: خالد انسٹی ٹیوٹ آف اکلٹ سائنسز

آسٹرو کمپیوٹر پروگرامر

ISBN 969-536-087-2